

تذکرہ

نکات الشعراء

مصنفہ

میر تقی میر

مرتبہ

ڈاکٹر محمود الٰہی

صدر شعبۂ اردو

گورکھپور یونیورسٹی



اُترپردیش اُردو اکادمی، لکھنؤ

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

Marfat.com

سلسلۂ مطبوعات: ۱۶۵

تذکرۂ

نکات الشعراء

مُصنّفہ

میر تقی میر



مُرتّبہ

ڈاکٹر محمود الٰہی

صدر شعبۂ اردو، گورکھپور یونیورسٹی

اتر پردیش اُردو اکادمی، لکھنؤ

Marfat.com

© اتر پردیش اردو اکادمی

نکات الشعراء

میر تقی میرؔ

مرتبہ

ڈاکٹر محمود الٰہی

پہلا اکادمی ایڈیشن: ۱۹۸۴

تعداد: ۱۰۰۰

قیمت: ۸/- روپے

ستیش چندر سریواستو، سکریٹری اتر پردیش اردو اکادمی نے میسرس ایسوسی ایٹڈ جرنلس لمیٹیڈ پریس، بشیشر ناتھ روڈ، لکھنؤ میں چھپوا کر دفتر اکادمی بلہرہ ہاؤس، قیصر باغ، لکھنؤ سے شائع کی۔

Marfat.com

پیش لفظ

کسی زبان میں شائع ہونے والی کتابوں کے موضوعات میں تنوع اس زبان کے فعال اور اس کے ارتقائی عمل کے جاری و ساری ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ زندہ زبان کی ایک بڑی پہچان یہ ہے کہ اس کی کتابیں عہد جدید کے تقاضوں کو پورا کرتی ہوں اور قارئین کو ہمہ جہتی معلومات بہم پہنچاتی ہوں۔

دنیا کی دوسری جدید ترقی یافتہ زبانوں کی طرح اردو میں بھی ادبی، سماجی، سائنسی علوم وغیرہ پر کتابیں ملتی ہیں۔ بعض جدید ترین علوم کے اظہار و ابلاغ کے لیے اس کے پاس ابھی وافر ذخیرہ الفاظ نہیں ہے مگر برصغیر کے مختلف اداروں میں اصطلاحات سازی کا کام منصوبہ بند طریقے پر چل رہا ہے اور امید ہے کہ یہ کمی جلد پوری ہو جائے گی۔

اپنے محدود بجٹ اور طباعت وغیرہ کے لیے مقامی طور پر مہیا ناکافی وسائل کے باوجود اتر پردیش اردو اکادمی سال بہ سال جو کتابیں شائع کر رہی ہے ان کو کیفیت اور کمیت دونوں اعتبار سے قابلِ لحاظ کہا جا سکتا ہے۔ ان کی قیمتیں بھی بازار کی بہ نسبت کافی کم رکھی جا رہی ہیں۔ بچوں میں مطالعے کا شوق پیدا کرنے کے لیے ان کی دلچسپی کی کتابوں، یونیورسٹی سطح کی نصابی اور حوالے کی کتابوں، تراجم، شعری اور نثری انتخابات اور جد و جہد آزادی سے متعلق ادبی سرمائے کی اشاعت اکادمی کے زیر اہتمام

Marfat.com

چل رہی ہے۔

اس کے علاوہ اکادمی کا ایک انتہائی اہم کام، جس کی طرف بالعموم کم توجہ کی جارہی تھی، قدیم ادبی شہ پاروں کی بازآوری اور دوبارہ اشاعت ہے تاکہ ان بنیادی مآخذ تک، جن پر تحقیق و تنقید کا دارومدار ہے، اردو والوں کی رسائی آسان ہوجائے۔

اشاعت کتب کا یہ سلسلہ لاتناہی ہے اور برابر جاری رہے گا۔ زیرنظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اور امید ہے کہ اکادمی کی دوسری مطبوعات کی طرح اس کتاب کو بھی پسند کیا جائے گا۔

محمّد رضا انصاری
چیرمین

اتر پردیش اردو اکادمی،
لکھنؤ

Marfat.com

ترتیب

مقدمہ مرتب ۹

مقدمہ مصنف ۲۳

تراجم شعراء ۲۴

خاتمہ ۱۶۳

ترقیمہ ۱۶۴

Marfat.com

فہرست شعراء

آبرو، نجم الدین (عرف میاں برک شاہ) ۳۰
احسن اللہ ۴۴
احمد گجراتی ۹۹
آرزو، سراج الدین علی خاں ۲۵
آزاد ۹۵
اشتیاق، شاہ ولی اللہ ... ۲۸
اشرف ۱۰۳
اُمید، قزلباش خاں ... ۲۸
انسان، اسد یار خاں ... ۱۲۴
بسمل ۱۴۴
بہار، لالہ ٹیک چند ۱۳۰
بہبد، میر سہراں سید نوازش خاں ۱۰۶
بیتاب، محمد اسمٰعیل ۸۲
بیچارہ ۱۰۵
بیدار، محمد علی (میر محمدی) ۱۲۶
بیدل، مرزا عبدالقادر ... ۲۴
بیرنگ، دلاور خاں ... ۱۴۶
بے نوا ۴۵
پاکباز، میاں صلاح الدین ... ۸۱
پیام، شرف الدین ... ۴۳
تاباں، میر عبدالحی ۱۰۹
تجرد، میر عبداللہ ۱۰۷
تمکین، میاں صلاح الدین ۱۳۴
ثاقب، میاں شہاب الدین ۸۹
جعفر ۱۰۴
جعفر زٹلی ۴۶
جگن ۱۳۴
حاتم، شیخ محمد حاتم ... ۷۷
حزیں، میر محمد باقر ۱۰۸
حسن، میر حسن ۱۳۲
حسن ۱۰۶
حسیب ۱۰۶
حشمت، محمد علی ۱۰۹
حشمت، میر محتشم علی خاں ۷۴

Marfat.com

خاکسار، محمد یار ... ۱۱۴
خسرو، امیر خسرو ... ۲۴
خوشنود ... ۱۰۴
دانا، فضل علی ... ۱۴۳
داؤد، مرزا داؤد ... ۱۰۶
درد، خواجہ میر ... ۶۰
درد، کرم اللہ ... ۷۵
دردمند، محمد فقیہ ... ۱۱۶
راقم، بندرابن ... ۱۳۸
رسوا ... ۱۱۹
زکی، جعفر علی خاں ... ۱۳۳
سالک ... ۱۰۱
سجاد، میر سجاد ... ۶۶
سراج ... ۹۵
سعادت، سعادت علی ۴۴
سعدی ... ۱۰۵
سلام، نجم الدین ... ۱۲۹
سودا ... ۴۸
شاغل ... ۱۴۶
شعوری ... ۱۰۰
شوق، میاں حسن علی ۱۱۷
صبائی ... ۱۰۱
ضیا، میاں ضیاء الدین ... ۱۳۷
ضیا، مرزا عطا بیگ ۹۹
عاجز، عارف علی خاں ۹۷
عاجز ۱۴۲
عارف، محمد عارف ۱۲۵
عاصمی، خواجہ برہان الدین ۱۱۷
عبدالبر ... ۱۰۴
عبدالرحیم ... ۱۰۴
عزلت، سید عبدالولی ۹۳
عزیز اللہ ... ۱۰۵
عشاق ... ۱۴۳
عطا ... ۴۶
غریب، محمد امان (نثار محمد زماں) ۱۳۴
غواصی ... ۱۰۳
فخری ... ۱۰۲
فضلی ... ۱۰۰
فغاں، اشرف علی خاں ۵، ۷
قاسم، مرزا ... ۱۰۰
قائم، محمد قائم ... ۱۲۰
قدر ... ۱۴۱

Marfat.com

قدرت، قدرت اللہ ۱۴۷
کافر، میر علی نقی ۱۴۱
کلیم، محمد حسین ۵۵
کمترین ۱۴۰
گرامی، مرزا ۲۹
لطفی ۱۰۲
محسن، محمد محسن .. ۱۳۵
محمود ۱۰۱
مخلص، رائے آنند رام ۲۹
مضمون، شرف الدین ۳۴
مظہر، مرزا جان جاں ۲۶
معز، فطرت، موسوی ۳۶
ملک ۱۰۲
موزوں، خواجہ قلی خاں ۱۰۷
میر گھاسی ۱۴۳
میر، (میر سوز) ۱۴۴
میر، میر محمد تقی ۱۴۷
ناجی، محمد شاکر ۴۰
نثار، عبدالرسول .. ۱۳۱
ولی ۹۱
ہاتفی ۱۰۳
ہاشم ۱۴۳
ہدایت، ہدایت اللہ .. ۱۲۵
یکدل، میر عزت اللہ ۱۴۷
یکرنگ، مصطفےٰ خاں ۳۶
یکرو ۸۱
یقین، انعام اللہ خاں ۸۲
یونس، حکیم یونس ۱۰۷

Marfat.com

مقدمۂ مُرتّب

شعرائے اُردو کے ان دستیاب تذکروں میں جو شمالی ہند میں لکھے گئے ہیں، نکات الشعرا، تذکرہ ریختہ گویاں اور مخزن نکات کو قدامت کے لحاظ سے اوّلیت حاصل ہے۔ جہاں تک مخزن نکات کا سوال ہے، اس میں ایسے واضح اشارے موجود ہیں جن سے متیقن ہوتا ہے کہ یہ ۱۱۶۸ھ سے پہلے پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچا۔ نکات الشعرا، اور تذکرہ ریختہ گویاں میں تقدم زمانی کسے حاصل ہے۔ موجودہ مواد کی روشنی میں اس سلسلے میں کوئی حتمی بات نہیں کہی جاسکتی۔ تذکرہ ریختہ گویاں میں ترقیمہ موجود ہے جس پر اعتماد کرتے ہوئے یہ کہنا چاہیئے کہ یہ پانچ محرم الحرام ۱۱۶۶ھ کو مکمل ہوگیا تھا، نکات الشعرا میں نہ تو ترقیمہ ہے اور نہ کوئی دوسری داخلی شہادت جو اس کے زمانۂ تکمیل کی نشاندہی کرسکے۔ ہم زیادہ سے زیادہ اتنا کہہ سکتے ہیں کہ ۱۱۶۵ھ میں یہ تذکرہ زیرِ تسوید تھا اور اگر بعض اہم قرائن کے پیشِ نظر ہم ۱۱۶۵ھ کو اس کا نقطۂ تکمیل تسلیم کرلیں تو یہ حقیقت بھی سامنے آئے گی کہ نکات الشعرا کو تذکرہ ریختہ گویاں پر جو تقدم زمانی حاصل ہے وہ چند یوم یا چند ماہ سے زیادہ نہیں۔ نکات الشعرا ۱۱۶۵ھ میں زیرِ تسوید تھا اور تذکرہ ریختہ گویاں اس وقت مکمل ہوا۔ جب ۱۱۶۵ھ کو گزرے ہوئے صرف چار دن ہوئے تھے، ان دونوں تذکروں کے ضمن میں تقدم زمانی کی بحث کو زیادہ اہمیت نہیں دینی چاہیئے۔ اہمیت ہے اس طرزِ فکر کی جس کے عمل اور ردِ عمل کے یہ دونوں

Marfat.com

تذکرے مظاہر ہیں !!

گردیزی نے بڑے معصوم اور نیاز مندانہ انداز میں اپنی تذکرہ نگاری کے محرکات سے دیباچے میں بحث کی ہے۔ ان کی نظر سے بعض تذکرے گزرے تھے جن میں معاصرین کے ساتھ ستم ظریفی روا رکھی گئی تھی اور ہم سروں کی نکتہ چینی کی گئی تھی۔ اس کے علاوہ اچھے شاعروں کو ان میں جگہ نہیں ملی تھی انھیں ایک ایسا تذکرہ لکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی جو انصاف پر مبنی ہو۔ میر نے بھی نکات الشعراء کے سبب تالیف پر روشنی ڈالی ہے لیکن انھوں نے ذہانت سے کام لیا اور کہا کہ وہ تذکرہ اس لئے لکھ رہے ہیں کہ صفحۂ روزگار پر ریختہ گویوں کا نام اور کام باقی رہے۔ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ ان کا تذکرہ کسی اور جذبے کی غمازی کر رہا ہے —— وہی جذبہ جس پر گردیزی میں بھی نظر آتے ہیں۔

میر نے جس زمانے میں دہلی کو اپنا وطن ثانی بنایا۔ وہاں کے شعراء ذہنی طور پر دو الگ الگ حلقوں میں تقسیم ہو رہے تھے۔ ایک حلقہ خان آرزو کے تلامذہ پر مشتمل تھا اور دوسرے حلقے میں وہ لوگ شامل تھے جو یا تو مرزا مظہر جانِ جاں کے شاگرد تھے یا ان کے معتقد۔ مرزا مظہر کو ایک روحانی پیشوا کی حیثیت سے جو مقام حاصل تھا، اس کا علم سب کو ہے۔ اس حلقے میں شعر گوئی کا کیا معیار تھا، یہ الگ بات ہے۔ کہنا صرف یہ ہے کہ اس حلقے کو حسنِ قبول حاصل کرنے کے لئے مرزا مظہر کی نسبت ہی کافی تھی۔ ایسے قرائن نہیں ملتے جن سے ہم یہ شبہ بھی کر سکیں کہ یہ حلقہ میر کی حوصلہ افزائی کرتا تھا۔ اس کے برعکس، اس حقیقت کے جگہ جگہ اشارے ملتے ہیں کہ میر اور حلقۂ مظہر ایک دوسرے سے کشاں کشاں رہے۔ میر جنھیں اپنے تئیں شعر گوئی کا عرفان اور اپنے حسنِ فکر کا بجا طور پر ناز تھا، اسے کیونکر [illegible] جانِ جاں

Marfat.com

جیسے کسی بزرگ کی پشت پناہی تو حاصل نہیں تھی لیکن خان آرزو کی "قرابت قریبہ" بھی کمتر درجہ کی چیز نہیں تھی۔ خان آرزو کا شمار عمائدین میں ہوتا تھا ان کے بارے میں خود میر کا یہ خیال تھا کہ "ہمہ اُستادان مضبوط فن ریختہ شاگرد آں بزرگوار ند"۔ میر نے اپنا رشتہ خان آرزو کے حلقۂ تلامذہ سے جوڑا۔ وہ اپنے گھر شعر گوئی کی مجلسیں منعقد کرنے لگے اور رفتہ رفتہ اس حلقے کے سربراہ بھی ہو گئے۔ نہ صرف مرافعہ کی مجلسوں میں بلکہ نجی کی ملاقاتوں میں بھی معاصرین کے افکار پر نکتہ چینی کی جاتی تھی ——— اور یہی نکتہ چینی ان دونوں تذکروں کو وجود میں لانے کا سبب بنی۔

یہ دونوں تذکرے معاصرانہ چشمک کے مظاہر ہیں اور ایک کا مطالعہ دوسرے کے مطالعے کے بغیر نامکمل رہے گا۔ ان دونوں کو صدائے احتجاج کی حیثیت حاصل ہے۔ میر نے نکات الشعراء کے ذریعہ انعام اللہ خاں یقین اور مرزا مظہر جانِ جاں کے دوسرے تلامذہ کو ان کی حیثیت سے بلند مقام دیے جانے پر احتجاج کیا ہے، اور گردیزی نے تذکرۂ ریختہ گویاں میں حلقۂ میر کی پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں کے ازالے کی کوشش کی ہے۔ ہمعصروں پر اظہار رائے کرنا یوں بھی بڑا نازک کام ہے اور جب اظہار رائے میں معاصرانہ چشمک کا عمل دخل ہو تو اس میں عدم توازن کا راہ پا جانا ناگزیر سا ہو جاتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ نکات الشعراء اور تذکرۂ ریختہ گویاں دونوں میں اعتدال و توازن کی کمی ملتی ہے۔ فرق اتنا ہے کہ میر کا موقف بڑی حد تک صحیح تھا اس لئے عدم توازن کے باوصف ان کے تذکرے میں ایک وقار ملتا ہے۔ گردیزی کا احتجاج انفعالی آشنا ہے اور یہ اپنی شکست کی آواز معلوم ہوتا ہے۔ وہ شاعری کی بساط پر جن مہروں کی مدد سے یہ کائنات دینا چاہتے تھے وہ درماندہ و پا شکستہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ گردیزی کے تذکرے کی قدر و قیمت کم سے کمتر ہوتی گئی اور میر کا نکات الشعراء زیادہ سے زیادہ اہمیت حاصل کرتا گیا

Marfat.com

اس اجمال کی تفصیل کہ یہ تذکرے معاصرانہ چشمک کا نتیجہ ہیں، یہ ہے میر نے صرف یہی نہیں کیا کہ آسن اللہ بیان، خواجہ محمد ظاہر خاں ظاہر، شیو سنگھ ظہور، سیتا رام عمدہ اور سلسلۂ مظہر جان جاں کے بعض دوسرے شعراء کا ذکر نہیں کیا بلکہ انعام اللہ خاں یقین، میر محمد باقر حزیں اور محمد فقیہ دردمند کے ساتھ جو مظہر جان جاں کے ارشد تلامذہ میں تھے اور جن کی شاعرانہ حیثیت مسلّم ہو چکی تھی، انصاف نہیں کیا۔ اس زمانے میں مظہر جان جاں شاعری ترک کر چکے تھے اور ان کے حلقۂ تلامذہ کی قیادت انعام اللہ خاں یقین کے حصے میں آ چکی تھی۔ میر نے سخت ترین حملہ یقین ہی پر کیا کہ میر کارواں کو زیر کرنا سب سے بڑی جیت ہوا کرتی ہے۔ میر نے چن چن کر اس حلقے کے شعراء کو ہدف طعن و تشنیع بنایا۔ خاکسار جو براہ راست جان جاں کے شاگرد نہیں تھے لیکن ان کے معتقدوں میں تھے، ان کے ذکر میں بڑے لطیف پیرایے سے مظہر جان جاں کا نام شامل کر دیا گیا ہے تاکہ لوگ یہ سمجھ لیں کہ مظہر جان جاں کی تقلید خاکسار جیسے لوگ کرتے ہیں! اسی طرح قدرت اللہ قدرت کے ترجمے میں "عاجز از سخن است" کا جملہ لکھ دیا گیا۔ مصطفےٰ خاں یک رنگ جو تذکرے کی تسوید کے وقت زندہ نہیں تھے، میر نے ان کو بھی نہیں چھوڑا۔ چونکہ ان کا تعلق مظہر جان جاں سے رہ چکا تھا اس لیے ان کے بعض اشعار کی اصلاح کر دی۔ جب یک رنگ مورد عتاب ٹھہرے تو ان کے شاگرد کیوں بخشے جاتے، میر صلاح الدین عرف مکھن پاکباز کے ترجمے میں "مزاجش خالی از وحشت نیست" کا جملہ بھی جگہ پا گیا ہے۔

نکات الشعراء میں میر نے ان شعراء کو بھی اچھے الفاظ سے یاد نہیں کیا جن سے بوجوہ وہ خوش نہیں تھے۔ محمد علی تشنہ کے ترجمے میں "اشعار پا بیا می گفت کہ ہیچ دارد" جیسے جملے ملتے ہیں کیونکہ یہ اکثر ایسے شاعروں پر بیجا اعتراضات کیا کرتے تھے۔ کمترین سے ان کی نہیں بنتی تھی (کمترین نے میر کی ہجو بھی لکھی ہے)

Marfat.com

اس لئے ان کے ترجمے میں یہ جملہ لکھا گیا" بندہ شعر معقول او نہ شنیدہ ام"۔ عاجز اپنے اُستاد کمسرین کی وجہ سے ہدفِ ملامت بنتے ہیں۔

میر نے جن شعراء کی تعریف کی ہے یا جن کے ساتھ ہمدردانہ رویہ اختیار کیا ہے، انھیں مندرجہ ذیل گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:۔

(الف) خان آرزو کے تلامذہ

(ب) میر کے اعزا اور تلامذہ

(ج) میر پر جن کے احسانات تھے

(د) جن سے میر کے ذاتی روابط تھے اور جو میر کے مدلل تھے۔

ٹیک چند بہار اور حسن علی شوق خان آرزو کے سامنے زانوے تلمذ تہہ کر چکے تھے اس لیے ان کی تعریف کی گئی۔ محمد حسین کلیم اور محمد محسن محسن میر کے قریبی رشتہ داروں میں تھے اور عبدالرسول نثار اور میاں جگن ان کے تلامذہ میں تھے اس لئے ان کے ساتھ اچھا رویہ اختیار کیا گیا۔ ہاں بندر ابن راقم ان کی شاگردی سے مشکل گئے تھے اس لئے بڑے اچھے انداز میں ان پر سرقے کا الزام عائد کیا گیا اور انھیں نوشق کہا گیا۔ میر درد کے حلقے میں ان کے شاندار مستقبل کی بشارت دی گئی، اس لیے ان کی تعریف کی گئی۔ اسی بنیاد پر درد کے شاگرد ہدایت اللہ ہدایت کو تعریفی کلمات کے مستحق قرار پائے۔

اسد یار خاں انسان، سعادت علی سعادت، شرف الدین پیام، اور نجم الدین سلام میر کے محسنوں میں تھے، اس لئے ان کو اچھے الفاظ سے یاد کیا گیا۔ کرم اللہ درد، اشرف علی فغاں، میر حسن اور عارف وغیرہ سے ان کے ذاتی مراسم تھے، اس لئے ان کی مدح لازم تھی۔ یہی نہیں، میر گھاسی کے ساتھ بھی ہمدردانہ رویہ روا رکھا گیا ہے کیونکہ خود ان کے الفاظ میں میر گھاسی

Marfat.com

"با من آشنا است"۔

اس تفصیل سے یہ واضح کرنا مقصود نہیں ہے کہ میر نے جن کی مذمت کی ہے وہ لائق تحسین تھے یا جن کی تعریف کی گئی ہے وہ مذمت کے قابل تھے میں صرف یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ اس طرح کی تحسین و تنقیص کا محرک صحیح جذبہ نہیں بلکہ یہ تذکرہ محض معاصرانہ چشمک کی وجہ سے منصۂ شہود پر آیا ورنہ میر کی تنقیدی بصیرت ایسی نہیں تھی کہ وہ میاں جگن اور میر گھاسی کی تعریف کرتے اور مبتدا بن راقم اور قدرت اللہ قدرت کی تنقیص! نکات الشعرا میں شمالی ہند کے صرف چند شعرا ملتے ہیں جن کی میر نے تحسین کی ہے لیکن سبب تحسین واضح طور پر نہیں معلوم ہو سکا یا جن کی تنقیص کی گئی ہے مگر محرک تنقیص کا پتہ نہیں چلتا۔ جب تک تنقیص و تحسین کے واضح اسباب کا علم نہیں ہو جاتا انھیں مستثنیات میں شمار کرنا چاہیئے۔

اسی طرح کی افراط و تفریط گردیزی کے یہاں بھی ملتی ہے مگر ذرا سنجیدہ لہجہ میں۔ چونکہ گردیزی فکر و نظر کے لحاظ سے میر کے عشر عشیر بھی نہیں تھے اس لئے نہ تو ان کی تحسین میں کوئی وقعت ہے اور نہ تنقیص میں کوئی وزن۔ ان کا سارا زور عبارت آرائی میں صرف ہو کر رہ گیا۔ یہی کیا کم ہے کہ وہ مسجع اور مقفیٰ جملوں میں ان شعراء کی تعریف کر لیتے ہیں جنھیں میر نے مورد ملامت بنایا تھا۔ گردیزی کے یہاں اگر کوئی خوبی ہے تو یہی لب و لہجہ کہ عقیدت۔ وہ میر کی طرح جارح اور حملہ آور نہیں، وہ اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کر پاتے کہ میر کے لئے بلند ترین تعریفی جملے استعمال کریں اور ان کا صرف ایک شعر مثال میں پیش کر سکیں یا انعام اللہ یقین کے لئے خوب صورت الفاظ صرف کر کے ان کے کلام کا صرف ایک قطعہ پیش کر لیں۔ دراصل میر نے اپنی پسند اور ناپسند کو جیتی جاگتی صورت میں اور مؤثر طور پر صفحۂ قرطاس پر منتقل کر دیا، گردیزی اپنے دل کی بھڑاس بھی نہیں نکال سکے۔

Marfat.com

—— اور جن کے پاس تخلیقی صلاحیت نہیں ہوتی، ان سے اس سے زیادہ کی توقع بھی نہیں کی جا سکتی!(۱) ——

قرائن یہ بتاتے ہیں کہ نکات الشعرا اور تذکرہ ریختہ گویاں بیک وقت زیر تسوید تھے اور دونوں کے مصنفین کو ایک دوسرے کے مجوزہ مشمولات کا کسی نہ کسی ذریعے سے علم ہوتا رہتا تھا۔ ختم پہلے کس نے کیا، یہی سوال اب تک حل نہیں ہوا لیکن میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ اس سوال کی چنداں اہمیت نہیں۔

میر نے یہ تذکرہ بڑی روا روی میں لکھا۔ ان کے سامنے شعرا کی ترتیب کا کوئی اصول نہیں تھا۔ انھوں نے نہ تو شعرا کی تقسیم طبقات کے لحاظ سے کی اور نہ ان کا ذکر حروف تہجی یا حروف ابجد کی ترتیب سے کیا۔ شعرائے دکن کا ذکر یکایک ایک مختصر سی تمہید کے ساتھ وسط کتاب میں آجاتا ہے اور پھر اس کے بعد کسی تمہید کے بغیر شمالی ہند کے شعرا جگہ پاتے ہیں۔ شعرائے دکن والے حصے کی بات کسی قدر سمجھ میں آجاتی ہے۔ یہ حصہ عبدالولی عزلت کا رہین منت معلوم ہوتا ہے۔ عزلت ۱۱۶۴ھ کے وسط میں دہلی آئے۔ ان کی ملاقات میر سے بھی ہوئی۔ میر نے ان کی بیاض سے بھرپور استفادہ کیا۔(۲) جوں ہی میر کو عزلت کی بیاض ملی ہوگی انھوں نے

---

(۱) یہاں اس حقیقت کا اعادہ بے محل نہ ہوگا کہ صاحب مجموعۂ نغز قدرت اللہ قاسم کا سلسلۂ تلمذ و تتبع (شاعری میں بھی اور مسلک میں بھی) نظیر جانجاں سے ملتا ہے۔ خود گردیزی سے قاسم کا تعلق بڑا گہرا رہا ہے۔ ایسی صورت میں میر کے نکات الشعرا کے سلسلے میں قاسم کے بیانات کی اہمیت ختم ہو جاتی ہے۔ چنانچہ حقیقت سے قریب ہے کہ میر کے خلاف جو غبار گردیزی نکالنا چاہتے تھے وہ قاسم نے نکالا۔

(۲) میر نے سعدی کے ترجمے میں اس کی درست [illegible]

ممکن ہے کہ یہ بات [illegible]

Marfat.com

اس کی مدد سے اپنے تذکرے میں شعرائے دکن کا حصہ شامل کر لیا اور پھر شمالی ہند کے باقی شعراء کا ذکر مکمل کیا۔ میر کی اس روش سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ وہ جلد از جلد اس کام کو جیسے تیسے ختم کر لینا چاہتے تھے۔ ذکر میر میں انھوں نے اپنی جن مصروفیات اور مہمات میں شرکت کی تفصیل فراہم کی ہے۔ اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ زیر بحث زمانے میں انھیں دہلی میں جم کر کام کرنے کا موقع نہیں ملا۔

نکات الشعراء کی خصوصیات پر اہلِ نظر نے بہت کچھ کہا ہے، یہاں ان کا اعادہ تحصیل حاصل ہوگا۔ اس کی سب سے بڑی خصوصیت تو یہی ہے کہ یہ ہمارے ایک ایسے شاعر کے رشحات قلم ہیں جس نے غزل کی تقدیر بدل دی۔ ایسے شاعر کا ایک ایک جملہ بلکہ ایک ایک حرف ہمارے کام آسکتا ہے اور پھر نکات الشعراء میں تو میر کی شخصیت بھرپور طریقے سے جلوہ گر ہوئی ہے اس لئے اس کے مطالعے کی اہمیت کبھی کم نہیں ہوگی۔ یہ دراصل دوسرے شاعروں کا تذکرہ کم اور خود میر کا اپنا تذکرہ زیادہ ہے۔

نکات الشعراء کو اگرچہ قبول عام ملا لیکن اس کے قلمی نسخے تعجب خیز حد تک کمیاب ہیں۔ انجمن نے اسے دو بار شائع کیا۔ پہلی بار ۱۹۲۲ء میں مولوی حبیب الرحمٰن خاں شیروانی کے مقدمے کے ساتھ اور دوسری بار ۱۹۳۵ء میں مولوی عبدالحق کے حواشی اور مقدمے کے ساتھ۔ شیروانی مرحوم کے مقدمے میں اس بات کا کوئی اشارہ نہیں ملتا کہ یہ نسخہ انجمن کو کہاں سے ملا تھا اور اس کی کتابت کب اور کہاں ہوئی تھی۔ مولوی عبدالحق نے اپنے مقدمے میں نسخے کی تفصیل دی ہے لیکن قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں اشاعتوں کا متن ایک ہی خطی نسخے پر مبنی ہے۔ نامکمل اور مبہم عبارتیں بھی دونوں میں [illegible] ہیں۔ ہاں کہیں کہیں ایسے اختلافات ضرور ملتے ہیں جن سے شبہ ہو سکتا ہے کہ دونوں اشاعتوں کا متن دو مختلف خطی نسخوں پر

Marfat.com

مبنی ہے لیکن یہ اختلافات الفاظ کے حذف و اضافہ تک محدود نہیں
سہو کتابت پر بھی محمول کیا جا سکتا ہے۔ یہاں دوسری اشاعت کے چند جملے
نقل کئے جاتے ہیں۔ جن الفاظ پر خط کھینچ دیا گیا ہے۔ وہ نسخۂ شیروانی یعنی
اشاعت اول میں محذوف ہیں :۔

ص ۱ :۔ مسمی بہ نکات الشعرا است

ص ۸ :۔ پسر غنی بیگ

ص ۱۸ :۔ بندہ از احوال او

ص ۵۰ :۔ حسنِ سلوک او عام

اسی طرح نسخۂ شیروانی کے بعض الفاظ اشاعت ثانی میں محذوف ہیں مثلاً
اس کے ص ۴۲ پر "با او یک دو ملاقات کردہ بودم" ہے اور اشاعت ثانی
میں "با او یک ملاقات کردہ ام" ہے۔ اس طرح نسخۂ شیروانی کے ص ۱۴۳ پر
شعر "بشورت من می گوید" ہے اور اشاعت ثانی میں لفظ شعر محذوف ہو گیا ہے۔

کہیں کہیں کئی جملے محذوف ہو گئے ہیں لیکن یہ سارے محذوفات سہو
کتابت کے ذیل میں آجاتے ہیں۔ دونوں اشاعتوں میں ایک ہی مفہوم کی
دو مختلف دو عبارتوں کی مثالیں نہیں ملتیں ورنہ جملوں کی ساخت اور ترتیب کا کوئی
فرق ملتا ہے۔ اس لئے یہ گمان ہوتا ہے کہ دونوں اشاعتیں ایک ہی خطی نسخے پر
مبنی ہیں۔ ہاں اگر دونوں اشاعتیں دو الگ الگ نسخوں پر مبنی ہیں تو اتنی بات یقینی ہے کہ ان میں سے کوئی
منقول عنہ اور دوسرا نقل کی حیثیت حاصل ہے۔ بہر حال اس بات کا انحصار ہے کہ
نکات الشعرا کے خطی نسخوں کی کمی کی وجہ سے اب تک ان عبارتوں کی تصحیح
نہیں ہو سکی جو متداول اشاعتوں میں موجود تھیں (۱)

---

(۱) رضا لائبریری رام پور میں نکات الشعرا کا ایک ناقص نسخہ موجود ہے جو ہماری علیگڑھ

Marfat.com

پیرس کے قومی کتب خانے میں نکات الشعراء کا ایک خطی نسخہ موجود ہے۔ اگرچہ اس کے کاتب نے دکن کے اکثر شعراء کا ذکر جان بوجھ کر حذف کر دیا ہے۔ پھر بھی کئی حیثیتوں سے اہم ہے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اس میں ترقیمہ موجود ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس کی کتابت ۱۱۷۰ھ میں سورت میں ہوئی تھی۔ نکات الشعراء کی اشاعت ثانی جس خطی نسخے پر مبنی ہے، اس کی کتابت ۱۱۷۲ھ میں ہوئی تھی، نسخۂ پیرس کی کتابت اس کے چھ سال بعد ہوئی۔ ۱۱۷۲ھ والا نسخہ سید عبدالولی عزلت کی فرمائش پر لکھا گیا تھا، ان کا سورت سے گہرا تعلق تھا' یہ بعید از قیاس نہیں کہ نسخۂ پیرس کی کتابت کے سلسلے میں عزلت کا تعاون و مشورہ شامل رہا ہو۔ نسخۂ پیرس کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے مطالعے سے وہ بیانات واضح ہو جاتے ہیں جو مطبوعہ نسخہ میں کسی وجہ سے مبہم اور غیر واضح رہ گئے ہیں۔ اس طرح مطبوعہ نسخہ کی تصحیح و توثیق کے لئے اسے قدیم ترین ماخذ کی حیثیت حاصل ہو جاتی ہے۔ دونوں نسخے کے متن میں کہیں کہیں معمولی اختلافات بھی ہیں جو اس حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ میر نے تذکرے پر نظر ثانی کی تھی لیکن ان دونوں میں اصل متن کی نقل کون ہے اور کون اصلاح شدہ متن کی نقل، اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

نسخۂ پیرس میں ۵۰۸ اوراق ہیں۔ پہلے ورق کا بالائی حصہ ضائع ہو گیا ہے مگر اچھی بات یہ ہے کہ اس کی وجہ سے کتاب کا متن متاثر نہیں ہوا۔ پہلے صفحے پر دو عبارتیں ہیں' ایک ناقص اور ایک مکمل۔ پہلی عبارت سے کتاب کا نام واضح ہوتا ہے'

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷) ایک تذکرے کے چند اوراق ملتے ہیں لیکن ان نسخوں کو متن کی تصحیح کے لئے ترجیح نہیں دی جا سکتی۔

Marfat.com

کتاب کے مصنف کا نام ضائع شدہ حصے میں رہا ہوگا مگر "تلمیذ تذدوۂ اہل معانی، سراج الدین علی خاں صاحب آرزو" کا فقرہ واضح ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ کاتب میر کو خان آرزو کا شاگرد سمجھتا تھا۔ دوسری عبارت سے اس کتاب کی ملکیت واضح ہوتی ہے۔ عبارت یہ ہے:

"ایں کتاب تذکرۂ میر را حاجی میر جعفر محمد قبلہ میر گوہر علی مرحمت نمود، بتاریخ بست یکم ماہ شعبان سنہ ۱۲۱۴ ہجری کہ از گجرات آمدہ بودند"۔

صفحہ ۲ سے اصل کتاب شروع ہوتی ہے۔ اس صفحے پر مقدمہ ہے اور امیر خسرو کے ترجمے کے ابتدائی فقرے۔

اس کا ورق نمبر ۲ (صفحات ۳ و ۴) غائب ہے۔ ورق نمبر ۳ سے آخر کتاب تک اوراق مسلسل ہیں۔ آخری صفحے پر یہ ترقیمہ ہے:

"بتاریخ ہفدہم شہر شوال روز چہار شنبہ سنہ ۱۱۷۰ ہجری در بندر سورت بموجب خواہش جمیع دوستاں بہ اتمام رسید"

نسخۂ انجمن میں ۱۰۳ شعراء کا ذکر ملتا ہے، اس میں صرف "شعراء" کو جگہ ملی۔ کاتب نے دکن کے اکثر شعراء کا ذکر یہ کہہ کر حذف کر دیا:

"واکثر مذکور شعرائے متقدمین و آنہ یتبعھم الغاوون در شانِ شاں ست موقف ایں مذکرہ از کارشاں را معہ شعرائے ہرد و پنج لا یعنی نوشتہ بود۔ چوں کاتب را تصدیع بود، اوقات عزیز خود را ضائع نمود دہمیں اندکہ برائی وقاسم گجراتی اکتفا نمود بقبول تقدیم رسانید۔ فقط"

کاتب نے جن شعراء کا ذکر حذف کیا ہے، ان کی فہرست یہ ہے:

Marfat.com

شعوری ، فضلی، صبائی احمد آبادی، محمود ، سالک، ملک ، لطفی ، فخری ، ہاشم ، ہاتفی، اشرف، غوامی، خوشنود ، جعفر ، عبدالرحیم ، عبدالبر، عزیزاللہ ، سعدی ، بیچارہ ، حسن ، مرزا داؤد، خواجم قلی خاں ، میر گھاسی ، عشاق ۔

ان کے علاوہ ورق ۲ کے غائب ہوجانے سے عبدالقادر بیدل، سراج الدین علی خاں آرزو اور مرزا مغز فطرت موسوی کے ترجمے بھی معدوم ہوگئے۔ گویا ۱۰۴ شاعروں میں ۲۷ شعراء کا ذکر نسخۂ پیرس میں نہیں ہے۔ اس میں ایک نئے شاعر عطا بیگ ضیا کے ترجمے کا اضافہ ہے (۱)۔ اس طرح شامل تذکرہ شعراء کی تعداد ۷۷ ہوجاتی ہے۔

اس ترتیب نو میں نسخۂ انجمن ہی کو بنیاد بنایا گیا ہے، کیونکہ یہ مکمل بھی ہے اور قدیم تر بھی۔ نسخۂ پیرس سے متن کی تصحیح کی گئی ہے۔ متن کی تصحیح و توثیق میں کہیں کہیں تذکرۂ شورش کے اس خطی نسخے سے بھی استفادہ کیا گیا ہے جو کتب خانہ رشیدیہ جون پور میں محفوظ ہے۔ شورش نے میر کے بیانات کو کہیں کہیں من وعن نقل کرلیا ہے اور اس کا حوالہ بھی دے دیا ہے۔ اس طرح اس کی مدد سے نکات الشعراء کے

---

(۱) صاحب گلشن سخن کے ایک بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ ان کے سامنے تذکرۂ میر کی کوئی ایسی روایت تھی جس میں جنوں کا ترجمہ بھی شامل تھا لیکن جو شعرا انھوں نے تذکرۂ میر کے حوالے سے جنوں کی طرف منسوب کئے ہیں وہ دراصل جنون الہ آبادی کے ہیں (دیکھئے ریاض الفصحاء، گلزار ابراہیم، تذکرۂ عشقی) عشقی نے جنون الہ آبادی کے بارے میں لکھا ہے کہ "جوانے طالب العلم مستعداست"، ص ۷۰ — ۱۶۹

ان تذکروں کے بیانات کی روشنی میں صاحب گلشن سخن کا بیان قابل اعتنا نہیں رہ جاتا۔

Marfat.com

بعض حصّوں کا متن تیار کیا جا سکتا ہے۔ نسخۂ شورش میں نیر کے جو بیانات نقل ہوئے ہیں وہ مطبوعہ نسخوں کے متن سے زیادہ مماثل ہے۔ اگرچہ نسخۂ انجمن کے متن کو بنیاد بنایا گیا ہے لیکن کہیں کہیں نسخۂ پیرس کے الفاظ کو متن کے لئے ترجیح دی گئی ہے اور نسخۂ انجمن کے الفاظ حاشیے میں لکھ دیے گئے ہیں۔

متن کی ترتیب میں ذیل کا طریقۂ کار اختیار کیا گیا ہے:۔

(الف) جو حروف یا فقرے یا جملے نسخۂ انجمن میں ہیں لیکن نسخۂ پیرس میں نہیں ہیں ان پر خط کھینچ دیا گیا ہے۔

(ب) نسخۂ پیرس کے اہم اضافوں کو متن میں شامل کر لیا گیا ہے۔ امتیاز کے لئے یہ اضافے خلآبین ( ) میں درج کئے گئے ہیں۔

(ج) اختلاف نسخ کی وضاحت حاشیے میں کی گئی ہے۔ مختلف نسخوں کے لئے یہ علامتیں کام میں لائی گئی ہیں:

نکات الشعراء کی پہلی اشاعت = شیروانی

نکات الشعراء کی دوسری اشاعت = انجمن

نکات الشعراء کا نسخۂ پیرس = پیرس

تذکرۂ شورش نسخۂ جون پور = شورش

(د) نسخۂ انجمن اور نسخۂ پیرس کے اشعار کا متن بھی کہیں کہیں مختلف ہے لیکن اصل کتاب میں نسخۂ انجمن کا متن دیا گیا ہے۔

(ہ) دونوں نسخوں کے اشعار کی تعداد میں بھی اختلاف ہے۔ اس کی وضاحت کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ نسخۂ پیرس میں جن اشعار کا اضافہ ہے، انھیں متن میں شامل کر لیا گیا ہے اور امتیاز کے لئے ان کا اندراج قلابین میں ہوا ہے۔

Marfat.com

جو اشعار نسخۂ انجمن ہیں لیکن نسخۂ پیرس سے غیر حاضر ہیں، ان کے شروع کے الفاظ پر خط کھینچ دیا گیا ہے۔

میں اپنے عزیز دوست مرزا سعید الظفر چغتائی، اُستاد شعبۂ طبعیات، مسلم یونی ورسٹی علیگڑھ کا شکر گزار ہوں۔ ان کی کوششوں سے اس نسخے کا عکس مجھے ملا۔ موصوف ۱۹۶۳ء میں گورکھپور یونیورسٹی چھوڑ کر اعلیٰ تعلیم کے لئے فرانس روانہ ہوئے۔ وہاں پہنچتے ہی انھوں نے پیرس کے قومی کتب خانے میں محفوظ اُردو مخطوطات کا مطالعہ کیا اور ان کی تفصیلات سے مجھے مطلع کیا۔ میری درخواست پر انھوں نے نکات الشعراء کا عکس بھی فراہم کر دیا۔

اس کتاب کی ترتیب و اشاعت میں میرے رفیق کار ڈاکٹر اَحمر لاری اور شعبۂ اُردو، دہلی یونیورسٹی کے اُستاد ڈاکٹر عبدالحق صدیقی کا خلوص بھی شامل رہا ہے۔ میں ان کا شکر گزار ہوں۔

جناب نسیم احمد، مالک دانش محل، لکھنؤ کا شکریہ ادا کرنا میرے فرائض میں داخل ہے جن کی توجہ سے اس کتاب کی اشاعت کی نوبت آئی۔

محمود الٰہی

شعبۂ اُردو، گورکھپور یونی ورسٹی
۲۷ دسمبر ۱۹۷۰ء

Marfat.com

مقدّمۂ مصنّف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد سخن آفریں کہ اوست سزاوار تحسین و درودِ نامحدود بر آں شفیعِ
والدنبین و علیٰ آلہ اجمعین کہ مقصود بود از آسماں و زمین۔

پوشیدہ نماند کہ در فن ریختہ کہ شعریست بطور شعر فارسی بزبان اُردوئے معلّیٰ
شاہ جہان آباد دہلی، کتب بے تا حال تصنیف نشدہ کہ احوالِ شاعرانِ ایں
فن بصفحۂ روزگار بماند۔ بناءً علیہ ایں تذکرہ کہ مسمّیٰ بہ نکات الشعرا، است،
نگاشتہ می شود۔

اگرچہ ریختہ از دکن (۱) است، چوں از آں جا یک شاعرِ مربوط برنخواستہ
لہذا شروع بنام آنہا نکردہ و طبع ناقص مصروف ایں ہم نیست کہ (از)
احوال اکثر آنہا ملال اندوز گردد مگر بعضے از آنہا نوشتہ خواہد شد،
اِنْ شاء اللہ تعالےٰ۔

امید کہ بدست ہر صاحب سخنے بیاید، بنظرِ شفقت بکشاید۔

---

(۱) نسخہ حمیدیہ: ہند

Marfat.com

امیر خسرو

حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ(۱) ۔ مجمع کمالات وصاحب حالات (و) فضائل او اظہر من الشمس است ۔ احوال امیر مذکر در تذکرہ ہا مسطور، نوشتنِ ہیں احقر العباد فضولیست ۔

اشعار ریختہ آں بزرگ بسیار دارد ۔ دریں خود ترددے نیست ۔ ازانجملہ یک قطعہ تیمناً نوشتہ آید :۔

زرگر پسرے چو ماہ پارا ۔ کچھ گھڑیئے سنوار یئے پکارا
نقد دل من گرفت وشکست ۔ پھر کچھ نہ گھڑا نہ کچھ سنوارا

بیدل

مرزا عبدالقادر بیدل ۔ شاعر پر زور فارسی، صاحب دیوان پنجاہ ہزار بیت ومثنویات وغیرہ ۔ اوائل(۳) جوانی نوکر شاہزادہ محمد اعظم شاہ بود ۔ بعداز چندے ترک روزگار گرفتہ فروکش کرد ۔ از مذاق شعراء او دریافتہ می شود کہ بہرۂ کلی از عرفان داشت ۔ احوالش مفصلاً در تذکرہ ہا مرقوم است ۔ دو شعر ریختہ بنام او شنیدہ می شود ، شاید بتقریبے گفتہ باشد، از دست :۔

---

(۱) پرسس : قدس سرہ ۔

(۲) اس فقرے پر نسخۂ پیرس ۵ صفحہ ۲ ختم ہوتا ہے ۔ اس کے بعد کی عبارت نہیں ملتی، کیونکہ اس نسخے سے ورق ۲ غائب ہے ۔

(۳) شورش : در اوائل ۔

Marfat.com

مت پوچھ دل کی باتیں وہ دل کہاں ہے ہم میں
اس تخم بے نشاں کا حاصل کہاں ہے ہم میں
جب دل کے آستاں پر عشق آن کر پکارا
پردے سے یار بولا بیدل کہاں ہے ہم میں

آرزو

سراج الدین علی خاں آرزو۔ آب و رنگ باغ نکتہ دانی، چمن آرائے گلزار معانی۔ متصرف ملک زور طلب بلاغت، پہلوان شاعر عرصۂ فصاحت، چراغ دودمان صفائے گفتگو کہ چراغش روشن باد، سراج الدین علی خاں آرزو سلمہ اللہ تعالیٰ ابدًا۔ شاعر زبردست قادر سخن عالم و فاضل تا حال ہمچو ایشاں بہندوستان جنت نشان ہم نرسیدہ بلکہ بحث در ایران می رود۔ شہرۂ آفاق، در سخن فہمی طاق صاحب تصنیفات دہ پانزدہ کتب و رسالہ و دیوان و مثنویات۔ حاصل کمالات اوشاں از حیزۂ بیان بیروں است۔ ہمہ استادان مضبوط فن ریختہ ہم شاگرد او آں بزرگوار ند۔ گاہے برائے تفنن طبع دو سہ شعر ریختہ فرمودہ، ایں فن بے اعتبار کہ ما اختیار کردہ ایم، اعتبار دادہ اند، تبرکًا نوشتہ آمد:۔

جان تجھ پر کچھ اعتماد نہیں زندگانی کا کیا بھروسا ہے

مے خانہ بیچ جا کر شیشے تمام توڑے
زاہد نہیں آج اپنے دل کے پھپھولے توڑے

رکھے سیپارۂ گل کھول آگے عندلیبوں کے
چمن میں آج گویا پھول ہیں تیرے شہیدوں کے

وعدے تھے سب خلاف جو تجھ لب سے ہم سنے یعنی قیمتی دیکھو، جھوٹا نکل گیا

Marfat.com

ہر صبح آرتا ہے تیری برابری کو کیا دن لگے دیکھو خورشید خاوری کو

معز فطرت موسوی

مرزا معز فطرت موسوی ا... سوی خاں خطاب است۔ معز و فطرت و موسوی ہر سہ تخلص می کند۔ احوال او من وعن در تذکرۂ سراج الدین علی خاں صاحب کہ استاد و پیر مرشد بندہ است، مسطور ہمچو مسموع است کہ ایں شعر ریختہ شاعر مرقوم گفتہ، واللہ اعلم۔

از زلف سیاہ تو بدل دھوم پڑی ہے
در خانۂ آئینہ گھٹا جھوم پڑی ہے

مظہر جانجاں

مرزا جانِ جاں، مظہر تخلص، مرد نیست مقدس، مطہر، درویش، عالم، صاحب کمال، شہرۂ عالم، بے نظیر، معزز، مکرم۔ اصلش از اکبر آباد است، پدرِ او مرزا جان نام داشت۔ از فرط شفقت (۱) (پدری) مرزا جانِ جاں می گفت۔ ازیں سبب ہمیں اسم موسوم است (۲)۔ بندہ بخدمت او (شاں) رفتہ سعادت اندوز گشتہ است۔ اکثر اوقات در یاد الٰہی صرف می کنند (۳)۔ (د) خوش تقریر مرتبۂ است کہ در تحریر نمی گنجد۔ دیوان مختصر شعر فارسی او (شاں) بنظر فقیر مؤلف آمدہ است۔ از (شعر) سلیم و (کلام) کلیم پاے کمی ندارد۔

---

(۱) نسخۂ پیرس کا ورق ۳ یہاں سے شروع ہوتا ہے۔

(۲) پیرس : گشت

(۳) پیرس : نمانند

Marfat.com

اگرچہ شعر (ہندی) گفتن دون مرتبہ است لیکن گاہے متوجہ ایں فن بے حاصل نیز می شود۔ (و) انعام اللہ یقین وحزیں کہ شاعر (ان) ریختہ اند، شاگردان (۱) اویند (۲)۔ غرض مرزا (جانِ جہاں مظہر) عجب کسے است، (من کلامہ):۔

خدا کے واسطے اس کوں نہ ٹوکو یہی ایک شہر میں قاتل رہا ہے
جواں مارا گیا خوبوں کے اوپر میرزا مظہر

بھلا تھا یا برا تھا، زور کچھ تھا، خوب کام آیا

(غزل)

(اوس گل کو بھیجنا ہے مجھے خط صبا کے ہات
اس واسطے لگا ہوں چمن کی ہوا کے ہات)

(کب چھوٹتا ہے، پھر کے جو مفلس گرو رکھے
اب تو پھنسا ہے آن دل اس بیوفا کے ہات)

مرتا ہوں میرزائی گل دیکھ ہر سحر
سورج کے ہات چونری و پنکھا صبا کے ہات

(آزاد ہو رہا ہوں دو عالم کی قید سے
مینا لگا ہے جب سیتیں مجھ بے نوا کے ہات)

(مظہر چھپا کے رکھ دل نازک کتیں ترے
یو شیشہ بیچتا ہے کسی میرزا کے ہات)

کسی کے خون کا پیاسا، کسی کی جان کا دشمن
نہایت منھ لگا یا ہے سجن نے بیڑۂ پاں کو

---

(۱) پیرس: می شدند

(۲) پیرس: اوشاں اند

Marfat.com

ہ نے کی ہے توبہ اور دُھو میں مچانی ہے بہار
ہائے کچھ چلتا نہیں کیا مفت جاتی ہے بہار
نش کہو، شرارہ کہو ، کوئلا کہو مت اس ستارہ سوختہ کو دل کہا کرو
گل کو گل کہوں تو ترے رو کو کیا کہوں
بولوں نگہ کو تیغ تو ابرو کو کیا کہوں

اشتیاق

شاہ ولی اللہ اشتیاق۔ مردے بود ذی علم۔ از اولاد شیخ (مجدد)(۱)
ت ثانیست۔ نبیسۂ شاہ محمد گل، مولد او سرہند است۔ در کوٹلہ فیروز شاہ
ونت داشت۔ درویش متوکل، گاہے فکر ریختہ می کرد (ایں اشعار) از وست:۔
کوں کے پتھر دل کی لگے کیونکہ اس کو چوٹ
ہر یک گرد باد ہے مجنوں، تو دھواں کوٹ
وڑ کر تجکو ہیں اور سے جولاگ لگی
نہیں نہندی یہ تیرے تنوروں سیتی آگ لگی
ا جو، ہجر کی باتیں ہمیں سناتے ہیں کچھ ان کا دوس نہیں یہ خدا کی باتیں ہیں

اُمید

قزلباش خاں اُمید۔ مردے مغلے بود۔ شاعر غزلے فارسی، نکتہ پرداز، بذلہ سنج
ب دل، عزیز دلہا، یار باش، خوش اختلاط، ہمیشہ خنداں و شگفتہ رو (۲)... اوقات عزیز

(۱) نسخے میں مجدد ہے۔
(۱) نسخہ میں الفاظ واضح نہیں ہیں۔

Marfat.com

خود را بخوشی و خرمی) بسر (می) برد۔ داخل ذیل امرا (وخوانین) بود۔ در ہر سیر و تماشا می رفت و صحبتہا (با یاران یک دل و صاحب طبع) می داشت۔ چنانچہ یک روز در عرس سید حسن رسول نما صاحب قدس سرہ العزیز بندہ نیز بتحریک یاران موافق رفتہ بود (م) ۔ واو ہم تشریف می داشت ۔ چوں مرا از دور دید، گفت کہ خوش باشد کہ من ہم دریں ایام دو شعر ریختہ موزوں کردہ ام، بشنوید، از وست:۔

در و دیوار سے اب صحبت ہے یار بن گھر میں عجب صحبت ہے
تیری آنکھوں کو دیکھ ڈرتا ہوں الحفیظ الحفیظ کرتا ہوں

مرزا گرامی

مرزا گرامی ۔ پسر غنی بیگ کشمیری است کہ قبول تخلص می کرد۔ نقل احوال او در تذکرۂ خاں صاحب مرقوم است ۔ چوں دید کہ ہنگامۂ ریختہ گرم شدہ، خود نیز شعر ریختہ گفت و بطوریکہ داشت در آں ایست:۔

حاضری بن محل نہیں کھاتا
بیگمی ہے پنیر منعم کا

مخلص

رائے آنند رام مخلص تخلص مشہور۔ از شاہجہان آباد ست ۔ (و) وکیل نواب وزیر اعتماد الدولہ مغفور و مرحوم، شاعر مقرر ے فارسی۔ در عنفوان جوانی مشق سخن بخدمت مرزا بیدل می کرد (و) دریں ایام اشعار خود را از نظر خاں صاحب سراج الدین علی خاں می گزرانید (و) از مدت آزار نفث الدم داشت ۔ قریب یک سال است کہ در گذشت ۔ احوالش در تذکرۂ خاں صاحب

Marfat.com

مذکور مفصل مسطور است :-

دھوم آونے کی کس کی گلزار میں پڑی ہے
ہاتھ از گجے کا پیالہ نرگس لئے کھڑی ہے

آبرو

میاں نجم الدین عرف شاہ مبارک متخلص بآبرو متوطن گوالیار، نبیسۂ حضرت محمد غوث گوالیاری است، نور اللہ مرقدہ (۱)۔ از ابتدائے جوانی در شاہجہان آباد آمدہ۔ چنانچہ مشق سخن ہم اینجا کردہ۔ شاگرد خاں صاحب سراج الدین علی خاں است۔ از چشم پوشی روزگار دجال۔ شعار یک چشمش از کار رفتہ بود۔ شاعر نادرہ گوئے ریختہ۔ می گویند کہ طبعے شوخے داشت (۲) غرض مستغنی وقت خود بود کہ عہد محمد شاہ (۳) پادشاہ باشد۔ خدا اش مغفرت بہ کند (چند اشعار متفرق) از وست:

آیا ہے صبح نیند سے اُٹھ رس بسا ہوا
جامہ گلے میں رات کا پھولوں بسا ہوا

جوانی کے زمانہ کی میاں کیا زیادتی کہیئے
کہ اس ظالم کی جو ہم پر گھڑی گذری سو جگ بیتا

بوسہ لبوں کا دینے کہا، کہہ کے پھر گیا
پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا

قول آبرو کا تھا کہ نہ جاؤں گا اس گلی
ہو کر کے بے قرار دیکھو آج پھر گیا

مشتاق عذر خواہی نہیں آبرو تو کیا ہے
یہ روٹھ روٹھ چلنا، چل چل کے پھر ٹھہرنا

فرہاد کا دل کوہ کو سے کا بھرا پیالا ہوا
مستی سے بس کے شوق کی ہر سنگ متوالا ہوا

---

(۱) پیرس : قبرہ

(۲) پیرس : مستثنیٰ

(۳) پیرس : در عہد محمد شاہ بادشاہ باشد

Marfat.com

دل کے اوپر بہار میں احوال سخت دیکھ
وے مارتی ہے باغ میں سر کو کلی اُٹھا

یہ سبزہ اور یہ آب رواں اور ابر یہ گھرا
دوانائیں کہ میں گھر میں رہوں اب چھوڑ کے صحرا

گریہ ہے مُسکرانا تو کس طرح جئیں گے
تم کو تو یہ ہنسی ہے پر ہے مرن ہمارا

یارو ڈرو کمر سے مڑو ڑو نہ بھر کے انگ
آجا کہیں لچک تو ابھی لاگ جائے لنگ

دُور خامشی بیٹھ رہتا ہوں
اس طرح حال دل کا کہتا ہوں

سر سے لگا کے پاؤں تلک دل ہوا ہوں میں
یہاں لگ ہنر میں عشق کے کامل ہوا ہوں میں

دل کب آوارگی کو بھولا ہے
چاک اگر ہو گیا گلو لا ہے

آغوش میں بھواں کی کرتی ہیں قتل آنکھیں
کوئی پوچھتا نہیں ہے مسجد میں خوں ہوا ہے

کرتے تو ہو تغافل پر حال آبرو کا
دیکھو تو تم بھی پیارے بے اختیار کو دو

نہیں یہ تارے بھرے ہیں شاک کے نقط
اس قدر نسخۂ فلک سے ہے غلط

اگر بجائے اس قدر، کس قدر می گفت، ایں شعر بآسماں می رسید۔

مجھ ناتواں کی حالت وہاں جا کے ہے اُوڑ کر
سرمایہ رنگ رو ہے گویا کبھی کبوتر

عالم آب سیں آساں نہیں اے شیخ گزر
خوف سے غرق کے یہاں بحر ہے کشتی میں سوار

خوب تیری شکل آسکتی نہیں تصویر میں
مدتیں گزریں معصور کھینچتا ہے انتظار

Marfat.com

کریں جو بندگی ہو ویں گنہگار　　بتوں کی کچھ نرالی ہے خدائی
آبرو کے قتل پر حاضر ہوا کس کر کمر　　خوں کرنے کوں چلے عاشق پہ تہمت باندھ کر

زندگی ہے سراب کی سی طرح　　باؤ بندی حباب کی سی طرح
تجھ اوپر خون بے گناہوں کا　　چڑھ رہا ہے شراب کی سی طرح
کون چاہے گا گھر بسے تجکو　　مجھ سے خانہ خراب کی سی طرح

کیوں چھپا ظلمت میں گر تجھ لب سے شرمندہ نہ تھا　　جان کچھ پانی مرے ہے چشمۂ حیوان کے بیچ

مجلس رنداں میں مت لے جا دل بے شوق کو
شیشۂ خالی کو کیا نسبت ہے میخواروں کے بیچ

کچھ ٹھہرتی نہیں کہ کیا ہوے گی　　اس دل بے قرار کی صورت

نہ تھا کچھ اور میرے شوق کا حسن وصفا باعث
یہی پیاری طرح موجب ہوا کافر ادا باعث

تم اور گل رخاں سے اب آنکھ جو لگائے
بادام کو پیارے پھولوں کے بیچ باسا

دل تو دیکھو آدم بے باک کا　　عشق سے پتلا بھرا ہے خاک کا

سجن اوروں کا تشنہ ہو کے سنتا اور سب کہتا
مگر ایک آبرو کی بات جب کہتے تو پی جاتا

انسان ہے تو کبر سے کہتا ہے کیوں انا
آدم کو تو سنا ہے کہ ہے خاک سے بنا

رہتے ہیں جیوتی مثل شمع بچپن ہی کی طرح　　گھر بار ہو ہے مردمکوں کا برائے بیت

کیوں نہ ہو اس قدر کرتے ہو بے حاصل ہے یہ
لگ چکا اب چھوٹنا مشکل ہے اس کا دل ہے یہ

Marfat.com

(قطعہ)

زلف کی شان مکھ اوپر دیکھو کہ گویا عرش میں لٹکتی ہے
کیا ہوا مر گیا اگر فرہاد روح پتھر سے سر پٹکتی ہے
تمہاری لوگ کہتے ہیں کمر ہے کہاں ہے، کس طرح کی ہے، کدھر ہے
یوں آبرو بناوے دل میں ہزار باتیں جب روبرو ہو تیرے گفتار کھول جاوے
اب دین ہوا زمانہ سازی آفاق تمام دہریا ہے
جیونا مثل حباب اس جگ میں دم کا پیچ ہے
یہ گرہ کھل جاتو دیکھو زندگانی ہیچ ہے
زندگانی تو ہر طرح کاٹی مرکے پھر جیونا قیامت ہے
اٹھ چیت کیوں جنوں ستی خاطر پنچنت کی
آئی بہار تجکو خبر ہے بسنت کی
جہاں تجھ خو کی گرمی تھی نہ تھی کچھ آگ کو تیزی
مقابل اس کے ہو جاتی تو آتش لکڑیاں کھاتی
لٹک چلنا سجن کا بھولنا نہیں اب تلک مجھکو
طرح وہ پانوں رکھنے کی میری آنکھوں میں پھرتی ہے
اس کی کنجی زبان شیریں ہے دل مرا قفل ہے بتاشے کا

حسن ہے پر خوبرویاں میں وفا کی خو نہیں
پھول ہیں یہ سب پر ان پھولوں میں ہرگز بو نہیں
قیامت کیا تم ٹک ایک ہنس کے بولے
مجھے بات کی بات میں مار ڈالا

Marfat.com

مضمون

میاں شرف الدین، مضمون تخلص، مردے بود نوکر پیشہ۔ متوطن جاجمو کہ قصبہ است متصل اکبرآباد۔ حریف (د) ظریف، ہشاش (د) بشاش، ہنگامہ گرم کن مجلسہا، ہرچند کم گو بود لیکن بسیار خوش فکر و تلاش لفظ تازہ زیادہ۔ دیوانش بہمہ جہت دو صد بیت خواہد بود۔

از شروع جوانی بہ شاہجہان آباد آمدہ و در زینت المساجد سکونت داشت۔ آخر الامر ہمیں جا فوت کرد۔ از احفاد حضرت شیخ فرید شکر گنج بود نور اللہ مرقدہ، چنانچہ خود میگوید (فرد)

کریں کیوں نہ شکر لبوں کو مرید
کہ دادا ہمارا ہے بابا فرید

شاگرد خاں صاحب سراج الدین علی خاں است۔ چوں دندانِ او بسبب نزلہ ہمہ افتادہ بودند، خاں صاحب مذبور او را شاعر بیدانہ می گفتند (فقیر اورا در اواخر زمان او دریافتہ بودم) بسیار گرم اختلاط (بود) اگرچہ بروت پیری غلبہ داشت۔ اغلب کہ خدا آنش بخیر مبدل کردہ باشد۔ (دریں ولا از دیوانِ او منتخب نمودہ، نوشتہ شدہ)۔ از وست :۔

---

۱ - پیرس : بہیں

۲ - پیرس : مرقوم

۳ - انجمن : فقیر زماں آخر او را دریافتہ بودم۔

۴ - یہ عبارت پیرس سے لی گئی ہے۔ انجمن کی عبارت مبہم ہے۔ مولوی عبدالحق نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ کتابت کی غلطی سے اصل عبارت مسخ ہو گئی ہے۔ بہرحال نسخۂ پیرس کی عبارت واضح اور بامعنی ہے۔

Marfat.com

جو دو پیالہ سحر کو بھر کے اور دو شام کو لے گا
وہ تخت اپنے میں جوں خورشید چاروں جام کو لے گا

ہم نے کیا کیا نہ ترے غم میں اے محبوب کیا صبر ایوب کیا، گریۂ یعقوب کیا

(ایہام)

ایک تو تھا ہی وہ مہر و خود پسند ہو گیا دیکھ آرسی کے تین دو چند
ہنسی تیری پیارے پھلجھڑی ہے یہی غنچہ کے دل میں گل چھڑی ہے

(ایہام)

میکدہ میں گر سراسر فعل نامعقول ہے مدرسہ دیکھا تو وہاں بھی فاعل و مفعول ہے

(ایہام)

ناحق ستم کسی پر وہ وہ شوخ کد کرے ہے
دیتا ہے ٹانگ اُس کو جو فعل بد کرے ہے

(ایہام)

جھوٹے سینوں سے یوں ہوا معلوم تیری آنکھوں کے (ٹک) دو پلکے ہیں
میرا پیغام وصل اے قاصد کہیو سب سے اسے جدا کر کر

اتفاقاً من اشعار ایشاں را انتخاب می زدم، میاں محمد حسین کلیم کہ احوالِ او شاں نیز خواہد آمد، ان شاء اللہ تعالیٰ، او شاں نیز نشستہ بودند۔ من ایں شعر را پیش مشارٌ الیہ خواندم و شعر ایں قسم (در دیوانش نوشتہ) بود:

میرے پیغام کو تو اے قاصد کہیو سب سے اسے جدا کر کر

(۱) (گفتند کہ اگر بجائے 'پیغام' کو 'پیغام وصل' می گفت، ایں پست رتبہ

---

(۱) انجمن میں یہ عبارت ناقص ہے جس کی وجہ سے یہ گمان کیا گیا ہے کہ اس شعر پر بھی میر کی اصلاح ہے لیکن اب اس مکمل عبارت سے صحیح بات سامنے آگئی ہے۔ تذکرہ شورش سے بھی واضح ہوتا ہے کہ یہ اصلاح محمد حسین کلیم کی ہے شورش کے الفاظ یہ ہیں: "میاں محمد حسین کلیم اصلاح نمودہ اند، از نوشتہ تفنی نیز معلوم شدہ"۔

Marfat.com

اعلیٰ بہم می (۱) رسید) چوں ایں حرف موافق سلیقۂ شعرا بود، لہٰذا ہمچناں نوشتہ آمد (۲)۔

کرے ہے داد بھی کامل کو سرتاج ہوا منصور سے نکتہ یہ حل آج
کیا سمجھ بلبل نے باندھا ہے چمن میں آشیاں
ایک تو گل بے وفا اور تس پہ جورِ باغباں
اگر پاؤں تو مضموں کو رکھوں باندھ کروں کیا جو نہیں لگتا میرے ہاتھ
مہ رونے بوجھ پکڑا مشکل ہوا ہے جینا
یارو خدا کرے نہ بھاری ہے یہ مہینا
خط آگیا ہے اس کے میری ہوئی سفید ریش
کرتا ہے اب تلک بھی وہ ملنے میں شام و صبح
چلا کشتی میں آگے سے جو وہ محبوب جاتا ہے۔
کبھی آنکھیں بھر آتی ہیں کبھی جی ڈوب جاتا ہے
مرا یہ اشک قاصد کی طرح یک دم نہیں تھمتا
کسی بے تاب کا گویا لئے مکتوب جاتا ہے
مضموں تو شکر کر کہ ترا اسم سن رقیب غصہ سے بھوت ہو گیا لیکن جلا تو ہے

شاعر مسطور بجائے اسم، 'نام' موزوں کردہ بود۔ اسم اصلاح خاں صاحب است (وجہ (۳)) اصلاح زیرا کہ اہل دعوت اسم می خوانند نہ نام، فافہم۔

یکرنگ

مصطفےٰ خاں، یک رنگ (تخلص) شاعر ریختہ، معاصر میاں آبرو۔

---

(۱) نسخے میں می رسند ہے۔ (۲) پیرس: شد

(۳) انجمن: وہ چہ (کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے)

Marfat.com

می گویند کہ بسیار حیپاں اختلاط و آشنائے درست بود۔ از احوال او خوب اطلاع ندارم۔ از وست:

(قطعہ)

لب شیریں سے بے زبانوں کو — بولنا تلخ کام ہے تیرا
ہاتھ اٹھا جور اور جفا سے تو — یہی گویا سلام ہے تیرا
ترک عاشق نہیں ننگ و نام کیا — کام اپنا جو تھا تمام کیا
اس قدر کیا ہے حمایت غیر کی — ہم بھی تو تم سے کبھی تھے آشنا
جب سیتی گل رخوں سے یار ہوا — خلق کی میں نظر میں خوار ہوا
خلق یک رنگ کی ہوئی دشمن — جب سے تیرا وہ دوستدار ہوا

در مرثیہ امام حسین صلوٰۃ اللہ علیہ (نیز گفتہ است):۔

(مرثیہ)

زخمی برنگ گل ہیں شہیدان کربلا — گلزار کے نمط ہے بیابان کربلا
کھانے چلا ہے زخم ستم ظالموں کے ہاتھ — دھو ہاتھ زندگی سیتی مہمان کربلا
اندھیر ہے جہاں میں کہ اب شامیوں کے ہاتھ — ہے سر بریدہ شمع شبستان کربلا

(ریختہ)

سنتا نہیں ہے بات کسی کی تو اے سجن — تجکو ترا غرور نجانوں کرے گا کیا
خون دل کا مجھے شراب ہوا — جگر سوختہ کباب ہوا
اِتا ہے مست اپنے حسن کی مے سے سجن میرا
کہ کھاتا ہے بیاں کرنے سیتی لغزش سخن میرا
ذکر گوہر سیتی ہرگز برابر — اگر معلوم ہے رتبہ سخن کا
مت بوجھ پیارے اپنا دشمن — کوئی دشمن بھی ہوے اپنی جان کا

---

(۱) پیرس: حضرت ابا عبداللہ الحسین

Marfat.com

اگر آوے مرے گھر وہ پیارا　　کروں اس ماہ کو پتلی کا تارا
مرا دشمن ہوا یکرنگ وہ شوخ　　ہوگیا کیوں عشق میں نہیں آشکارا

کم نہیں کچھ بوئے گل سیتی فغان عندلیب
برگ گل سے ہے گی نازک تر زبانِ عندلیب

زبانِ شکوہ ہے مہندی کا ہر پات　　کہ خوبوں نیں لگائے ہیں مجھے ہات
مسخرِ حسن کے شاہ و گدا ہیں　　رکھے ہیں خوبرو ظاہر کرامات
خیال چشم و ابرو کر کے تیرا　　کوئی مسجد گیا کوئی خرابات
یاد آنی ہے تازگی بہار　　دیکھ ہر خشک خار کی صورت
سچ کہے جو کوئی سو مارا جائے　　راستی ہیگی دار کی صورت

باعتقاد فقیر بجائے (لفظ) سچ حرف حق اولیٰ است (برائے مناسبات درست می افتد)

بچھڑ گیا ہائے ہم سے وہ مہرو　　سرد مہری ستی ہوا کی طرح
ہوا نہ راحتِ جاں مہرباں حیف　　مری محنت گئی سب رائیگاں حیف
بنا بر مصلحت ہے یہ جو تم سے　　رہا ہے روٹھ دن دو چار یکرنگ
محبت کا عجب یکرنگ ہے رنگ　　کبھی عاشق کبھی معشوق ہیں ہم
برنگ شمع دائم تجھ لگن میں　　سجن روتے پھرے ہم انجمن میں
تا گلے تیرے لگوں اے یار میں　　روٹھتا ہوں اس سبب ہر بار میں

کیوں کھینچتے ہو تیغ سجن ہم میں دم نہیں
پنہاں نگہ تمہاری یہ گپتی سے کم نہیں
کہتے ہیں ہم پکار سنو کان دھر سجن　　گو غیر سے ملو گے تو دیکھو گے ہم نہیں
تجھ زلف کا یہ دل ہے گرفتار بال بال
یک رنگ کے سخن میں خلاف ایک مو نہیں

Marfat.com

دل مرا ہے کے جو دبدھا میں پڑے ہو اس بھانت
کیا سجن اس کا کوئی جگ میں خریدار نہیں
پارسائی اور جوانی کیونکے ہو ایک جاگہ آگ پانی کیونکے ہو

(فرد، ایہام)

اس پری پیکر کو مت انسان بوجھ شک میں کیوں پڑتا ہے اے دل جان بوجھ

(ایہام)

برگِ حنا او پر لکھو احوال دل میرا شاید کبھی تو جاگے اس دلربا کے ہاتھ
جو کوئی توڑتا ہے غنچۂ گل دل کو میرے شکستہ کرتا ہے
نہ کہو یہ کہ یار جاتا ہے میرا صبر و قرار جاتا ہے
گر خبر لینی ہے تو لے صیاد ہاتھ سے پھر شکار جاتا ہے
لگے ہے جا کے کانوں میں بتوں کے سخن یک رنگ کا گویا گھر ہے
کیا جانئے وصال تیرا ہو کسے نصیب ہم تو ترے فراق میں اے یار مر گئے
نہ تو ملنے کے قابل اب رہا ہے نہ مجھ کو وہ دماغ اور دل رہا ہے
اب تو تمھیں بنا ہے ہی ہم سے سجن پڑے
ہم سب طرف سے ہار تمھارے گلے پڑے
یک رنگ پاس کیا ہے سجن اور کچھ بساط
رکھتا ہے دو نین جو کہو تو نظر کرے
جس کے در دِ دل میں کچھ تاثیر ہے گر جواں بھی ہو تو میرا پیر ہے
چشم پیارے کی دیکھ مژگاں میں گویا سبزے کے بیچ آہو ہے
اس کو مت بوجھ سجن اوروں کی طرح مصطفےٰ خاں آشنا یک رنگ ہے
اگر شعر من می بود پیش مصرع ایں (دا) قسم موزوں کردم :

(دا) پیرس : چنیں می کردم

Marfat.com

مست تلوّن اس میں سمجھے آپ سا

(اُلفت نے سانوری کی رُسوا کیا ہے ہم کو (۱) جامے کو اپنے ہم نے گویا اگر میں باسا)

(اہلِ دل کے تیں ضرر ہے خرمی سیں دیکھ لے
کھلکھلا کر جو ہنسا غنچہ، پریشاں ہو گیا)

(مداح خوش قدوں کا یک رنگ ہے عزیزاں
اس سیں ہوا ہے اوس کا ہر جائے بول بالا)

(میرے دل سے اُٹھیں کیوں نہ بھبھوکے
خیال از بسکہ ہیں اوس شعلہ خو کے)

(رقیب اس طور جلتے ہیں مجھے دیکھ گویا رشتے میں ہیں اوس شمع رو کے)

(جن صاحبوں کو کام نہ تھا عشق سے کبھی
یک رنگ اس جہاں میں وہ آرام کر گئے)

(نہ ہو سرکش جو مقصد پر نظر ہے (۲) سرکشی میں بے ثمر ہے)

(رکھے ہے ..... (۳) سنو یارو گرہ میں جس کے زر ہے)

(جدائی میں تیری اے صندلی رنگ (۴) میں زندگانی دردسر ہے)

ناجی

محمد شاکر ناجی (تخلص)، جوانے بود (ہ) آبلہ رو، سپاہی پیشہ، مزاجش بیشتر مسائل بہ ہزل بود۔ معاصر (۵) میاں آبرو (بودہ) بندہ با او یک (۶) ملاقات کردہ ام۔

(۱) آخری نو شعر نسخۂ پیرس کے حاشیے پر درج ہیں۔

(۲، ۳، ۴) نسخے میں الفاظ واضح نہیں ہیں۔

(۵) ہمعصر با میاں آبرو۔ (۶) شیروانی : یک دو ملاقات کردہ بودم

Marfat.com

(شعر دیا) ہزل نویس را خود می خواند) و مردماں را بخندہ وقتی آورد و خود نمی خندید دگر گاہے تبسمے می کرد۔ و طلعتش شاد جہان آباد جوان از جہاں رفت، (خداش رحمت کند) اشعار جستہ جستہ او انتخاب (۲) کردہ نوشتہ می شود۔ (من کلامہ):۔

رواکب ہے مجھ اوپر تیغ کو ہر دم علم کرنا
میری تقصیر کچھ کی ہے ثابت یا ستم کرنا

بلند آواز سے گھڑیال کہتا ہے کہ اے غافل
کٹی یہ بھی گھڑی تجھ عمر سے اور تو نہیں چیتا

نکلیں حسن دیکھ کر پی کا رنگ گل کا لگا مجھے پھیکا
دیکھ ہم صحبت کی دولت سے نہ رکھ چشم کرم
لب صدف کے تر نہیں ہرچند نے گوہر زآب ہ

برمتامل پوشیدہ نیست کہ پیش مصرع این چنیں می بایست (اصلاح مؤلف) مصرع:

مت رکھے چشم کرم دولت سے اپنے خود کی
گر سلیماں کا تخت دیں، مت لے کہ سب آخر کو جائے گا برباد

تیری نگاہ کی کثرت سے اے کماں ابرو
ہمارے سینہ میں تو وا ہوا ہے تیر ں کا
پیالہ ہوئے ہے سو غوروں سے کھولے ہے زبان سے

کرے کرم اے مہرباں تجھ بن ہم کہاں اور تم کہاں
نہیں دیکھ سکتا آسماں پھر نہ کہاں اور تم کہاں

---

(۱) انجمن: شعر ہزل خود را می داند
(۲) پیرس: منتخب۔

Marfat.com

تکلیف کھینچے حد سے زیادہ رکھے جو فیض
گو نام کو بُما ہے پہ کھاوے کیا اپنے ہاڑ

ملنے کو نو خطاں کے واعظ بُرا کہے ہے مجھول ہیں یہ باتیں ہم خوب جانتے ہیں
عید ہوتی تھی جو کوئی افطار کرتا جس کے گھر

اب بتا دیں طے کار روزہ دیکھ کر مہمان کو
آج تو ناجی سجن سے کر تو اپنا عرض حال مرنے جینے کا نہ کر وسواس ہونی ہے سو ہو
غم نہیں گر دلبری سے دل کو لے جاتا ہے وہ

پاس میرے تب تو آتا ہے جو دل پاتا ہے وہ
کیا فسردا کا وعدہ سرو قد نے قیامت کا جو دن سُنتے تھے کل ہے
ہوا جب آئینہ میں جلوہ گر تب میں لیا بوسہ

جو آیا اپنے قابو میں تو پھر منھ دیکھتا کیا ہے
موجی ہے اپنے دل کا مچھی نہ دے کسے سے

اور اب مخالفوں میں وہ بات ہی ڈبوئی
نہ جانا یہ کہ اس پر کئی مرے ہیں عبث کرنے گیا میں گر پر گور
نرگس کے تئیں میں ہرگز لاتا نہیں نظر میں

دیکھیں ہیں میں نے آخر پیارے تمہاری آنکھیں

دیکھ دلبر تیری کمر کی طرف پھر گیا مانی اپنے گھر کی طرف
حشر میں پاکباز ہیں ناجی بدعمل جائیں گے سقر کی طرف
مجکو باتوں میں لگا معاوم نہیں کیا کہہ گیا لے چلا جب دل کے تئیں منھ دیکھتا میں رہ گیا
ڈوب گئے کئی ملک جب کھولی لب دریا پہ زلف

حیف ناجی کو نہ پوچھا کس نہر میں بہہ گیا

Marfat.com

اغنیا کے در بدر مقدور جب تک ہو نہ جا
سخت حاجت ہو تو جا' لا چارگی ہے جا ضرور

چاہیئے اشراف کو مفلس ہو مجلس میں نہ جا
گو کہ وہ بلا نہ ہو پر بوجھتے ہیں سب حقیر

جہاں دل بند ہو ناجی کا وہاں آوے خلل کرنے
رقیب لاولد ناصح گویا لڑکوں کا بادا ہے

(رکھیں (۱) ہیں جب سیں وہ پیارے نیں تلیں
پڑا ہے نوخطاں کا دل خلل میں

تیور آنکھوں کے دیکھی آج اوری — زمانہ کچھ کا کچھ پھر جائے پل میں
فقط لا کفر ہے اسلام دیں پر — مسلمانی رکھی ہے حق کے کلیں
قفس ہے شہر دیوانوں کے حق میں — (بن آئی سیر) مجنوں کے جنگل میں
یہ دل مُرسوا کرے ہے آدمی کو — بڑا دشمن ہے اے ناجی بغل میں

پیام

(شرف الدین (۳)) علی خاں پیام۔ شاعر قرار داد شاعران فارسی عہد خود را۔ صاحب دیوان ریختہ نیز (ہست)۔ از خاک پاک اکبر آباد است۔ بندہ اکثر ملاقات کردم (۴) چنانچہ بامیاں نجم الدین علی سلام (تخلص) کہ خلف الصدق اوست،

(۱) نسخۂ پیرس کے حاشیے پر یہ غزل درج ہے۔

(۲) نسخے میں الفاظ ماضع نہیں ہیں۔ متن کی تکمیل دیوان شاکر ناجی (مرتبہ ڈاکٹر تنویر احمد علوی) سے کی گئی ہے

(۳) انجمن : اشرف الدین۔

(۴) پیرس: کردہ ام۔

Marfat.com

حقیر را اخلاص دلیست۔ ہمیشہ اتفاق باہم نشستن و فکر شعر کردن و گپ(۱) زدن (اکثر) می افتد۔ احوال او ہم نوشتہ خواہد شد، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ از وست (پیام):

بات منصور کی فضولی ہے ورنہ عاشق کو آہ سولی ہے

(قطعہ)

دلّی کے کج کلاہ لڑکوں نے کام عشّاق کا تمام کیا
کوئی عاشق نظر نہیں آتا ٹوپی والوں نے قتل عام کیا

احسن اللہ

میاں احسن اللہ۔ مردے بود معاصر(۲) میاں آبرو۔ طبعش بسیار مائل بہ ایہام بود۔ ازیں جہت شعر او بے رتبہ ماند۔ دیگر احوالش معلوم من نیست۔ از وست (۳)

یہی مضمون خط ہے احسن اللہ
کہ حُسن خوبرُویاں عارضی ہے

سعادت

میاں سعادت علی، از سادات امروہہ بود۔ مردے سلیم الطبع، کم سخن، متواضع، سعادت تخلص می کرد۔ فی الجملہ چاشنی درویشی داشت۔ شعر او خالی از لطف نیست۔ با ہند ربط بسیار داشت۔ (چند ابیات) از وست (سعادت):۔

کسی سے پوچھیوں دل مرا چوری گیا زلفوں میں کس کے ہات
ایک جو شانہ ہے سو وہ تیل میں ڈالے ہے ہات

---

(۱) پیرس: وا اختلاط داشتن (۲) پیرس: ہم عصر
(۳) پیرس: من کلامہ

Marfat.com

ہوش کھو دیتی ہیں میرا اس کی آنکھیں مے پرست
بسکہ ہوں کم ظرف دو پیالوں میں ہو جاتا ہوں مست

کیا صید آ ہوئے دل آ سواری سے میاں تم نے
کمر کی ڈاب نہیں کھوئی گویا پیٹے کی ڈوری تھی

واللہ جو سر لوح تیرا نام نہ ہوتا
ہرگز کسی آغاز کا انجام نہ ہوتا

یار سے جو رقیب لڑتے ہیں
یہ ہمارے نصیب لڑتے ہیں

اہلِ زر کے سیم تن ہوتے ہیں رام
صید زو ہیں جس جگہ دیکھیں زیں دام

پیپے کی طرح دارو کے شیشے
زبانِ حال سے کہتے ہیں پی پی

بے نوا

بے نوا تخلص۔ احوال او بہ تحقیق نمی پیوندد۔ در وقت محمد شاہ بادشاہ سنگرن نامی جوہری جوتی فروشے را کشت۔ بابت او بلوا شد، چنانچہ جوتی فروشاں در جامع مسجد نالہ خطبہ گشتند۔ ظفر خاں روشن الدولہ بہادر شہامت دارد۔ جوہری مذکور را پناہ داد۔ آخر ہنگامہ برپا شد و جنگ عظیم در میان امرایان عظام افتاد۔ بسیار از طرفین بقتل رسیدند (و) ظفر خاں روشن الدولہ بہادر و گریخت۔ ازیں سانحہ ایں نسمہ نغمت کشید کہ از ان بازماندگان آں قصہ را شاعرانہ مسطور در تخمس بست کہ ہنوز بالسنہ مذکور

---

(۱) پیرس: بہ جست و جوئی نوان جوتی فروش جیست جوتی فروشاں شہر را خطبہ

خواست کہ بزنبر رود تا خطبہ او ناید ناغ شدند

(۲) پیرس: نواب طاہر بازنان روشن الدولہ جوہری مذکور را (در) نگلی ماملہ

(۳) پیرس: کشتہ شدند

(۴)

(۵)

Marfat.com

(مخمس)

یہ کیا ستم ہے اے فلک ہرزہ نابکار مریخ بھر کے تیز کیا ہے خنجر کی دھار
جوتی فروش مرد مسلمان دیندار مردود جوہری نے لیا ہے ستم سے مار
سنگ جفا سے چور کیا لعل آبدار

(جوتی فروش بیچ پڑی آ کے کھلبلی کیسوں کی کشتی ڈھیلی ہوئی اور عقل ٹلی
بے حد شمار مرحلہ سے جوتیاں چلی کیا نئی و کیا پرانی پشوری و گھیتلی
لاہوری، سیف خانی، چرن منڈی، پٹی دار)

کتنوں کو مارجی سے قضا نے گرا دیا کتنوں کو جی بچا کے بہت ہڑ بڑا دیا
کاغذ پہ بے نوائے یہ سن کر چڑھا دیا لگتے ہی مار جوتیوں طرہ گرا دیا
تا حشر ہر زباں پہ رہے گا یہ یادگار

عطا

عطا نام او باشے گزشتہ (۱) است در عہد عالمگیر بادشاہ۔ (دو بیت)
از وست :-

اے در نبرد حسن تو کشتہ بچار چشم زیر مژہ نہفتہ چو آہو بچار چشم
(در کوے عشق خواجہ عطا بھیڑ بھاڑ ہے تو بھی کھسر پھسر کر و رڑ کھسار چشم)

جعفر زٹلی

میر (محمد) جعفر، بہ جعفر زٹلی مشہور است۔ نادرۂ زماں و اعجوبۂ دوراں خود بود (ہ)۔ زبان گزندہ داشت۔ وضیع و شریف ہمہ از و ملاحظہ می کردند

---

(۱) پیرس: در جہان آباد دہلی در عہد بادشاہ عالمگیر بودہ۔

Marfat.com

چیزے می دادند۔ چوں[1] بخانۂ کسے می آمد و کاغذ ہمراہ گرفتہ می آمد، بریک پارچہ (کاغذ) ہجو صاحب خانہ و (پارچۂ) دیگر مدح او را۔ اگر[2] مدارا از و می دید، مدح می خواند وگرنہ[3] پرچۂ کاغذ ہجو را بال شہرت می داد۔ (چنانچہ) ہجو (شاہزادۂ) محمد اعظم شاہ پسر عالمگیر پادشاہ کہ در رقعات عالمگیری بہ عالی جاہ امتیاز دارد، کردہ:-

(ہجو اعظم شاہ)

چہارم پسر ڈومنی کا جنا برج میں رہے جوں .....

القصہ شعر ہزل بسیار دارد۔ چوں پیش اعظم شاہ بار یاب شد، این شعر در مدح او بداہتاً[4] گفت:

(مدح)

نگین سلیماں کہ تابندہ بود
ہمیں اسم اعظم برآں کندہ بود

صلہ[5] لائق بہ جائزہ این مطلع یافت۔ (چوں اشعار ہائے ہیہ مذکور در ہر شہر و ہر مکان مشہور اند، برائے این نوشتہ نہ شد)

نقل ست کہ روزے بخانۂ مرزا (عبدالقادر) بیدل آمد و بر روے مرنا (معزی الیہ) این مصرع خواند:

چہ عُرفی چہ فیضی بہ پیش ترکیش

مرزا ازیں معنی بسیار (خفہ شد ند بلکہ) ترآمد (ند) وزود رخصت کرد (۸۰)۔

---

(۱) پیرس: چوں بخانہ کسے می رفت دو کاغذ ہمراہ خود می برد۔

(۲) پیرس: اگر صاحب خانہ بہ مدارات و سلوک پیش .... ن خواند۔

(۳) پیرس: و اگر کم بختی صاحب خانہ آمد و ہیچ مدارات و مراعات ... پارچہ کاغذ ہجو را ... ہ ش داد و نماند و خواند۔

Marfat.com

سودا

مرزا (محمد) رفیع (سلمہ اللہ) المتخلص بہ سودا کہ جوانیست، خوش خلق (و) خوش خوے، گرم جوش، یارباش، شگفتہ روے۔ مولدا و شاہجہان آباد است، نوکر پیشہ، غزل و قصیدہ و مثنوی و قطعہ و مخمس و باعی ہمہ را خوب می گوید۔ سرآمد شعرائے ہندی اوست۔ بسیار (خوش فکر و) خوشگو است۔ بلاگردان ہر شعرش طرف لطف رستہ رستہ، در چمن بندی الفاظش گل معنی دستہ دستہ، ہر مصرع برجستہ اش را سرو آزاد بندہ، پیش فکر عالیش طبع عالی شرمندہ۔ شاعر سخنیہ، چنانچہ ملک الشعرائی ریختہ او را شاید۔ قصیدۂ در ہجو (اسپ) گفتہ (مسمّی) بہ "تضحیک روزگار"۔ دور از حد مقدور در او صنعتہا بکار بردہ مطلعش اینست :۔

(بیت)

ہے چرخ جب سے ابلق ایام پر سوار　　رکھتا نہیں ہے دست عناں کا بیک قرار

اکثر اتفاق طرح غزل باہم می افتد۔ غرض از مغتنمات روزگار است۔ حق تعالے سلامتش دارد۔ از دست :۔

بیکس کوئی مرے تو جلے اس پہ دل مرا　　گویا ہے یہ چراغ غریبوں کی گور کا
ٹوٹے تری نگہ سے اگر دل حباب کا　　پانی بھی پھر پیوں تو مزا ہے شراب کا

---

(۱) پیرس : بحضور طبع عالیش فکر عالی شرمندہ

(۲) پیرس : چنانچہ باید ملک الشعرائیست کہ وصفش در تحریر باید
شورش: چنانچہ می باید ملک الشعرائی او را شاید

(۳) انجمن : است

(۴) پیرس: واکثر اوقات ... [illegible]

Marfat.com

موجِ نسیم گرد سے آلودہ ہے نپٹھ
دل خاک ہو گیا ہے کسی بے قرار کا

آہ کس طرح تیری راہ میں گھیروں کہ کوئی
سادہ رہ ہو نہ سکے عمر چلی جاتی کا

زباں ہے عمر میں قاصر شکستہ بالی کے
کہ جن نے دل سے مٹایا خلش رہائی کا

سودا قمارِ عشق میں شیریں سے کوہکن
بازی اگرچہ پا نہ سکا سر تو کھو سکا

کس مونھ سے پھر تو آپ کو کہتا ہے عشق باز
اے روسیاہ تجھ سے تو یہ بھی نہ ہو سکا

نہ کھینچ اے شانے ان زلفوں کو یہاں سودا کا دل اٹکا
اسیرِ ناتواں ہے یہ نہ دے زنجیر کو جھٹکا

پرے رہ برقِ خار آشیاں میرے سے کہتا ہوں
اُڑے گا دھجیاں ہو کر ترا دامن جو یہاں اٹکا

سودا ہوئے جب عاشق کیا پاس آبرو کا
سُنتا ہے اے دیوانے جب دل دیا تو پھر کیا

موجِ آتش ہے سیلِ آنکھوں کا
دل کا شاید کہ آبلہ پھوٹا

نہ جیا تیری چشم کا مارا
نہ تری زلف کا بندھا چھوٹا

پھرے ہے شیخ یہ کہتا کہ میں دنیا سے منھ موڑا
الٰہی ان نے اب داڑھی سوا کس چیز کو چھوڑا

جو گزری ہم پہ مت اس سے کہو ہوا سو ہوا
بلاکشانِ محبت پہ جو ہوا سو ہوا

مبادا ہو کوئی ظالم ترا گریباں گیر
مرے لہو کو تو دامن سے دھو ہوا سو ہوا

ترا جیو مجھ سے نہیں ملتا مرا دل رہ نہیں سکتا
غرض ایسی مصیبت ہے کہ مر بھی کر نہیں سکتا

ترے آگو سحر آنکھوں سے آنسو کیوں کہ چلتے ہیں

Marfat.com

(قطعہ)

تجھ بن عجب معاش ہے سودا کا ان دنوں
تو بھی نہ اس کو جا کے ستم گار دیکھنا
نے حرف و نے حکایت و نے شعر و نے سخن
نے سیر و باغ و نے گل و گلزار دیکھنا

(خاموش اپنے کلبۂ احزاں میں روز و شب
تنہا پڑے ہوئے گرد دیوار و در دیکھنا)

یا جا کے اس گلی کو جہاں تھا ترا گزر
لے صبح تا بشام کئی بار دیکھنا
تسکین دل نہ اس میں بھی پائے تو پھر شغل
پڑھنا یہ شعر گر کبھی اشعار دیکھنا
کہتے تھے ہم نہ دیکھ سکیں تجھکو غیر پاس
پر جو خدا دکھائے سو ناچار دیکھنا
کسی دیندار و کافر کو خیال اتنا نہیں آتا
سحر کیا ہو چکی سودا کے جیو پر شام کیا ہوگا
سودا سے یہ کہا میں دل میں اسطرح سے کھونا
کہنے لگا کہ ناداں کیا پوچھتا ہے ہونا

گل میرے مشہد پہ کب بھیجے ہے وہ ابرو کماں
طرح غنچہ کے کھلے جب تک نہ پیکاں تیر کا
سودا سے میں یہ پوچھا دل میں بھی دوں کسی کو
وہ کر کے بیاں اپنی روداد بہت رویا

کیوں اسیری پر مری صیاد کو تھا اضطراب
کیا قفس آباد ہو گئے کون سے گلشن خراب
ہندو ہیں بت پرست مسلماں خدا پرست
میں پوجتا ہوں اس کو جو ہو آشنا پرست
کل رخصت بہار تھی شبنم صفت میں زور
رویا ہر ایک گل کے گلے لگ چمن کے بیچ
یا تبسم یا نگہ یا وعدہ یا گاہے پیام
کچھ بھی اے خانہ خراب اس دل کو سمجھانے کی طرح
فکر بنائے عمارت کی فکر میں
یہ سب حویلیاں تھیں جہاں تک ہے اب اجاڑ

Marfat.com

گزری جس غم سے مجھے زندگیِ دو روزہ رکھے اس غم کو خدا شہر محرم سے دُور

(قطعہ)

عقل میں ایک دن آکر یہ کہا سودا سے خواہ نزدیک ہمارے رہو خواہ ہم سے دور
لیکن اتنا ہے کہ وہ کام نہ کر یو پیارے جس کا ثمرہ رکھے تم کو دل عالم سے دور

انکار قتل سے تو کرے ہے سجن ہنوز میلا نہیں ہوا ہے ہمارا کفن ہنوز
کس کے ہیں زیر زمیں دیدۂ نمناک ہنوز جا بجا سوت ہیں پانی کے تہہ خاک ہنوز
(سودا کا تو نے حال نہ دیکھا کہ کیا ہوا آئینہ لے کے آپ کو دیکھے ہے تو ہنوز)

اے لالہ گو فلک نے دیے تجکو چار داغ چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

کون کہتا ہے مت اوروں سے ملا کر مجھ سے مل
جس کے ملنے پر خوشی تیری ہو مل پر مجھ سے مل

رنگ گل بے طرح دھکے ہے سُن اے ابر بہار
آشیاں میرا چھڑک لگتی ہے اب گلشن کو آگ

قاتل کے دل سے آہ نہ نکلی ہوس تمام ذرہ بھی ہم تڑپنے نہ پائے کہ بس تمام

تسلی اس دیوانے کی نہ ہو جھولی کے پتھروں سے
اگر سودا کو چھیڑا ہے تو لڑکو مول لو پھڑیاں

ظاہر میں دیکھنے کا کچھ اسباب ہی نہیں آوے گر تو خواب میں سو خواب ہی نہیں
مجکو نہیں ہے دل میں ترے کیا کروں پہلے اثر ہے عشق ہا آہ کیا کروں
کس کی ہیں یہ چمن میں صبا دھجیاں ٹوٹی پڑی ہیں غنچوں کی ساری گلابیاں
نہ پوج سنگ و گل اے شیخ اس صدا کو مان مرے صنم کی پرستش کر آ خدا کو مان

نہ غنچے گل کے کھلتے ہیں نہ نرگس کی کھلی کلیاں
چمن میں لے کے خمیازہ کنھی نیں انکھڑیاں لیلاں

Marfat.com

عاشق کی بھی کٹتی ہیں کیا خوب طرح راتیں
دو چار گھڑی رونا دو چار گھڑی باتیں

بلبل خاموش ہوں جوں نقش دیوار چمن
نے قفس کے کام کا ہرگز نہ در کار چمن

نوک سے کانٹوں کی ٹپکے ہے لہو اے باغباں
کس دل آزردہ کے دامن کش ہیں یہ خار چمن

جیو تک تو دے کے لوں جو تو ہو کارگر کہیں
اے آہ کیا کروں نہیں بکتا اثر کہیں

ہوتی نہیں ہے صبح نہ آتی ہے مجکو نیند
جس کو پکارتا ہوں سو کہتا ہے مر کہیں

جادو بھری ہیں چشم یہ آئینہ کو تو دیکھ
دھڑکے ہے دل مرا کہ نہ پلٹے نظر کہیں

غیر کے پاس یہ اپنا ہی نہیں
جلوہ گر یار مرا ورنہ کہاں ہے کہ نہیں

جرم ہے اسکی وفا کا کہ بھنا کی تقصیر
کوئی تو بولو میاں منہ میں زباں ہے کہ نہیں

دل کے ٹکڑوں کو بغل بیچ لئے پھرتا ہوں
کچھ علاج اس کا بھی اے شیشہ گراں ہے کہ نہیں

اس درد دل سے موت ہو یا دل کو تاب ہو
قسمت میں جو لکھا ہے الٰہی شتاب ہو

اس کشمکش سے دام کی کیا کام تھا مجھے
اے الفت چمن ترا خانہ خراب ہو

بہار باغ ہو مینا ہو جام صہبا ہو
ہوا ہو ابر ہو ساقی ہو اور دنیا ہو

روا ہے کچھ تو بھلا اے سپہر نا انصاف
ریا سے زہد چھپے راز عشق رسوا ہو

جو مہرباں ہیں سو دا کو مغتنم جانیں
سپاہی زادوں سے ملتا ہے دیکھئے کیا ہو

الٰہی ہے سکت نعم البدل کی تجکو دینے کی
مجھے اسکا عوض تو کچھ نہ دے پر پھیر لے دل کو

بوؤں میں تخم گل کو جہاں وہاں زقوم ہو
پالوں جو عندلیب قفس میں تو بوم ہو

اپنے چمن کو فائدہ کیا تجھ سے اے نسیم
یہ چاہے وہ کہاں دم عیسےٰ سموم ہو

کعبہ کی زیارت کو اے شیخ میں پہنچوں گا
مستی سے مجھے بھولی جس دن رہ میخانہ

ہنس مرے رونے پر آسان میں کہتا ہوں
ہست ہے ابھی کوئی قطرہ اثر آلودہ

Marfat.com

نسیم بھی ہے چمن میں اور اب صبا بھی ہے
ہماری خاک سے پوچھو تو کچھ رہا بھی ہے

قدم سنبھال کے رکھ خار دشت پر مجنوں
کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

سودا جہاں میں آ کے کوئی کچھ نہ لے گیا جاتا ہوں ایک میں دل پر آرزو لئے

غیرت عشق آن کر سودا تو پروانوں سے سیکھ
شمع سے اپنا ہی ملنا دیکھ جل جاتے ہیں وہ

کس قدر اب کے ہوا مست ہے ویرانہ کی
کسی لڑکے کو نہیں سدھ کسی دیوانہ کی

سودا کو جرم عشق پہ کرتے ہیں آج قتل پہچانتا ہے تو یہ گنہ گار کون ہے

بدلا ترے ستم کا کوئی تجھ سے کیا کرے اپنا ہی تو فریفتہ ہووے خدا کرے

اس حال کے نبھنے کا کچھ اسلوب نہیں ہے یہ کج روشی ہم سے فلک خوب نہیں ہے

کہتا تھا بنا گوش تری زلف کے آگے میں صبح قیامت ہوں مری شام یہی ہے

قاصد کے تئیں میں اپنے جو کچھ کہ دوں بجا ہے
جیتا پھرے تو اجرت ورنہ یہ خوں بہا ہے

جس دن تیری گلی کی طرف ہو مرا گزر
میں آپ کو جلا کے کروں خاک تو سحر

پہنچی نہ آہ تجکو مرے حال کی خبر قاصد گیا تو ان نے بھی اپنی ہی کچھ کہی

عشرت سے دو جہاں کی یہ دل ہاتھ دھو سکے
تیرے قدم کو چھوڑ سکے یہ نہ ہو سکے

جس سرزمیں پہ جا کے رووں تیری یاد میں دہقاں کچھ اس زمیں سے بجز دانہ نہ بوئے

Marfat.com

نہ ضرر کفر کو نہ دین کا نقصان مجھ سے
باعثِ دشمنی اے گبر و مسلماں مجھ سے

اس کی خو سے نہیں محرم انھیں رونے سبتی کام
کیا کیا چاہتے ہیں دیدۂ گریاں مجھ سے

آگیا رات میں جوں دُزدِ حنا تیرے ہاتھ
ورنہ جاپاؤں کو لاگا ہی تھا چوری چوری

تجھ تیغ تلے کہہ تو رستم سے کہ سر دھر دے
پیارے یہ نہیں سے ہو ہر کارے دہر مرے

دل کے تئیں ایک عالم کہتا ہے خدا کا گھر
اے عشق اسے آتش دے ہے تو سمجھ کر دے

کھلنے تو لگا ہے دل جوں غنچہ ہمارا بھی
لیکن نہ صبا تجھ سے گا ہے بدم سر دے

سینہ کو رستموں کی نگہ تیری توڑ دے
آنکھوں کی ہر پلک صفِ محشر کو موڑ دے

مرجاں کا نخل ہوں نہ پھلوں برگ بارے
ٹپکے ہمیشہ خوں مری شاخسار سے

خنجر طلب ہے مرگ سے ہر آہوئے حرم
دل پھر گیا ہے کس کی مژہ کا شکار سے

زاہد چلا ہے کعبہ کو اور برہمن کنشت
بندہ ہیں اس کے ہم جو کسی دل میں گھر کرے

جگ میں شراب خور کی تشہیر کے لئے
سودا جو محتسب ہو تو زاہد کو خر کرے

دولاب کی ہے حق بطرفِ مستی سے ذیاد
پیمانہ کس کے گلے کا ہار نہ ہووے

ہر دست خدائی میں تو یہ کہے منادی
ظالم ہو جو کوئی سو ظہ حدار نہ ہووے

کر ذبح شتابی مجھے صیاد کہ یہ صید
ہاتھوں ہی میں تیرے کہیں مردار نہ ہووے

میں کہتا ہوں دل اپنے سے کہ ننگ و نام سے گزرے
نہ ہوں گر اس میں یہ باتیں تو کیا آرام سے گزرے

مومن نہیں ز تار سے سبحہ کے آگاہ
اس رشتہ کو ہے سبحۂ اسلام میں راہ

اس بت کا برہمن ہوں کہ صوفی یا شیخ
کہتے ہیں جسے دیکھ کے اللہ اللہ

در منقبت (۱) جناب پاک مرتضوی صلوٰۃ اللہ علیہ گفتہ:-

---

(۱) ترجمہ: در منقبت ..... آب نفس رسول زوج بتول مظہر عجائب و مظہر الغرائب اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب صلوٰۃ اللہ وسلامہ گفتہ۔

Marfat.com

رُباعی

ایوان عدالت میں تمہارے یا شاہ — کچھ ظلم کو ہے دخل عیاذاً باللہ
شیشہ کا جو وہاں طاق سے ٹپکے ہے پانی — پتھر سے نکلتی ہے صدا بسم اللہ

کلیم

محمد حسین کلیم تخلص۔ از شاہ جہان آباد است۔ مردے سپاہی پیشہ، شاعر مقرر سے ریختہ بوضع خود۔ صاحب دیوان قصائد و مخمس در باعی۔ طرزش بطرز کسے مانا نیست۔ اکثر بزبان میرزا بیدل حرف می زند۔ در فہم شعر تہ دار او فکر عاجز سخنان پشت دست بر زمین می گزارد۔ (و) طبع رواں او مانند سیل روانست و فکر (۱) رسائش آں سوے آسماں، بازوے فکرتش زور یں کش کمان معنی را، شعر پیچدار، پر تاثیر او تیر کاکل ربا۔

(۲) اگرچہ کلیم در فارسی گذشتہ است، اما کلیم ریختہ پیش فقیر انیست۔

(۳) قطع نظر از آنکہ بندہ را بخدمت او قرابت قریبہ است، یک اخلاص تہ دلی دارم و اکثر (ے)۔ بحال ایں (۴) ہیچدان شفقت (و مہربانی) می فرماید، حق تعالیٰ سلامت (و شاد کام) دارد، (بحق محمد و آلہ)۔ از دست (۵):—

آتی ہے دل پہ قلقل مینا سے اب شکست — وے دن گئے کلیم کہ (۶) یہ شیشہ سنگ تھا

---

(۱) پیرس: و فکر رسائش باج از شعرائے متقدمین ہندی می گیرد

(۲) پیرس: اگرچہ در فارسی طلاب کلیم گذشتہ اما در ہندی کلیم دولت خود است

(۳) پیرس: بندہ را با او قرابت قریبہ است بلکہ اخلاص تہ دلی است

(۴) پیرس: من (۵) پیرس: من کلامہ

Marfat.com

درازی شبِ ہجران زلف یار کلیم
نہ مجھ سے پوچھ کہ کاٹی ہے رات آنکھوں میں (۱)

ہو چکی حشر گئی دوزخ و جنت میں خلق
رہ گیا میں ترے کوچے میں گرفتار ہنوز (۲)

ہر تار پیچ زلف کے عالم کی جان ہے
گویا یہ اژدہا تھا کہ سب کو نگل گیا

قربان اس اکڑ کے عجب یہ مروڑ ہے
آشفتہ ہو گئیں پہ نہ زلفوں سے بل گیا

میں بانکپن سے تیرے نہیں ڈرنے کا رقیب
گر دل میں ہے تو مجکو بھی للکار دیکھنا

کیا رقیب پردہ در کے آج میں ماری ہے میخ
حلقۂ در کے نمط گھر سے اسے بیروں کیا

نہ کچھ بُرا ہوا پرویز کا نہ شیریں کا
ترے ہی سر پر لے فرہاد جو ہوا سو ہوا

نشاں مجھ دل کا مت پوچھو یہ مجنوں
کہیں اس طرف ویرانہ کے ہوگا

نقاب اپنے رخ کا جو تو باز کرتا
تو گل اپنی خوبی پہ کیا ناز کرتا

وفا کا ہوں پرستہ نہیں توڑ پنجرا
چلا جاتا جنگل کو پرواز کرتا

تجھے برق خار سے کام کیا جو حیا ہے حق کو تلف نہ کر
یہ ازل کے دن سے نصیب ہے کف پائے آبلہ دار کا

لگا جب غیر سینی ہم طبق ہونے وہ مہماں کش
وہ اپنے ہاتھ دھوتا تھا، میں اپنے ہاتھ ملتا تھا

کیا ہوا زلف سے گرہ کھولی
میرے سر کا تو یہ گرہ نہ گیا

قبر میں بھی لئے ہمراہ گیا اپنے کلیم
آہ کیوں دردِ دل اپنا نہ کسی کو سونپا

وہی ایک ہے جو ان دونوں گھروں میں خلق ڈھونڈے ہے
پس اے زاہد اگر مسجد سے بت خانہ ہوا تو کیا

سر بھی ہے تیغ بھی ہے لگانا ہی تو لگا
کہیو نہ جان پھر کے کہ یہ جیو چھپا گیا

---

(۱) پیرس : مجھی سے پوچھ

(۲) پیرس : دیکھتا ہوں

Marfat.com

تا صبح تجھ بغیر عجب میرا رنگ تھا
روشن تھی شمع آہ دل اس پر پتنگ تھا

زبان موج سے یوں بحر کہتا تھا حبابوں سے
کہ اپنا سر ہی کھاتا ہے جہاں میں جن نے سر کھینچا

اے شمع تیری باری ہے شب کو کہ شام تک
اپنے دنوں کو جتنا میں رونا تھا رو چکا

عمر رفتہ کا نہ پایا کھوج ہرگز اے کلیم
آپ کو جوں شمع میں ہر انجمن میں گم کیا

تو نہ آیا باغ میں شمشاد غم سے خم ہوا
طوق قمری کا فغاں سے حلقۂ ماتم ہوا

کس پریشاں میں قدم رکھا ہے پیچ و تاب سے
جادہ آتا ہے نظر جوں زلف کچھ برہم ہوا

وہ نازک تن لطافت سے کسی کو نہیں نظر آتا
مقرر ایک جا تو ہے نہ کیا جانے کہاں ہوگا

وہی دیر، وہی بت، وہی مالا
یہی انشاء اللہ تعالیٰ

چھپا ہے آہ کی چشم پر آب میں دریا
کہیں نہیں دیکھا ہے اب تک حباب میں دریا

پاس ناموس محبت ہے مجھے از بس کلیم
باغ میں جاؤں نہ ہرگز بے رضائے عندلیب

دنیا نہ کر جوانوں سے یہ بوڑھا چوچلا
مدت سے ہم تو چھوڑے پھرس ہیں تجھے پٹ

ہمیں تو پانوں پر بھی سر کے رکھنے کو نہ پایا
ملیں ہم خاک میں اور لے ترا داماں یا قسمت

رکھتا ہے زلف یار کا کوچہ ہزار پیچ
اے دل سمجھ کے جائیو ہے راہ مار پیچ

برق نظارہ سے از بسکہ بلا ہوں میں
کچھ کرم ہو کوئی دھوندے مری خاکستر

لالہ و گل سے مجھے کام کیا میری وحشت
مجھ کو پرلانی ہے یک رنگ سے رنگ دیگر

زلف کو خواب میں دیکھا تھا جنوں شب کہ میر
صبح بیدار ہوا پائی گلے میں زنجیر

بوسہ تو کچھ نہ تھا اے مری جان اس قدر
تس پر رہے ہو مجھ سے برا مان اس قدر

سوز زخم کھا چکا ہے دل اس پر جگر جلا
کہتا ہے مجکو زخم ہے اک آرزو ہنوز

جو صدا آتی ہے اس وادی سے ہے سینہ خراش
یہ کوئی دل روتا جاتا ہے نہیں بانگ جرس

Marfat.com

ہم گُم ہوئے ہیں ضعف سے جوں بو میانِ باغ
پھرتا ہے رنگ گُل کہ ہمارا کرے سراغ

جوں کعبتین گھر میں مرے گُل ہی ہے بساط
یک مشت استخواں ہوں اور شش جہت سے داغ

جو دینا تھا مانگے بغیر اٹھا دیا ہے — کہے وہ زباں جو کہ اس پر ہو سائل
پوچھ مت غم کی داستاں اے دل — کہ پڑا ٹوٹ آسماں اے دل

ہم سے پوچھو ہو پیوتے ہو شراب — ایسے کیا شیخ دپارسا ہیں ہم
تم جام دو پیارے کیوں کر کریں نہیں ہم — خونِ جگر تھا تو بھی پی ہی گئے دو میں ہم

تو یار مل کے ہم سے جب ایک ہو گیا ہو — کس کو بعید مانیں کس کو کہیں قریں ہم
تم ہو تو ہم کہاں ہیں، ہم ہیں تو تم کہاں ہو — یا تم ہی سب ہو ہم میں یا سب کے سب ہیں ہم

طریق عشق میں مجنوں و کوہ کن کے نہ کہہ — ہزاروں ہو گئے غارت سوا ایک دو معلوم
مانند سرو ہوں کہ نہ گل ہے نہ ر مجھے — بیکار باغ ہوں نہ سزاوارِ باغ ہوں

جب اصل مذاہب کو واعظ سیتی ہم پوچھا — تب ہم سے لگا کہنے قصہ و حکایتیں

رنگ اُڑا مُرجھا گیا اور جھڑ پڑا شرمندہ ہوا
تجھ سیتی گل پر ہوئی کیا کیا خرابی باغ میں

(قطعہ)

جمعہ کو کہتا تھا واعظ سے کھڑا رندِ مست
یک نظر میں تجھے بھی سود و زیاں ہے کہ نہیں
یہ سخن ہے کہ نہ پی مے سو وہاں پیوے گا
یہاں تو پی لیجیے کیا جانے وہاں ہے کہ نہیں

نے دلبر میں یہ سوز تو معلوم اے میر — کسی کا دل ہوا ہے شاید اس پردہ میں آناں

Marfat.com

کسی سے بھی نہ ملئے ایک گوشہ میں پڑے رہیئے
یہ فرصت یہاں تو نہیں ملتی ہے مرجانے میں ہو تو ہو

تیر ہے یا سناں ہے تیری نگاہ ہو گئی پار مجھ جگر کے آہ

تری جناب میں آیا ہوں یا الٰہ نہ پوچھ
یہی کہ بخش دے اور مجھ سے کچھ گناہ نہ پوچھ

کوئی گُل کا میں عاشق نہیں یہ داغ مجھے بس ہیں
جاتا ہوں میں گلشن سے بلبل نہ ہو آزردہ

اب دم شمردگی سے مجھے کاروبار ہے ہر دم مرے حساب میں روزِ شمار ہے
غرورِ حسن ممکن نہیں کس کی داد کو پہنچے غرض تم سن چکے احوال ہم فریاد کو پہنچے

تو اے بارانِ رحمت آ دج میں آ موج سے اپنی
کہ یک قطرہ میں میری کشت کا بھی کام ہو جاوے

جہاں میں یہ میں نہیں جانتا کہاں تو ہے پر اتنا جانوں ہوں سب تو ہی ہے جہاں تو ہے
میں کہتا تھا ساقی ایاغ اب کہاں ہے پٹھر دیر کے تئیں دماغ اب کہاں ہے
اس کے ابرو کی اگر تصویر کھینچا چاہیئے اول اپنے قتل پر شمشیر کھینچا چاہیئے
دل پھر رہا ہے آبلۂ پا کی جوں کلیم جز خارِ دشت کے میرا غمخوار کون ہے

(رباعی)

گلگر تو چمن میں اچپلی سے نہ گیا یہ دل بھی کلی سے بے کلی سے نہ گیا
جو کوئی کہہ گیا چھوڑ گیا دل کو یہاں کوئی دل سے تری گلی سے نہ گیا

ہر چند لگاتے ہیں بتاں گل مہندی تیرے ہی قدم تلے گئی رُل مہندی
ہیہات ہیہات کیسا ہوگا وہ ہات جس ہاتھ سیتی داغ ہوئی گل مہندی

Marfat.com

میر درد

میاں صاحب میاں خواجہ میر، سلمہ اللہ تعالیٰ، المتخلص بہ درد۔ جوش بہار گلستان سخن، عندلیب خوش خوان چمن این فن، زبان گفتگویش گرہ کشائے زلف شام مدعا، مصرع نوشتہ اش بر صفحۂ کاغذ از کاکل صبح خوش نما۔ طبع سخن پرواز او سر و مائل چمنستان انداز است۔ گاہے در کوچۂ باغ تلاش بطریق گل گشت قدم رنجہ می فرماید۔ در چمن شعرش لفظ رنگیں چمن چمن، گل چین خیال او را گل معنی دامن دامن شاعر زود آور رسخیہ، (۱) و در کمال علاقگی وارستہ۔ (مرد) خلیق (و متواضع (و) آشنائے درست۔

شعر فارسی ہم (بسیار خوب و مربوط و رنگیں) می گوید۔ اما بیشتر رباعی (۲) گرمی بازار (و) وسعت مشرب اوست۔ غرض از آشنائی مطلب اوست۔

متوطن شاہجہان آباد (و) بزرگ و بزرگ زادہ (و) جوان صالح (و متقی) از درویشی بہرۂ وافی دارد۔ فقیر را بخدمت (گرامی) او بندگی خاص است (۳) اگرچہ حسن سلوک او عام۔ سر حسن سلوک بما۔ لے خود گرفتہ، اعتزاز را از گوشۂ دل نہادہ۔

خلف الصدق حضرت خواجہ ناصر صاحب، سلمہ اللہ است کہ مقتدائے عالم است (۴) ایامے کہ فقیر بخدمت آں بزرگوار شرف اندوز می شد، از زبان مبارکش می فرمود (ند) (۵)

(۱) پیرس : کہ از کمال بودت طبع داد سخن دادہ

(۲) پیرس : رباعیات

(۳) پیرس : واز حالت خبر

(۴) پیرس : اوشان مقتدائے عالم اند

(۵) پیرس : بزبان مبارک خود

Marfat.com

کہ میر محمد تقی تو میر مجلس خواہی شد۔ الحمد للہ والمنۃ کہ (ایں) حرف آں سر سلسلۂ خدا پرستاں مؤثر افتاد (و) باطن آں خضر قافلہ اہل عرفاں کہ از ظاہرش ظاہر تر است، زود کارکرد (و) مجلس ریختہ کہ بخانۂ بندہ بتاریخ پانزدہم ہر ماہ مقرر است (وابستہ) (۱) بذات ہمیں بزرگ است زیرا کہ پیش ازیں ایں مجلس بخانہ اش مقرر بود۔ از گردش روزگار بے مدار برہم خورد۔ از بس کہ بایں احقر اخلاص دلی داشت۔ گفت کہ ایں مجمع را شما اگر بخانۂ خود معین بکنید، بہتر است۔ نظر براخلاص آں مشفق عمل (۲) کردہ آمد۔ خدایش (تا) ابدالآباد سلامت دارد۔ از دست :

(شعر درد)

کبھو خوش بھی کیا ہے جیو کسی رند شرابی کا
بھڑا دے منھ سے منھ ساقی ہمارا اور گلابی کا

بجھے شعلے بھی کتنے، کتنی ہی موجیں مٹیں یارب
کبھو دل کی بھی ہوگا کام آخر اضطرابی کا

شرارہ برق کی سی بھی نہیں یہاں فرصت ہستی
فلک نہیں ہم کو سونپا کام جو کچھ تھا شتابی کا

زمانہ کی نہ دیکھی جرعہ ریزی درد تو میں نے
ملا یا مثلِ مینا خاک میں خوں ہر شرابی کا

اکسیر پر مجھوس اتنا نہ ناز کرنا
ہے کیمیا سے بہتر دل کا گداز کرنا

ہم جانتے نہیں ہیں اے درد کیا ہے کعبہ
جیدھر پھریں وہ ابرو ادھر نماز کرنا

جگ میں آکر ادھر ادھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

جان سے ہو گئے بدن خالی
جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

نالۂ دل فریاد آہ اور زاری
آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

ان لبوں نے نہ کی مسیحائی
ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

جگ میں کوئی نہ تک ہنسا ہوگا
کہ نہ ہنسنے میں مر دوبالا ہوگا

---

(۱) انجمن : واشد

(۲) پیرس : داشتہ قبول نمود

Marfat.com

دیکھیئے غم سے اب کے جیو میرا　　نہ بچے گا، بچے گا کیا ہو گا
دل کے پھر زخم تازہ ہوتے ہیں　　کوئی غنچہ کہیں کھلا ہو گا
قتل سے میرے وہ جو باز رہا　　کسی بدخواہ نے کہا ہو گا
دل بھی اے درد قطرۂ خوں تھا　　آنسوؤں میں کہیں گرا ہو گا

عاشقِ بے دل ترا یہاں تک تو جیو سے سیر تھا
زندگی کا اس کو جو دم تھا دمِ شمشیر تھا

کی تو تھی تاثیر آہِ آتشیں نے اس کو بھی
جب تلک پہنچے ہی پہنچے خاک کا یہاں ڈھیر تھا

حرص کرواتی ہے روبہ بازیاں سب ورنہ یہاں
اپنے اپنے بوریے پر جو گدا تھا شیر تھا

شیخ کعبہ ہو کے پہنچا ہم کنشتِ دل میں ہو
درد منزل ایک تھی تک راہ کا ہی پھیر تھا

اگر یوں ہی یہ دل ستاتا رہے گا　　تو ایک دن مرا جیو ہی جاتا رہے گا
میں جاتا ہوں دل کو ترے پاس چھوڑے　　مری یاد تجھ کو دلاتا رہے گا
خفا ہو کے اے درد مر تو چلا تو　　کہاں تک غم اپنا چھپاتا رہے گا
تو اپنے دل سے غیر کی الفت نہ کھو سکا　　میں چاہوں اور کو تو یہ مجھ سے نہ ہو سکا
گو نالہ نارسا ہو نہ ہو آہ میں اثر　　میں نیں تو در گزر نہ کی جو مجھ سے ہو سکا
جوں شمع روتے روتے ہی گزری تمام عمر　　تو بھی تو درد داغِ دل اپنا نہ دھو سکا
اندازہ وہ ہی سمجھے مری دل کی آہ کا　　زخمی جو کوئی ہوا ہو کسی کی نگاہ کا
ہر چند فسق میں ہیں ہزاروں ہی لذتیں　　لیکن عجب مزا ہے فقط جیو کی چاہ کا
دل اس مژہ سے رکھیو نہ تو چشم راستی　　اے بے خبر بُرا ہے یہ فرقہ سیاہ کا

Marfat.com

شاہ و گدا سے اپنے تئیں کام کچھ نہیں — نہ تاج کی ہوس نہ ارادہ کلاہ کا
تو ہی نہ اگر ملا کرے گا — عاشق پھر جیو کے کیا کرے گا
اپنی آنکھوں میں اس کو دیکھوں — ایسا بھی کبھی خدا کرے گا

مژگانِ تر ہوں یا رگِ تاک بریدہ ہوں — جو کچھ کہو سو ہوں غرض آفتِ سیدہ ہوں
کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی — افتادہ ہوں پہ سایۂ قدِ کشیدہ ہوں
اے درد جا چکا ہے مرا کام ضبط سے — میں غمزدہ تو قطرۂ اشکِ چکیدہ ہوں
نہ ملئے یار سے تو دل کو کب آرام ہوتا ہے — وگر ملئے تو مشکل ہے کہ وہ بدنام ہوتا ہے
یہ حسن و عشق دل سمجھیں گے یا آپس میں خوں ہوگا — پران دونوں کے ابھیڑے میں میرا کام ہوتا ہے

یارب سپہر اتنی تو اب درگزر کرے — کوئی خانماں خراب کسو دل میں گھر کرے
نہ خانۂ خدا ہے نہ ہے یہ بتوں کا گھر — رہتا ہے کون اس دلِ خانہ خراب میں
ہیں اور مجھ سے درد و خریدارئی بتاں — ہے ایک دل بساط میں سو کس حساب میں
ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں — دل ہی نہیں رہا ہے جو کچھ آرزو کریں
مٹ جائیں ایک دم میں بہ کثرت نمائیاں — گر آئینے کے سامنے ہم آ کے ہو کریں
ہر چند آئینہ ہوں پر اتنا ہوں ناقبول — منھ پھیر لے وہ جس کے مجھے رو برو کریں
تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جا ابھی — دامن نچوڑیے تو فرشتے وضو کریں
ہے اپنی یہ صلاح کہ سب زاہدانِ شہر — اے درد آ کے بیعتِ دستِ سبو کریں
اس نے کیا تھا یاد مجھے بھول کر کہیں — پاتا نہیں ہوں تب سے میرا اپنی خبر کہیں
آجائے ایسے جینے سے اپنا تو جیو بتنگ — جیتا رہے گا کب تلک اے خضر مر کہیں
مدت تلک وہاں میں ہنستے پھرا کئے — جیو میں ہے خوب روئیے اب بیٹھ کر کہیں
پھرتے تو ہو بنائے سج اپنی جدھر تدھر — لگ جائے دیکھیو نہ کسی کی نظر کہیں

Marfat.com

ایک دل سو دو بھی ہو ہی چکا صرف داغ سب بہتا پھرے ہے خوں میں کہیں کا جگر کہیں

(قطعہ)

پوچھا میں درد سے کہ بتا تو سہی مجھے اے خانماں خراب ترا بھی ہے گھر کہیں
کہنے لگا مکان معین فقیر کو لازم ہے کیا کہ ایک ہی جاگہ ہو ہر کہیں
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست تو نے نہیں سنا ہے یہ مصرع مگر کہیں
مست ہوں پیر مغاں کیا مجھ کو فرماتا ہے تو پائے بوس خم کروں یا دست بوسی سبو
ٹال دینا اس کو نت ہر طرح جو قبلہ نما پھر مجھے ہر پھر کے آ رہنا اسی کے روبرو
ربط ہے نازِ بتاں کو تو مری جاں کے ساتھ جی ہے وابستہ مرا ان کی ہر ایک آن کے ساتھ
اپنے ہاتھوں ہی کے میں زور کا دیوانہ ہوں رات دن کشتی ہی رہتی ہے گریبان کے ساتھ
گر مسیحا نفسی ہے یہ ہی مطرب تو خیر جیو ہی جاتے ہیں چلے تیر ہر ایک تان کے ساتھ
جی کی جی ہی میں رہی کچھ بات نہ نے پائی ایک بھی اس سے ملاقات نہ ہونے پائی
دید و وا دید تو ہوئی دور سے میری اسکی پر جو میں چاہا تھا وہ بات نہ ہونے پائی

قطعہ

اٹھ چلے شیخ جیو تم مجلس رندوں سے شتاب ہم سے کچھ خوب مدارات نہ ہونے پائی
جی میں مرکوز جو تھی آپ کی خدمت گاری سو تو اے قبلۂ حاجات نہ ہونے پائی
فرصت زندگی بہت کم ہے مغتنم ہے یہ دید جو دم ہے
دین و دنیا میں تو ہی ظاہر ہے دونوں عالم کا ایک عالم ہے
اپنے نزدیک باغ میں تجھ بن جو شجر ہے سو نخلِ ماتم ہے
درد کا حال کچھ نہ پوچھو تم وہی رونا ہے نت وہی غم ہے
مرا جی ہے جب تک تری جستجو ہے زباں جب تلک ہے یہی گفتگو ہے
تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا تیری آرزو ہے اگر آرزو ہے

Marfat.com

قسمت ہے یہ دید و وادید یاراں — جہاں آنکھ مُند گئی نہیں ہوں نہ تو ہے
روندے ہے نقشِ پا کی طرح خلق جہاں مجھے — اے عمرِ رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے
اے گل تو رخت باندھ اُٹھاؤں میں آشیاں — گلچیں تجھے نہ دیکھ سکے باغباں مجھے
پتھر تلے کا ہاتھ ہے غفلت کے ہاتھ دل — سنگِ گراں ہوئی ہے یہ خوابِ گراں مجھے
آنکھوں کی راہ ہر دم اب خون ہی رواں ہے — جو کچھ ہے دل میں میرے منھ پر میرے عیاں ہے
آہوں کی کشمکش میں کہیں دیکھیو نہ ٹوٹے — تارِ نفس سے اے دل وابستہ میری جاں ہے
یہ راہ خاکساری میں سر قطع کی ہے — نقشِ جبیں ہے میرا ہر نقشِ پا جہاں ہے

مت موت کی تمنا اے دردؔ ہر گھڑی کر
دنیا کو دیکھ تو سہی تو تو ابھی جواں ہے

کب ترا دیوانہ آوے قید میں تدبیر سے — جوں صدا نکلا ہی چاہے خانۂ زنجیر سے
دردؔ اپنے حال سے تجھے آگاہ کیا کرے — جو سانس بھی نہ لے سکے سو آہ کیا کرے
فرسودگی ہے رشتۂ تسبیح کا صبو — دل میں کسو کے آہ کوئی راہ کیا کرے
دل دے چکا ہوں اس بت کافر کے ہاتھ میں — اب میرے حق میں دیکھیے اللہ کیا کرے

ماہی سے کچھ نہ ہووے بیاں شست کی خلش — جو سانس بھی نہ لے سکے سو آہ کیا کرے
گر خاک مری سرمۂ ابصار نہ ہووے — تو کوئی نظر قابلِ دیدار نہ ہووے
پھر موت کسو طرح سے نزدیک نہ پھٹکے — دنیا میں یہ جینے کا جو آزار نہ ہووے
گزرے نہ ترے سامنے سے کوئی کہ دو ہیں — شیشہ کی طرح دل کی نگہ پار نہ ہووے
دل دیجے ستمگار سے اظہارِ محبت — ایسا کہیں پھر دیکھیو زنہار نہ ہووے
دیکھ لوں گا میں اسے دیکھیے مرتے مرتے — یا نکل جائے گا جی نالہ ہی کرتے کرتے
او گلابی دے مجھے ساقی کہ یہاں مجلس ہی — خالی ہوئی جائے ہے پیمانے کے بھرتے بھرتے
دردؔ جوں نقشِ قدم تھا سرِ رہ اس کے — مٹ گیا اوروں کے ہی پاؤں کے دھرتے دھرتے

Marfat.com

اپنے بندوں پہ جو کچھ چاہو سو بے داد کرو — یہ نہ آجائے کہیں جی میں کہ آزاد کرو
کوئی دم جو چپ رہا تھا میں جانا کہ مر گیا — اے وائے درد تو نے تو پھر اب نالہ سر کیا
ساقی ہوائے ابر میں رو رو کے تجھ بغیر — ایسا ہوا کبھی نہ کہ دامن نہ تر کیا
وحدت نے ہر طرف تیرے جلوے دکھا دیے — پردے تعینات کے جو تھے اٹھا دیے
یارب تھی کیا خرام وہ جس نے ایک آن میں — کتنے ہی مردے حشر سے آگے چلا دیے

سیلاب اشک گرم نے اعضا میرے تمام
اے درد کچھ بہا دیے اور کچھ جلا دیے

سجّاد

میر سجاد، از اکبرآباد است۔ مرد طالب علم مستعد و شاعر خوب ریختہ (است)، شاگرد میاں آبرو (است) سجاد تخلص می کند۔ بسیار آدمی خوبے است۔ سخن او بپایہ استادی رسیدہ (و) چنیں خوشگو و معنی یاب اگرچہ در بند لفظ تازہ (است) لیکن بر زبان خامۂ او خیلہائے معنی سپاہی (۱) می کند۔ لب و دہن ہر کم بغلے نیست، کہ پیش او چوں کاغذ سفید بشود (و) فکر رنگین او چمن تلاش را سایہ ابر بہارے (است) ہر مصرع بندش را طرف نطف با چنارے (و) ہر بیت بحر خفیفش (۲) بر جگر نشتر زن۔ زبان (لطافت) بیانش رگ (جان) سخن۔ بے انصافی امر علیحدہ است وگرنہ تہ داری شعر او نمایاں است۔ ہر کہ واقف موشگافی طبع اوست می داند کہ (۴) شعر سوختہ پیچدارش بوے آتش دیدہ می ماند۔

قبل ازیں بخانۂ او مجلس یاراں (و) ریختہ (خوانی) می شد۔ بندہ نیز می رفتم۔

---

(۱) پیرس : سپاہی
(۲) پیرس : حقیقتش
(۳) انجمن : طاقت
(۴) پیرس : و

Marfat.com

اکنوں بسبب عوارضات طرفین ربط گونہ ماندہ است۔ (خدا سلامت دارد) از دست:۔

کافر بتوں سے داد نہ چاہو کہ یہاں کوئی مرجا ستم سے ان کے تو کہتے ہیں حق ہوا

اگرچہ باطل باطل است لیکن بجائے کافر کہ اول پیش مصرع واقع است باعتقاد فقیر لفظ باطل حق است۔

گر تیرے کل کے آنے میں کھوئے نہیں حواس سجاد کیوں پھرے ہے سجن آج فق ہوا

ساقی بغیر جام کے جیو کا بچاؤ نہیں جیوں فیل مست آوے ہے ابر سیہ بلا

کیوں مشت گل کبھی دل کی نہ رونے میں بہہ گئی
سجاد مجھ کو باقی ہے چشموں سے یہ گلا

غم نہیں گر گم ہوا بالوں میں تیرے جا کے دل
پیچ پر تجھ زلف کے گویا کہ اس کو بل دیا

تجکو اے سجاد غیر از خنجر بیداد کے
اور بھی کچھ ظالموں کی دوستی نے پھل دیا

جو دل ہو گلوں سے اٹکتا ہوا وہ کانٹا ہے جیو میں کھٹکتا ہوا

بتاں تو چاہتے سجاد تجکو کہیں پر کیا خدا نے جو نہ چاہا

گر تاک زمیں پہ بوند سے کی پیچھ کو لگا دیں
جانیں ہم اپنے دل میں ستم کے تئیں چھپا رہا

آتش غم نے ہر کو سرد کیا وا کچھولا ہوا وہ درد کیا

بتوں کی بھی یہ یاد دور رہے ہمیشہ رہے نام اللہ کا

(۱) پریس : اتفاق کمتر می افتد

(۲) پریس : سخن کاذب

Marfat.com

اب جلا لے ٹک آن کر ساقی — عمر کا بھر چکا ہے پیمانہ
عشق میں جائے گا کہیں مارا — بے طرح دل ہوا ہے آوارا
مقبول اس جہاں کا ہرگز غنی نہ دیکھا — راجا وہی ہے جو کوئی یہاں سے گیا ہے انا
سجاد کوئی دیکھے بے تابیاں تو دل کی — ہے زندگی ہماری یہ موت کا نمونا
یار سے دل ملا وہ غیریتی — نہ دل اپنا ہوا نہ یار اپنا
لاؤتے ہو میرے آگے کیا دوا — خون دل اپنا پیوں میں یا دوا
دل میں تو خطرہ نہ لا ہرگز طبیب — دیکھ کر میرے مرض کر لا دوا
جان و دل سب قبول ہے جانا — پر گلی میں تری نہ مجھے آنا
میں نے جانا تھا نشلبند کرے گا وہ حرف — شوق کے لکھنے کا سجاد نے دفتر کھولا
بیٹھے اگر خوشی سے آکر چمن میں بلبل — کر بال میں غایلہ ایسا لگے کہ اڑ جا
خط کترا کے آج قینچی سے — ہم سے ملنے میں جائے ہے کتر
تیری شمشیر سے جدا ہو کر — سر مرا مجھ کو تن نہیں دیتا
کیا کرے پاؤں بھی کہ جنگل میں — کچھ نہیں آبلوں سے چل سکتا
مرے دیکھ کر حال داماں کا — پھٹے کیوں نہ سینہ گریباں کا
سب کی نظر سے گر کر ایک دم میں پست ہو جا
گر مے کشوں میں آوے زاہد تو مست ہو جا
قاتل کی تیغ آگے جاتے ہیں ہم ندھڑکے — ہرگز ہمارے دل میں سر کا نہیں ہے دھڑکا
شتابی پلا دے کہ جاتا ہے ابر — جو کچھ باقی ساقی رہی ہو شراب
سجاد مہرباں کسے کرتی اس کو کس طرح — غصہ ہوا ہے یار میں کچھ ان دنوں غضب
چین دے ہے نہ چین لے ہے آپ — دل ہوا ہے ہمارے جیو کچھ پاپ
کبھی منزل یہ ہوئی نہیں پوری — بہت اس راہ کو گئے ہیں ماپ

Marfat.com

ہر کام کا اگرچہ ہوتا ہے سہل اوّل
پر عشق کی ستم ہے کوئی ابتدا نہ انتہا

ایک دکھ ہے عاشقی کے پنجہ میں
پانوں کے نزدیک راہِ دور و دست

جلنے سے صدق دل کے سبب بچ گیا خلیل
وہ بات ہے کہ سانچ کو ہرگز نہیں ہے آنچ

دل آبادی میں تنہا کھینچ مت رنج
کہ ویرانے میں دیوانوں کا ہے گنج

بند میں مت رہ دیوانے عقل کے
کر گریباں چاک چھاتی کھول کر

غیروں کو جان خواب میں غفلت کے ڈال کر
اک رات آکے سو رہو ہم پاس آنکھ موند

مر گئے پر اگر نہیں آسیب
کیوں یہ رکھتے ہیں قبر پر تعویذ

مت ہو نالہ عیش کو جا کاغذ
اپنے اوپر نہ حرفِ لا کاغذ

یہ دھواں سا فلک ستاروں سا تھ
ہے نظر میں مری جلا کاغذ

آسماں ایک رقعہ وار نہیں
غم کے لکھنے کو ہو بڑا کاغذ

جیتے چمن کے بیچ بٹھائے ہیں نونہال
تعظیم تیری کرتے ہیں سب اُٹھ کے سرو قد

اس فصلِ گُل میں جوشِ جنوں کا ہوا ہے قہر
جنگل میں آ بھرا ہے نکل کر تمام شہر

ہوتی نہیں ہے سرد ہمارے یہ دل کی آگ
لاگی ہے جس زمانہ سے جلتی ہے دھر دہر

سبھی جلتے تھے شمع و پروانہ
رات یہ دن تھے اہلِ مجلس پر

بادِ صبا سے زلفِ معنبر کی ہم تلک
مدت ہوئی کہ پہنچی نہیں کچھ خبر عطر

کوئی کم گیا ہوگا زلفوں کی راہ
بہت رکھتے ہیں اس سفر سے حذر

دیوانہ کا نہیں مطلب دیوانہ
تو کیوں نامہ یہ ہے سطروں کی زنجیر

Marfat.com

شوق جنوں میں تیرے، عوض چاک جیب کے
نرگس چمن میں دیکھے ہے آنکھوں کو پھاڑ پھاڑ

لختِ جگر ہمارا پانوں کے ساتھ کھا کر — کرتے ہو ہم سے باتیں اب تم چبا چبا کر

کیوں زرق برق کر کے نہ حاضر ہو تجھ حضور
ہیں تیرے گھر کے سب یہ زری پوش خواجہ تاش

کھا گیا مجروح دل میرے کو داغ — حال کیا کچھ گوشت کا کرتا ہے زاغ

میرے تمام حال کی تقدیر ہے یہ زلف — روزِ سیاہ و نالۂ شبگیر ہے یہ زلف

خاموش اس سبب سے ہی رہتا ہے بیشتر — تنگ اس قدر ہے منھ کہ نکلتا نہیں ہے حرف

دَور میں رُخسار کے تیرے کہیں انصاف نہیں
خط چُرا لے جائے دل کو اور باندھی جائے زلف

جس خوبرو کے دل میں نہ عاشق سے ہو نفاق
کہتے ہیں سارے اس کے تئیں حُسنِ اتفاق

دل کو کبھی پیار دلا کر کے تو سجن — لاگا نہیں گلے سے مرے آ کے آج لگ

جب تک ترے بدن کو نہ عاشق بدن لگائے
لگنا نہیں ہے تب تئیں ہرگز کسی کے انگ

زلفوں کے جب اُلجھتے ہیں اس ساتھ آ کے بال
دیتا ہے شانہ عاجزی سے دانت تب نکال

گلی میں تری بیٹھتے ہی سجن — ان آنکھوں سے آتے ہیں آنسو نکل

تدبیر اور کچھ نہیں مجنوں کے حسبِ حال — لیلےٰ کے والدین اسے دیں شہر نکال

کیا جانتے تھے ہم سے مل کر کے اس سے کل
اب کی بہار میں یوں ہو دیں گے فصل سے گل

Marfat.com

سجاد فکر ہم نہ کریں کیونکہ شعر کی لگتے ہیں جا کے یار کے منھ سے سخن میں ہم

ایک دل رکھتا ہوں جو چاہے سو لے جاوے اسے

خواہ زلفیں، خواہ ابرو، خواہ مژگاں، خواہ چشم

پھیر جا ہیں خوبرو آنکھیں کریں، ہیں جب بناؤ

دے کے سر ہر مہ کے تئیں ہو جا ہیں ظالم سیاہ چشم

جب ہم آغوش یار ہوتے ہیں سب مزے در کنار ہوتے ہیں

ناخدائی ٹک ایک کر ساقی ایک کشتی میں پار ہوتے ہیں

تیر ڈوبیں کسی نشانے پر میرے سینے کے پار ہوتے ہیں

اب تو ہم نے کیا گریبان چاک تیرے دامن کو کس طرح چھوڑیں

برابر اپنے سجن بندگی کے کاموں میں نہیں میں دیکھتا صاحب کے کوئی غلاموں میں

کس طرح کوہ کن پہ گزریں گی ہجر کی یہ پہاڑ سی راتیں

از مصنف: بجنیں ہر دو مصرع شنیدہ شد

ہجر شیریں میں کیونکہ کاٹے گا کوہ کن یہ پہاڑ سی راتیں

ہیں شیشہاں شراب کی پیارے بھری ہوئیں

آنکھیں نشے کے بیچ تمہاری گلابیاں

میں جو اس کی گلی میں جاتا ہوں دل کو کچھ گم ہوا سا پاتا ہوں

سایہ میں ہم اس باغ کے ہر بلبل و گل کے سائنہ

تدبیر نہیں دیوار ہے دیوار رہے ہیں

دیکھوں طبیب در پے دارو ہے کب تئیں

مرتا ہوں میں تو عشق میں جیتا موں جب تئیں

جو اک دھج ہے ابروئے خمدار میں کہاں پائی یہ ضرب تلوار میں

Marfat.com

ہر سادہ رُو مخطّط ہونے کی دھن رکھے ہے
لیکن کوئی نکالے تیرا سا خط تو لکھ دیں

جب کرے ہے ترے دہن کا بیاں　　منھ سے غنچے کے پھول جھڑتے ہیں
تیغ تیری کے تلے دھر جائے سر　　جان اتنا کوئی جی رکھتا نہیں
تیری وحشی نگہ سے جنگل میں　　بھاگنے پر غزال بیٹھے ہیں

دونوں طرف جو منھ پہ ہیں موجیں سی جاریاں
لہریں ہیں میرے شوق کی زلفیں تمھاریاں

صیت شعر اب مرا ہوا ہے بلند　　شاعروں کو کہو کہ فکر کریں
لبِ شیریں پہ اس کے مرتا ہوں　　زندگی اپنی تلخ کرتا ہوں
یہ سجاد کے دل کے جلنے کی قدر　　نہیں بوجھتی شمع اس کو بجھاؤ
میرا جلا ہوا دل مژگاں کے کب ہے لائق　　اس آبلہ پا کو کیوں تم کانٹوں میں کھینچتے ہو

ہر چند در مثل تصرف جائز نیست زیرا کہ مثل ایں چنین است کہ "کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو" لیکن چوں شاعر را قادر در سخن یافتم معاف داشتم۔

دیکھ مہندی لگی ان ہاتھوں کو　　پھول آ کر لگے ہیں پاتوں کو
تو روزِ وصل ہیں لے بیٹھے پاس کن کن کو　　یہ راتیں ہجر کی کاٹی تھیں ہم اسی دن کو
چھاتی ترقے ہے کھلتے دس کی گانٹھ　　زر ہو غنچہ کی طرح جس کی گانٹھ
سانپ کی طرح کنڈلی مارے ہے　　زلف تیری ہے کوئی بس کی گانٹھ

نہ جوں زلف تیرہ ہے ہر دل کی آہ　　نصیبوں سے ملتے ہیں بختِ سیاہ
تجھ آنکھوں تلے اندھیرا ہے　　پتلیاں یہ نہیں ہیں مین ہیں سیاہ

دل جیسے خطا کے سبزے میں کھلیان ہو گئے
پڑتے ہیں ایسے جنگ میں بھی کھیت گاہ گاہ

Marfat.com

شرمندہ ہوگئی ہے ترے منھ سے آرسی — اب پھر کے روبرو ترے ہرگز وہ آئنہ (۱)
یار کا جامہ ہمیں ہے گا عزیز — یوسف اپنا پیرہن تہہ کر رکھے
رات اُس زلف کا وہ افسانہ — قصہ کوتہ بڑی کہانی ہے
آئینے ہے خدا سے پیری میں — بُت پرستی ہے اور جوانی ہے
جو کوئی گرا سو آخر تحت الثریٰ کو پہنچا — ظالم کے گھر کی گلیاں کچھ کم نہیں کوے سے
بے تکلف ہو بھوں سے وہ ملے ہے سجاد — دخترِ رز بھی عجب طرح کی مستانی ہے

اگر شعر من می بود پیش مصرع ایں قسم می گفتم۔ (مصرع)

بے تکلف ہو نپٹھ سر پہ چڑھے ہے سجاد

ہاتھ ہی میں رہے ہے طفلوں کے — یہ تماشے کا دل کھلونا ہے
ملک ... ہر کر تم سنو نے — پُرانے دردمندوں کی ہے یہ لَے
بختوں بازی کہیں سجن مل جائے — لیکن ایسے کہاں نصیب مرے
عشق کی ناؤ پار کیا ہووے — جو یہ کشتی ترے تو بس ڈوبے

(اگرچہ) ہمہ شعر سبحان اللہ، لیکن فقیر را از دیدن ایں شعر تواجد دست بہم می دہد، از بسکہ از خواندن ایں شعر خطے بر میدارم، می خواہم کہ بہ صد جا بنویسم

تمھیں غیر سے صحبت اب آ بنی — اسے دوستی ہم سے ہے دشمنی
بُتوں کے تئیں کس قدر مانتا ہے — یہ کافر مرا دل خدا جانتا ہے
جب تک نہیں پہنچتی ترے آستاں تلک — تب تک ہمارے خاک کی ٹھی خراب ہے
کچھ یہ سجاد کے جیو پر ہی عجب حالت ہے — ورنہ دیکھ بیٹیں اس درد کے بیمار کئی
(موچیں ..... شیخ ..... نوچے سے کیا اوپڑتی ہے)

---

(۱) حاشیۂ انجمن: آئے ... آئے

حاشیۂ پیرس: آئینہ بسنی نمی آید۔ ۔آئے ناہ۔

Marfat.com

اے صنم زنار پہنی تجھ وفا کے واسطے
ورنہ کوئی کافر نہیں ہوتا خدا کے واسطے

عاشقوں کا صنم لہو پی، پی
دم بدم تیری تیغ اوگلے ہے

ماہرو بن یہ شمع محفل میں
جیسی روشن ہے سب پہ روشن ہے

سپر داری اسکی کسی سے نہ ہو
یہ ابرو تری ننگی شمشیر ہے

پاؤں جنگل میں دھرنے دیتے نہیں
کیا پھپولوں نیں سر اُٹھایا ہے

ہرگز آنے نہ دیں گے غیروں کو
جان ہرچند ہم گئے ہوں گے

حشمت

میر محتشم علی خاں حشمت تخلص۔ سید صحیح النسب بود۔ سپاہی، عمدہ روزگار۔ شاعر خوب فارسی و (شعر) ریختہ فہمیدہ، سنجیدہ (بسیار رنگیں میگفت، چنانچہ ترکیب بند مشہور کہ مثل وحشی گفتہ، شاہد حال ایں مقال است و مرد افتادہ بود) باہمہ (کس) بعجز و انکسار پیش (می آمد) جنسے بود کہ در دل ہمہ کس جاے او خالیست۔ از خاک پاک دہلی (شاہ جہان آباد) بود۔ در مغل پورہ سکونت داشت۔ برادر کلان او کہ میر ولایت اللہ خاں باشد از معتمات روزگار است۔ دیریست کہ ترک روزگار کردہ خانہ نشین است۔ گاہے فکر شعر ہم می کند۔ بر فقیر شفقت و عنایت (۳) بسیار می کند۔ خدا در حفظ خودش (بسلامت) نگاہ دارد۔ و آں مرد از نامردی روزگار ناہنجار فوراً فوت شد۔ خدائش بیامرزد (دو سہ شعر بخوبی طبع عالی آں مرحوم بہ تحریر آمد) از حشمت است:

---

(۱) آمد :: محاورہ۔ شعر میں بھی "می آمد" ہے

(۲) پیر حما: شکایت۔

(۳) پیرس: عنایات بسیار

(۴) پیرس: و میر محتشم علیخاں مرحوم

Marfat.com

نکہت گل نے نہیں جگایا کسے زنداں کے بیچ
پھیر زنجیر کی جھنکار پڑی کان کے بیچ
بہار آئی دیوانہ کی خبر لو اگر زنجیر کرنا ہے تو کر لو

کرم اللہ دردؔ

کرم اللہ خاں دردؔ، ہمشیر زادۂ نواب عمدۃ الملک امیر خاں بہادر است۔ بسیار خوش فکر (و رنگین گو) و(۱) عاشق سخن (کہ سخن او) خالی از دردمندی نیست۔ خوب(۲) می گوید و خوب می فہمد۔ بندہ بخدمت او رفتہ یک ملاقات کردہ ام، طبع شورانگیزے دارد، مرد خوشیست۔ خدایش زندہ دارد۔ ازوست:۔

مرے سینہ میں ہر یک سانس ہو کر پھانس کسکے ہے
خلش دل کی نکل جاوے تو کیا آرام ہو جاوے
سامنے ہوتے ہی پھر نعش نہ پائی دل کی
بٹ گیا نوکِ سناں پر صفِ مژگان کے بیچ

فغاںؔ

اشرف علی خاں، فغاںؔ تخلص، کوکہ بادشاہ احمد شاہ (ولد محمد شاہ بود) داخل ذیل نیمچۂ امرایان است۔ بسیار جوان قابل و ہنگامہ آرا۔ شعر ریختہ را بخوبی می گوید (و) گاہے فکر غزل فارسی ہم می کند۔ شاگرد

---

(۱) پیرس : و عاشق پیشہ

(۲) پیرس : الحق کہ خوب می گوید خوب می فہمد و طبع شورانگیزے دارد۔ بندہ را یک دو بار ملاقات شدہ است۔ و اختلاط بسیار میان آمدہ است۔ مرد خوبست، خدایش سلامت دارد۔

Marfat.com

قزلباش خاں مرحوم است

دریں ایام (طبع او[1] بہ لطیفہ گوئی بسیار مایل است) چنانچہ ناگرمل را، کہ دیوان تن و دخیل پادشاہی است، گھی[2] کی منڈی کا سانڈ، گفتہ، (ہر کہ دیدہ باشد، فہمیدہ باشد[3]) وحکیم معصوم را در دربار معلّٰی گاو گجراتی نام کردہ۔ ہر کہ حکیم صاحب را بیند۔ داند بندہ بخدمت او بسیار مربوطم۔ از وست (کہ چند شعرش بہ تحریر قلم می آید):۔

(وہ[4] چاہے یا نہ چاہے فغاں آپ چاہیئے
اپنے کیے کو ہاں میرے صاحب نبھایئے)

ساقی نہ میں یہاں آپ سے کچھ چشم تر آیا
دل دیکھتے ہی ابر کو ناچار بھر آیا

آوارہ پریشان و شکستہ دل و بدنام
سُنتے تھے فغاں جس کو وہ آج ہی نظر آیا

(۵)
شمع رو مست راہ دے خلوت میں پروانے کتیں
اے تیرے قربان ہم کیا کم ہیں جل جانے کتیں

مسموع گشتہ کہ روزے اشرف علی فغاں و نواب امیر خاں مرحوم در خدمت بادشاہ محمد شاہ، نوّر اللہ مرقدہٗ، استادہ بودند۔ بادشاہ از راہ شفقت و

---

(۱) انجمن: طبع او رمائل لطیفہ بسیار است۔

(۲) پیرس: نامش گھی کی منڈی کا سانڈ گذاشتہ۔

(۳) انجمن: ہر کہ دیدہ باشد و فہمیدہ باشد۔

(۴) یہ شعر پیرس کے حاشیے پر ہے۔

(۵) یہ شعر اور اس سے متعلقہ عبارت انجمن میں نہیں ہے۔

Marfat.com

مہربانی بہ فغاں فرمودند کہ دریں روزہا اگر شعر ریختہ تازہ گفتہ باشی، بخواں۔
فغاں مذکور چوں ایں شعر را تازہ گفتہ بود، بہ عرضِ اقدس اعلا رسانید،
بسیار موردِ تحسین گشت۔ نواب امیر خاں گفتند کہ شعر بسیار رنگیں و مضمون روشن گفتہ اید
اما اگر بجائے لفظ "قربان ہم" "بل جائیں ہم" می بود، رتبۂ دیگر داشت۔ چوں حرف
"بل جائیں ہم" برائے سوختن پروانہ مناسبات کلی داشت، حضرت ظل (۱) سبحانی تحسین
فرمودند و ہمیں حرف مکرر بزبان مبارک خود خواندند، اے تیرے بل جائیں ہم،
گویا جان در قالب شعر دمیدہ شدہ۔ غفر اللہ لہٗ)

شکوہ تو کیوں کرے ہے مرے اشک سُرخ کا
کب آستیں ترنی مرے لوہو سے بھر گئی

(۲) ایں شعر را مرزا رفیع در غزل خود قطعہ کردہ است و چہ خوب کردہ۔

حاتم

شیخ محمد حاتم، حاتم تخلص۔ از شاہجہان آباد است۔ (و) می گوید
کہ من با میاں آبرو ہم طرح بودم۔ مرد یست جاہل و متکبر و — منقطع و ضع، دیر آشنا
(مدمغ) غنا ندارد و در یافتہ نمی شود کہ ایں رگ کہن بسبب شاعری است کہ ہمچو من
دیگرے نیست یا وضع او ہمین است۔ (بہر حال) خوب است، مارا با ینہا
چہ کار۔ شعر بسیار دارد (و) و دیوانش تا ردیف تے

(۱) نسخے میں الفاظ واضح نہیں ہیں۔ یہ اضافہ قیاسی ہے۔

(۲) پیرس: وایں بیت فغاں را سودا یعنی میرزا محمد رفیع، سلمہ اللہ، قطعہ کردہ و چہ خوب کردہ است:

شکوہ کرے ہے کیوں تو میرے اشک سرخ کا
تیرا ہی کب آستیں سے لہو سے بھر گئی

Marfat.com

بدست آمدہ بود (۲) (پارہ اشعارش نگاشتہ می شود) بامن ہم آشنائے بیگانہ است،

از دست :-

مثالِ بحر موجیں مارتا ہے لیا ہے جن نے اس جگ سے کنارا
آزاد کو بھلا ہے رہنا جہاں میں ننگا ہیگا لباسیوں میں جن نے لباس رنگا
پانومست دھر بوالہوس بحر عمیق عشق میں جان کو ڈوبا ہے یہاں انجان جو آکر ترا
نال کی سی طرح چاہے تھا کہ بالا دے مجھے
مدعی آخر کو اپنے زور میں آپ ہی گرا
آب حیات جا کے کسو نیں پیا تو کیا مانند خضر جگ میں اکیلا جیا تو کیا
ہجر میں زندگی سے مرگ بھلی کہ کہے سب جہاں وصال ہوا
تو نہیں تو کنج تنہائی میں ہے بوریا کا نقش ہم پہلو مرا
ہر قدم پر سرد پانی ہے یہے جو چلے وہ قامت دل جو مرا
حاتم بیکس کا تجھ بن کون ہے کون ہوگا جو نہ ہوگا تو مرا
ہائے بے درد سے ملا کیوں تھا آگے آیا مرے کیا میرا

اگر شعر من می بود، این چنیں (۳) می گفتم

مبتلا آتشک میں ہوں اب میں
آگے آیا سے کیا میرا

پیش گرمی ایں مصرع دخنکی آں شعر روشن است

لیا اُس گلبدن کا ہم نے بوسہ تو کیا چو ماں رقیبوں نے ہمارا

---

(۱) پیرس : دیدہ شدہ

(۲) انجمن : دپارہ اشعار آں نگاشتہ می شوند

(۳) پیرس : پیش مصراعش چنیں می گفتم

Marfat.com

شاید عمل کیا ہے رقیبوں کی بات پر　　لب تر دلوں کا چور بھرے ہے چھپا ہوا
نظر آتا تھا بکری سا کیا پر ذبح شیروں کو
نہ جانا میں کہ یہ قصاب کا رکھتا ہے دل گُردا
ان دنوں میں دیکھ کر ہم کو اچھلتے ہیں رقیب
پیٹ ہے ان کا بھرا کل پر سوں مرتے ہیں رقیب
وصف آنکھوں کا لکھا ہم نے گل بادام پر
کر کے نرگس کو قلم اور چشم آہو کی دوات
مے پلا کر راہ کھویا ہے رقیبوں نیں اسے
آوے حاتم کی طرف جب کہ کبھو مت آوے
چھین لیتے ہیں مرے دل کو نگاہوں کے بیچ
حُسن رہ زن ہے یہ پنجاب کی راہوں کے بیچ
(بات حاتم کا پکڑ پاتا رویا شاہ
گرچہ ہے غرق سدا جُرم گناہوں کے بیچ)
(تم بنا جان نہیں، جان مرے، جان کے بیچ
تم مگر آ کے جلاؤ گے مجھے آن کے بیچ)
ایک دن ہاتھ لگایا تھا ترے دامن کو
اب تلک سر ہے خجالت سے گریباں کے بیچ
(ہوئی زبان لال ترے ہاتھ سے کھاتے بیڑا
کیا فسوں پڑ (ھ) کے کھلایا تھا تجھے پان کے بیچ)
(آج حاتم سے سجن تم نے بُرا کیوں مانا
کیا خلل اون نے یا آ کے تیری شان کے بیچ)

Marfat.com

(عشق نے چٹکی لی جب آ کے مری جان کے بیچ
آگ سی
(زلف و خال و چشم و خط چاروں ہیں دشمن دیں کے
حق رکھے ایمان سلامت ایسے کفرستان کے بیچ
(اہل معنی جز، نہ بوجھے گا کوئی اس رمز کو
ہم نے پایا ہے خدا کو صورت انساں کے بیچ)
(گر عدو میری بدی کرتا ہے خاص و عام میں
میں اسے رُسوا کروں گا باندھ کے دیواں کے بیچ)

(۱) شعر خوبست لیکن لطیفہ متبدل شیداست کہ او در دیوان پادشاہے گفتہ بود، بر روے امیرے کہ نامش از خاطر رفتہ است۔ در دیوان صاحب رواغدم۔ صاحبہم عزت خود در دیوان من خواہند دید،

کوئی دیتا نہیں ہے داد بیداد کوئی سُنتا نہیں فریاد فریاد

سجن نے یاد کر نامہ لکھا اور ہم رہے غافل
بجا ہے معذرت لکھنا ہمیں کاغذ خطائی پر

آج نرگس کا قلم کر کے سجن لکھتا ہوں وصف آنکھوں کا ترے کاغذ بادامی پر
جب سوں تیری نظر پڑی ہے جھلک تب سوں لگتی نہیں پلک سے پلک
دیکھ طور اس دَور کا حاتم نہیں کی ترک شراب
یاد کر کے سبز رویاں کو وہ اب پیتا ہے بھنگ

درلفظ سبز رویان (ہر چہ احمد سبخ ۱) تامل کردن ضرور است زیرا کہ (۲)

---

(۱) یہ عبارت نسخۂ پیرس میں نہیں ہے۔
(۲) پیرس : چرا کہ

Marfat.com

(ایں لفظ) آشنائے گوش ایں ہیچمداں نیست۔

(ابہام)

خاصے سجن کا ملنا تن سکھ ہے عاشقوں کو
گاڑھے رقیب سارے مرتے ہیں ہات ملکل

دلوں کی راہ خطرناک ہو گئی آیا کہ چند روز سے موقوف ہے پیام وسلام
ارا ہے سنگ دل نے دکھا مجھکو رنگ سرخ
تعویذ مجھ مزار کا لازم ہے سنگِ سرخ

یکرو

یکرو تخلص، مردے بود شاگرد میاں آبرو (دیگر) برا حوالش اطلاعے ندارم مگر دو سہ مرتبہ در مجالس ریختہ دیدہ ام۔ با آنکہ ہیچمداں فن ریختہ بود و لیکن خود را ہمہ داں می شمرد۔ از وست:۔

دل پر مرے ہیں داغ ترے ہجر کے کئی
گنتے میں جن کے عمر میری سب گذر گئی

پاکباز

میاں صلاح الدین، عرف لکھن، پاکباز تخلص۔ شخصے است گوشہ نشین، شاگرد میاں یک رنگ کہ احوالش نوشتہ آمد۔ بسیار کم اختلاط، کم با آشنا شدن زانی دارد۔ پسر میاں شاہ کمال۔ نبیرہ شاہ جلال۔ قدس سرہ، است

Marfat.com

بتاریخ پانزدهم ہر ماہ قرار یافتہ (۱) است، اگر دماغ وفا میکند (البتہ) تشریف می آرد۔ مزاجش خالی از وحشت نیست۔ از دست :۔

جلوے تمہارے حسن کے نت ہیں، پہ ہم کہاں
تم تو سجن ہمیشہ ہو، افسوس ہم نہیں
مجھے درد و الم رہتا ہے نت گھیرے میاں صاحب
خبر لیتے نہیں کیسے ہو تم میرے میاں صاحب

بے تاب

محمد اسمٰعیل، بے تاب۔ مرد درویشے بود، شاگرد میاں بک رنگ (مصطفٰے خاں) بسیار مربوط (و) مضبوط الاحوال۔ دریں ایام بخانۂ جعفر علی خاں می رفت کہ از پشت اسپ بر افتاد و دستش شکست۔ بیماری دو سہ ماہ کشید آخر از ہماں آزاد مرد (۲)۔ خدایش مغفرت بکند۔ با فقیر نیز آشنا بود مند۔ از دست :۔

نہ ہوتا گر کسی سے آشنا دل — تو کیا آرام سے رہتا مرا دل
تڑپ کر مر گئی بلبل قفس میں — پڑی تھی ہائے کس ظالم کے بس میں

یقین

انعام اللہ (خاں) یقین تخلص شاعر ریختہ، صاحب دیوان (است) از بسکہ اشتہار دارد، محتاج بہ تعریف و توصیف نیست۔ تربیت کردۂ

---

(۱) پیرس : مقرر است
(۲) ... مرحوم ... رحمت الٰہی رفت

Marfat.com

مرزا (جان جاں) مظہر است۔

پدرش اظہر الدین خاں نام دارد۔ باجدش (نیز) درسرہند ملاقات کردہ بودم۔ بسیار آدم (خوب) بامزہ یافتہ (شد) (و با فقیر) بسلوک (و تواضع) پیش آمدہ وضیافت فقیر کردہ۔ تا دیر نشستہ صحبت مستوفی داشتم۔ شعر فارسی بطرز (نیکو) می گوید

آمدم برسر مطلب۔ میاں نقیب را مردماں می گفتند کہ مرزا مظہر اورا شعر گفتہ می دہد و وارث شعر (۲) ہائے ریختہ خود گردانیدہ۔ از قبول کردن این (معنی) (۳) بندہ را خندہ می آید کہ ہمہ چیز بوارث می رسد الا شعر۔ مثلاً کسے بر شعر پدر خود یا بر (۴) مضمون او متصرف شود۔ ہمہ کس اورا دزد خواہند گفت نہ بہ شعر استاد چہ رسد!

القصہ پرد بوچے چند کہ یافتہ است، کہ ما و شما نیز نمی توانم یافت، این قدر برخود چیدہ است کہ رعونت (و) خون پیش او پشت (و) دست برزمیں می گذارد (و) بعد از ملاقات این قدر خود معلوم شد کہ ذائقۂ شعر فہمی مطلق ندارد۔ شاید از ہمیں راہ مردماں گمان ناموزونیت در حق او داشتہ باشند۔ (و) جمع را ایں اتفاق دارند کہ شاعری او تمامی از نقص نیست۔ چرا کہ شاعر این قسم کم فہم نمی باشد۔

---

(۱) پرس : می گفت

(۲) پرس : اشعار

(۳) انجمن : معنیش

(۴) پرس : نقیر

(۵) پرس و شورش : شاعری او یقینی نیست۔

Marfat.com

از شخصے منقول است کہ بخانہ عطیۃ اللہ (خاں) کہ پسر نواب عنایت اللہ خاں مرحوم باشد، (انعام اللہ خاں) یقین نشستہ بود و می گفت: ازاں روز یکہ مرزا دست استادی در سر من داشتہ است، شعر من ترقی کردہ شخص مذکور ایں مصرع نظامی را پیشِ حضار مجلس بآواز بلند (بر) خواند، مصرع:

شد آں مرغ کو خایہ زریں نہاد

حاصل او را بیضہ در کلاہ شکست

و میاں شہاب الدین ثاقب تخلص کہ احوال (۲) نوشتہ خواہد شد، نقل می کرد کہ من محض برائے امتحان بخانہ او رفتم و یک غزل طرح کردم۔ من غزل بانصرام رسانیدم و ازو مصرعے موزوں نہ شدہ۔ (و) اللہ اعلم۔

دیکھ تجھ کاکل مشکیں کی ادائیں شانہ
ہاتھ اوٹھا کیوں نہ کرے تجکو دعائیں شانہ

اس کے بھر آئے ترے مرہم کاکل سے زخم
دونوں ہاتھوں ستی لیتا ہے بلائیں شانہ

چاہیئے مجھ دل صد چاک کو لے جائے ہاں
گریباں واسطے زلفوں کے منگائیں شانہ

حسرت گیسوئے مشکیں میں مرے جو بیدار
استخواں اوس کے کا لازم ہے بنائیں شانہ

ترے کیا ہاتھ آیا اس ستم سے باغباں سچ کہہ
اوجاڑ کیوں چمن سے بلبلوں کا آشیانہ سچ کہہ

نہیں معلوم ہوتا مجکو اس دشنام دینے سے
مزا آتا ہے کیا تجھکو ارے شیریں زباں سچ کہہ

---

(۱) انجمن میں صرف یہی ایک شعر ہے، باقی اشعار نسخۂ پیرس سے نقل کئے گئے ہیں۔

Marfat.com

گریباں چاک کر اور پاؤں ننگے ہو کے دیوانا
تو ایسے حال سے بسدار جاتا ہے کہاں سچ کہہ

عاشقوں میں جو کوئی کشتۂ کاکل ہووے — اوس کی تربت پہ سدا سبزۂ سنبل ہووے
جس دن تم آ کے ہم سے ہم آغوش ہو گئے — شکوے جو دل میں تھے سو فراموش ہو گئے
سلام بھی ہے زمانے میں اور دعا بھی ہے — ہمارے یار نے قاصد سے کچھ کہا بھی ہے
زلف اوس رخ پہ صبا سے جو پریشاں ہو جائے
سحر و شام بہم دست و گریباں ہو جائے

زاہد اس راہ نہ آ مست ہے میخوار کئی — ابھی یہاں چھین لیے جبہ و دستار کئی
ناتواں مجھ سے بھلا کون ہے انصاف تو کر — چشم فتاں کے ترے گرچہ ہیں بیمار کئی
نشہ میں جی چاہتا ہے بوسہ بازی کیجئے — اتنی رخصت دیدیجئے بندہ نوازی کیجئے
چاہیئے جو کچھ سو ہو پہلے ہی سجدے میں حضور — آپ کو گر کعبۂ دل کا نمازی کیجئے

رُباعی

خورشید سپہر دین و سول الثقلین — ہیں اون کے علیؓ و فاطمہؓ نور دو عین
فانوس نبوت و ولایت کے بیچ — مانند دو شمع جلوہ گر ہیں حسنینؓ

سلام

میاں نجم الدین علی سلام تخلص۔ مولد او (از دار الخلافہ) اکبرآباد است۔ خلف میاں شرف الدین علی خاں پیام کہ احوال او نگاشتہ شد۔ چوں یار باش و مخاطب صحیح حقیقت (و) جمعیت (و) لیاقت (و) شخصیت (و) آدمیت (و) حرمت (و) عظمت ہمہ دارد۔ فقیر را با او از تہ دل اخلاص است۔ چنانچہ اکثر

(ا) شورش و پیرس: حمیت

Marfat.com

اوقات اتفاق باہم فکر شعر کردن و گپ زدن و مزاح نمودن می افتد (۱)۔ جوانے خوبیست خدا زندہ دارد۔ ازوست :

حدیثِ زلف چشمِ یار سے پوچھ — درازی رات کی بیمار سے پوچھ
بے تابیو! قسم ہے تمھیں میرے صبر کی — مسلخ میں بعد ذبح تحمل نہ کیجیو

بہار

لالہ تیک چند بہار تخلص۔ مرد (ے) مستعدیست۔ از یاران سراج الدین علی خاں (صاحب است) صاحب (۲) تصانیف بسیار، دماغ تفصیل ندارم۔ برہمن رنگیں۔ بہار سخن از لفظ لفظش ہزار (۳) ہزار رنگ معنی گل می کند۔ با فقیر ہم آشنا است۔ (خدا ہدایتش کند و اسلام نصیب .. (۴))

وہی ایک ریسماں ہے جس کو ہم تم تار کہتے ہیں
کہیں تسبیح کا رشتہ کہیں زنار کہتے ہیں
اگر جلوہ نہیں ہے کفر کا اسلام میں ظاہر
سلیمانی کے خط کو دیکھ کیوں زنار کہتے ہیں
(ایتا (۵) مردم کشی کا زور بیماروں نے کب پایا
غلط کرتے ہیں ان آنکھوں کو جو بیمار کہتے ہیں)

---

(۱) پیرس : اختلاط نمودن

(۲) پیرس : تصانیف بسیار دارد

(۳) پیرس : ہزاراں ہزار

(۴) نسخے میں الفاظ واضح نہیں ہیں۔

(۵) یہ شعر پیرس کے حاشیے پر ہے۔

Marfat.com

تھی زلیخا مبتلا یوسف کی اور لیلےٰ کا قیس یہ عجب مظہر ہے جس کے مبتلا ہیں مرد و زن

باعتقاد بندہ بجائے اشارت قرینہ و کلمۂ استعجاب کہ اول مصرع دوم بکار برده است اگر حسن کیا" می گفت، ایں شعر واضح تر می شد، فافہم ۔

سحر یا معجز ہے : سچ کیوں نہیں کہتا بہاؔ دم ترا جذرِ اصم سے زور کرتا ہے کرے

ہمیں واعظ ڈراتا کیوں ہے دوزخ کے عذابوں سے
معاصی گو ہمارے بیش ہوں کیا مغفرت کم ہے

سبھی کرتے ہیں دعوٰے خون کا قسمت ہے تو دیکھیں گے
صفِ محشر میں ہوگا کس کے دامن ہاتھ قاتل کا

ناز و استغنا، عتاب، اغراض سب جاں کاہ ہیں
قرب میں خوباں کے کیا معنی کہ دل کو ہو نشاط

نہیں معلوم کیا حکمت ہے شیخ اس آفرینش میں
ہمیں ایسا خرابی کیا تجھ کو سُنا جاتی

محبت کی نظر میں جو جاوے گا تو دیکھے گا کوئی آرے تلے چیرا کسی کو کوہ پر پٹکا

نثار

میر عبدالرسول نثار ۔ از یاران فقیر مؤلف است ۔ چنانچہ (شعر) (۱) مشورت من (۲) می گوید ۔ سید نجیب، جوان سعادت مند، اصلش (از) اکبر آباد است ۔ در عصر (پادشاہ ع) فرخ سیر بادشاہ کہ ہنگامہ (با) نیکو سیر در اکبر آباد گرم شدہ بود، بزرگان ایں با اقتدار بسر می بردند ۔ (مرد) بسیار آراستہ پیراستہ، سنجیدہ فہمیدہ (۳) (است) فقیر از وضع او بسیار محظوظ است ۔ از دست :

(۱) شروانی میں یہ لفظ موجود ہے
(۲) پیرس : فقیر
(۳) پیرس : خوش

Marfat.com

جو ہے یعقوب یوسف دیکھنا منظور آنکھوں سے
تو اتنا پھوٹ کر مت رو کہ جاوے نور آنکھوں سے

ٹک دیکھ تو چمن کا کیسا ہے ڈھنگ تجھ بن
منہ سے اُڑا ہے گُل کے گلشن میں رنگ تجھ بن

ہر سمت صد تمنا تڑپھیں ہیں خاک و خوں میں
ہے صحن خانہ میرا میدان جنگ تجھ بن

یہاں گُل رکھے پھرے ہے دستار پر تو اپنی
وہاں عاشقوں کے سر پہ پڑتے ہیں سنگ تجھ بن

اکثر ہیں دلفگار و لیکن نہ اس قدر کتنے ہیں بے قرار و لیکن نہ اس قدر
میں وہ ہوں جس کے رشک سے گُل نے کیا سجر
ٹکڑے جگر ہزار و لیکن نہ اس قدر

ہاتھ سے ان جامہ زیبوں کے نکل جاویں گے ہم
یہ گریبال دامن صحرا کو دکھلاویں گے ہم

یہ عزم کس مریض پہ اے چشم کس پہ شوخ
اک میں ہوں مضطرب سو تو بسمل طپیدہ ہوں

قاصد یہ مقتضا نہیں غمزیست کا خط لئے
مشتاق پرفشانی رنگ پریدہ ہوں

طوفان خلق ہووے گا اشک ستم زدہ
ایسا نہ ہووے یار کہ میں آب دیدہ ہوں

میر حسن

میر حسن متخلص بہ حسن - جوان اہلیست . نوکر پیشہ، اکثر در بندہ خانہ بتقریب مجلس تشریف می آرد، وضع مرد آدمیانہ دارد - مشق شعر از مرزا رفیع (سودا) می کند - از دست :

Marfat.com

لگتا ہے آج مجکو یہ سارا جہاں خراب　　شاید کہ رہ گیا ہے کوئی خانماں خراب
قاتل اگر کہے کہ سسکتا ہے چھوڑ دو　　خنجر تو ایک دم کے لئے منہ نہ موڑیو

زکی

جعفر علی خان زکی۔ مرد عمدۂ روزگار بیست۔ متوطن (شاہجہان آباد) دہلی (است)

بادشاہ محمد شاہ بر او فرمائش مثنوی حقہ کردہ بود۔ دو سہ شعر موزون کرد،(۱) دیگر سرانجام ازو نیافت۔ اکنوں شیخ محمد حاتم کہ نوشتہ آمد، باہتمام رسانید و(۲) آں مثنوی خالی از مزہ نیست۔(۳)

پنج چار سال پیش ازیں، خانہ جعفر علی خاں مجمع یاراں ریختہ مقرر بود۔ خدا داند چہ واقع شد کہ برہم خورد۔

(۴) (و جعفر علی خاں) شعر ریختہ را جستہ جستہ (بسیار رنگین و مربوط) می گوید۔ آنچہ ازو اشعار شنیدہ شدہ، نوشتہ شدہ۔ از دست

چمکتے دانت دیکھے بار کے ریخیں جمانے میں
جڑی ہیں گپتیاں الماس کی نیلم کے خانے میں

از مثنوی اوست در منقبت گفتہ

(مدح)

قضا کے راج کی صنعت گری دیکھ　　نبیؐ کے آل کی بارہ دری دیکھ
نبی کے آل پر مجھ وار جانا　　اسی بارہ پلے سے پار جانا

---

(۱) پرس : چند
(۲) پرس و شمردش : کردہ بود۔
(۳) پرس : مذکور او گذشت
(۴) پرس : چندے ازو نوشتہ می آید:

Marfat.com

درتعریف عشق و آبلہ می گوید :

بدہ کی راہ کے گوہر پھپھولے کہ کانٹے باٹ میں جاتے ہیں تولے

تمکین

میاں صلاح الدین تمکین تخلص (۱) - جوان رنگیں مزاج، شوخ طبع باتمکین است۔ درویش وضع، بکسے کار ندارد - بہر طور کہ می گذرد، بسر می برد۔ ازوست :

(تمکین)

حُسن اور عشق کو جس روز کہ ایجاد کیا مجکو دیوانہ کیا، نجکو پری زاد کیا

(جواب نہ مریئے تو پھر انتظار میں مریئے خدا خزاں نہ دکھاوے، بہار میں مریئے) (۲)

(تمام عمر شرابیں پیا کئے ساقی ہزار حیف کہ آخر خمار میں مریئے)

جگّن

میاں جگّن خالہ زادۂ شیر افگن خاں حال است۔ دعوی شاگردی فقیر می کند۔ بارے سر بہ سخن دارد، خدائش زندہ دارد :

اس دل مریض عشق کو آزار ہی بھلا چنگا ہو تو ستم ہے یہ بیمار ہی بھلا

غریب

محمد امان اللہ غریب تخلص کہ یادش بخیر (باد) یک (۴) آشنائے بامزہ داشتم (۳) بسیار خوش ظاہر بود۔

---

(۱) تمکین کا ترجمہ پیرس سے نقل کیا گیا ہے۔ انجمن میں ترجمہ اس طرح ہے :- جوانے بے تمکینے : متمکن باصطلاح یاراں شوخ طبع مردیست۔ درویش وضع بکسے کار ندارد۔ بہر طور یکہ باشد بسر می برد۔

(۲) آخری دو شعر پیرس کے حاشیے پر ہیں۔

(۳) پیرس : محمد زماں

(۴) پیرس : آشنائے بامزہ بود

Marfat.com

زبانش لکنت داشت، ازیں سبب گاہے الکن ہم تخلص می آورد (۱)۔ چوں اکثر (ے) در باغات مغل پورہ می رفت، بندہ اورا (رند باغاتی (۲)) می گفتم۔

بسبب پریشانی روزگار قریب دو (سہ) سال است کہ بسمت بنگالہ رفت (۳)

تیری بغل ہی میں دل پر داغ ہے غریب حسرت چمن کی کا ہے کو یہ باغ ہے غریب

محسن

محمد محسن، سلمہ اللہ (۴)، محسن تخلص می کند۔ برادر زادۂ فقیر مؤلف است۔ ذہنش بسیار مناسب و سلیقہ اش خیلے (۵) درست معلوم می شود۔ مصرع ریختہ بہ مشورت من موزوں (۶) می کند۔ سنش نام خدا تا پست سالگی رسیدہ باشد (۷)۔ خوب خواہد گفت (۸)، ان شاء اللہ۔ ازوست:۔

یوسف مصر پہنچتا ہے کوئی تجھ سے دلبر عزیز دلہا کر

حرف تیرے عقیق لب کا شوخ زندہ کرتا ہے نام عیسیٰ کا

دورے (۹) گئے وہ کوہکن و قیس کے جو تھے میرے جنوں کا اب تو زمانہ میں شور ہے

محسن تمام عمر مجھے روتے ہی کٹی اس غم کدے میں آہ کہیں بھی سرور ہے

ملا رنگِ رو اس قدر زرد ہے کہ یہاں زعفراں زار بھی گرد ہے

---

(۱) پیرس : می کرد

(۲) انجمن : ارنڈ باغاتی

(۳) پیرس : رفتہ است

(۴) پیرس : حفظہ اللہ من آفات

(۵) پیرس : بسیار درست است

(۶) پیرس : فقیر

(۷) پیرس : سنش کمست سال داشتہ باشد

(۸) پیرس : ان شاء اللہ آئندہ خوب خواہد شد۔

(۹) نسخۂ پیرس میں "دورے" کا مفہوم "زمانہ" درج کیا گیا ہے۔

Marfat.com

طپش تشنہ لب تڑپے ہے غالباً — دھڑا کے کا دل میں مرے دد ہے
اگر شیخ دوزخ میں گرمی ہے زور — مرے پاس بھی اک دم سرد ہے
بہتوں کا عاشقی میں یہاں کال ہوگیا ہے — اے دل ابھی سے تیرا یہ حال ہوگیا ہے
تک راہ پر تو آؤ اب سیر کو کہ محسن — مانند نقش پا کے پامال ہوگیا ہے

تعزیت دار حسرت دل ہے — یہ جو گریہ کا جامہ آبی ہے
دل پر آبلہ مرا محسن — رشک آئینۂ جابی ہے
اس کے کوچہ میں ہے کچھ نالۂ شب کا چرچا — دیکھیو کوئی یہاں میرا تو مذکور نہیں
طبع نازک کو مرے ہاتھ میں رکھیو کہ میں — قیس و فرہاد سا و ہمقافی و مزدور نہیں
تنگ ابرو پی عاشق اُلٹ گئے — تجھے تلوار سے اے شوخ جس سے ہے
کیا جانیے وہ شوخ کدھر ہے کدھر نہیں — ہم کو تو تن بدن کی بھی اپنے خبر نہیں
اس دشت پرخطر کا میں باشندہ ہوں جہاں — آدم کا ذکر کیا ہے ملک کا گزر نہیں
دل دینے پر ہو جیو تو کرو خانماں خراب — یہ عاشقی ہے شیخ جیو، خالا کا گھر نہیں
مرگیا پوچھی نہ پر تم نے مری زحمت دل — جیو کی جیو ہی میں رہی ہائے مری حسرت دل
مجھ تہیدست کنے کیا تھا کوئی دن آگئے — داغ پیسے ہے جو ہاتھوں پہ ہیں مہندی دل
کیا حساب اتنی جفاؤں کا جو میں کھینچوں ہوں — میں گرفتار بلا میں جو ہوا بابت دل

(قطعہ)

اے دیدہ خاندان تو اپنا ڈبو چکا — اب رونا تو ہے کیا جو کچھ ہونا تھا ہو چکا
محسن نہ روؤں میں تو بھلا کہہ کے کیا کروں — اک دل بساط میں تھا میں اس کو بھی کھو چکا
دل مرا وابستۂ زنجیر زلف یار ہے — ہے تو دیوانہ پر اپنے کام میں ہشیار ہے
اور یہ عاجز تمہارا کچھ نہیں رکھتا مگر — جاں برلب آمدہ حاضر ہے گر درکار ہے

Marfat.com

ٹک آکے دیکھ نہیں کچھ بھی حال آنکھوں میں پھرے ہے اس پہ بھی تیرا خیال آنکھوں میں
نہ پوچھ دخترِ رز کی تو مجھ سے کیفیت لئے ہی جاتی ہے دل پہ چھنال آنکھوں میں
جاں بلب ہوں میں نکل جائے نہ یہ جان کہیں
دل میں حسرت ہی رہی جاتی ہے آ، مان کہیں

کب تلک نزع کی حالت میں رہوں میں تجھ بن
ہو بھی اے مردنِ دشوار اب آسان کہیں

جس دن تری گلی سے میں عزم سفر کیا ہر ایک قدم پہ راہ میں پتھر جگر کیا
بت خانے کی شکست و درستی کعبہ ہائے یہ سب کیا پہ شیخ نہیں دل میں نہ گھر کیا

رباعی

جب تخم محبت ہم نے دل میں بویا دین و دنیا سے ہاتھ اپنا دھویا
اس عشق میں ہوئے خانۂ ویراں یارب دونوں عالم سے ان نے ہم کو کھویا

ضیا

میاں ضیاء الدین ضیا تخلص، متوطن دہلی (است) جوانے است، مؤدب و مہذب، متواضع با فقیر ربطے بسیار دارد۔ (خدا بیش نگاہ دارد)

از وست :-

جنت کا مت دو مژدہ مجھ خاک میں رلے کو
آرام وہاں بھی معلوم ایسے جلے بلے کو
گریاں و خاک اُڑاتا جوں ابر، جوں بگولا
صحرا میں تو نے مجنوں وحشی ضیا بھی دیکھا

Marfat.com

راقم

بندرابن، راقم تخلص۔ از شاہجہان آباد است۔ مشق شعر از مرزا رفیع می کند۔ قبل ازیں با فقیر نیز مشورت شعر می کرد۔ باینده بسبب میاں ابراہیم کہ جوانے است مربوط و مضبوط، آشنا شدہ بود۔ و میاں ابراہیم از بسکہ با شاعران آشنا است گوئی کہ ہم سلیقہ ہست۔ راقم مرقوم و محمد قائم کہ احوالش گذشت، ہر دو ہم طرح (اند) از راقم است:۔

(راقم)

یہاں تک قبول خاطر کیجئے تری جفا کو
تا سب کہیں کہ راقم رحمت تری وفا کو

(۴)
ایں معنی را در دیوان میر عبدالحی تاباں مرحوم، بہ تغییر ردیف بہ ہمیں الفاظ، مطالعہ کردہ ام۔ ظن غالب آنست کہ ایں شعر از تاباں مذکور است، چرا کہ او از مدت مشق سخن می کرد و ایں نو مشق است، اللہ اعلم۔

دل کنج قفس میں کر فریاد بہت رویا
ہنسنے کے تئیں گل کے کریاد بہت رویا

میرے اعضا میں تجھ کرے میاں
فرق ہرگز نہیں سر مو کا

ابر ترسے چشم گریاں کم نہیں
موج دریا ہے شکنج آستیں

قطعہ

مژگاں سے دل بچے تو ٹکڑے کرے ہے ابرو
یہ کہہ کے میں نے اس سے جب دل کی داد چاہی

کہنے لگا کہ ترکش جس وقت ہو سے خالی
تلوار پھر نہ کھینچے ترکب کرے سپاہی

---

(۱) پیرس: گریاکہ او غاوٹن ماست۔
(۲) پیرس: احوال او
(۳) پیرس: از دست۔
(۴) یہ عبارت پیرس میں نہیں ہے۔

Marfat.com

قطعہ

اے باغباں نہیں ترے گلشن سے کچھ غرض
مجکو قسم ہے چھیڑوں اگر برگ و بر کہیں
اتنا ہی چاہتا ہوں کہ میں اور عندلیب
آپس میں درد دل کہیں ٹک بیٹھ کر کہیں

کس کے گلے کے قطرۂ خوں ہیں تہہِ زمیں
جوں تکمہ اُگتے ہیں گل اور رنگ اب تلک

پہنچا نہ آہ درد کو میرے کوئی طبیب
یارب عجب طرح کا کچھ آزار ہے مجھے

دیکھا نہ ہو جسے میں کوئی سرزمیں نہیں
پر تخم دل، ہو سبز جہاں سو کہیں نہیں

سنتے تھے ہم جہاں میں اہلِ کرم کا ہاتھ
آیا جو دید میں تو کم از آستیں نہیں

مری بدشرابیوں سے کریں توبہ گساراں
زہے وہ غل کہ ہووے سبب نجات یاراں

سُنا کن نے حال میرا کہ جوابر وہ نہ رویا
رکھے ہے گریہ قصہ اثر دعائے باراں

بیچوں ہوں میں اس پاس یہ دل نیم نگہ کو
اس پر بھی ستم ہے جو خریدار نہ ہووے

اے عشق مجھے کوئی طرح مار
تا یار کہے کہ ہائے عاشق

کام عاشقوں کا کچھ تجھے منظور ہی نہیں
کہنے کو ہے یہ بات کہ مقدور ہی نہیں

کہتا تھا کوں یہ کہ خوشی ہے جہاں کے بیچ
اس بات کا تو یہاں کہیں مذکور ہی نہیں

سُنتے ہیں ہم کہ ہوتی ہے جگ میں دوام صبح
ہوگی کبھی اے چرخ ہماری بھی شام صبح

معصیت میری بہت ہے کہ تیری بخشش بیش
اپنی رحمت پہ نظر کر مرے عصیاں کو نہ دیکھ

صیاد کب تو چھوڑے گا مجکو قفس سے آہ
کھٹکے ہے میرے دل میں بہت خار خار باغ

Marfat.com

رونے میں اس قدر تو جگر اے جگر نہ کر
دیکھا نہ تو نے پھر کہ دل دیدہ کیا ہوئے

نامہ کا میرے اس سے لے کر جواب پھرنا
پر واسطے خدا کے قاصد شتاب پھرنا

ایک وے بھی دن تھے یارب جو تھا ہمیں میسر
گلشن میں ساتھ اس کے پیتے شراب پھرنا

کہے کیا درد دل بلبل گلوں سے
اڑا دیتے ہیں اس کی بات ہنس کر

جو چاہے گوہر مقصود اے دل
صدف کی طرح تو پاس نفس کر

کمترین

میاں کمترین (سلمہٗ) مردیست وارستہ۔ مزاجش (۱) میلان ہزل بسیار دارد۔ موافق استعداد خود (سخن) می گوید۔ بندہ شعر معقول او نہ شنیدہ ام' (مرد خوب است)

گاہ گاہ در مجلس مرافتہ کہ ایں لفظ بوزن مشاعرہ تراشیدہ اند، ملاقات می شود، از شہر آشوب اوست :۔

نو خصم گن کر مشلچن نیں کیے
تو بھی نہیں رہتی دو شاخہ بن دیے

بلا اس مست نغرانی کو تازی
اگاڑی اصطبل کے جا پچھاڑی

(ایہام)

یہ متصدی نہیں ملتے اگر بھانڈوں سے ذاتوں میں
تو کیوں پیسے کماتے ہیں یہ نقلیں کر براتوں میں

(ایہام)

دیکھو پکوان والی کی مزاحیں
خصم کے روبرو دیتی ہے شاحیں

(۱) ہرسہ خوش مزاج، ہزل بسیار دارد۔

Marfat.com

(ایہام)

تم (پادشہ)[۱] پسند ہو ہم کمترین تمہارے
کے بیر ہم کو دوگے نازک بدن پیارے

(کمارن ایک گھڑی بھر چاہیں جو اس طرف آوے[۲]
چاک ہوجاوے) میرا دل اوس کا

قدر

(۳) قدر تخلص، شخصے است وارستہ از قید مذہب و ملت برجستہ۔ اوباش وضع، زبان او بزبان لوطیاں می ماند۔ گاہے در کوچہ و بازار شہر بہ نظر می آید۔ احوالِ او[۴] کماحقہ معلوم فقیر نیست۔ از وست:

آئے ہو آج تو رہ جاؤ سجن رات کی رات
لیلۃ القدر سے بہتر ہے ملاقات کی رات

کافر

میر علی نقی[۵]، مرد سید است۔ سپاہی پیشہ، کافر تخلص می کند۔ در شعرے کہ تخلص می آرد۔ کافر ٹپکہ می نامد۔ چنانچہ اکثر در مجلس گفتہ می خواند کہ صاحب در آیام

---

(۱) انجمن : بادشاہ

(۲) یہ شعر پیرس کے حاشیے پر ہے۔

(۳) پیرس : زبان گویائی دارد

(۴) پیرس : احوالش

(۵) پیرس میں کافر کا ترجمہ صرف ان الفاظ میں ہے : میر علی نقی، کافر تخلص، مرد سید است، سپاہی پیشہ، وضع او باشانہ دارد۔

Marfat.com

یک کافر ٹپکہ، موزوں شدہ است۔

در ایام گذشتہ دو سہ ماہ خانہ، خود مجلس ریختہ مقرر کردہ بود، آخر از وضع او باشارہ او برہم خورد۔

در بزرگ زادگی او شبہ نیست، با فقیر ربطے دلی دارد۔ از وست:

کس کس طرح بتوں کی صورت نہیں رنگ پکڑے
کافر ان انگڑیوں میں دیکھے ہیں جھمکڑے

(مستی لگا کر لال کیا مونہہ کو کوسیں)[1]
ظالم نے قتل عام کیا کافر آں سیں[2]

عاجز

عاجز تخلص۔ شیخے لوطی است۔ پرو پوچے چندے یافتہ، نظر کردۂ میاں کترین۔ اکثر در مشاعرۂ حافظ حلیم کہ مردیست بسیار گرم جوش و چسپاں اختلاط۔ حافظ اکثر شعرہائے خوب استادان دیدہ و شنیدہ است۔ و حافظ حلیم شعر بطور بداسحق اطعمہ می گوید گاہے مصرعے خوب، ہم از دو سر می زند۔ چنانچہ مصرع حضرت حافظ قدس سرہ العزیز، را تضمین کردہ است بطرزیکہ خود می گوید۔

صبا بلطف بگو آں بخیل بابا را
کہ سر بکوہ و بیاباں تو دادۂ ما را

---

(۱) یہ شعر پیرس کے حاشیے پر ہے۔

(۲) اس شعر کے بعد پیرس میں یہ الفاظ بھی ملتے ہیں:۔

فرد فارسی از کافر قوم است
چرا بہ آتش سوزاں نہ سوختند مرا
بدست ہمچو تو کافر فروختند مرا

Marfat.com

و با عاجز ایں عاجز ترین خلائق چنداں ربطے نہ دارد ۔ از وست :

دل بغل مارے لئے جاتے ہیں یہ سب کمتب کے طفل
شیخ سعدی تم بھی اب لے کر گلستاں دوڑ یو (۱)

میر گھاسی

(۲) میر گھاسی جوانے است فہمیدہ ، در مغل پورہ می باشد ۔ تخلص از راہ اظہار قصور فہم در غزل نمی آرد ، با من ہم آشناست ، از وست :

تو ہوا اور باغ ہو اور زمزمہ کرنا بلبل
تیری آواز سے جیتا ہوں نہ مرنا بلبل

عُشّاق

عشاق شخصے است کھتری ، شعر ریختہ را بسیار نامربوط می گوید سلیقہ اش از تخلص پیداست ۔ اکنوں در مجمع یاراں ہم نمی آید کہ مردہ است ۔ یا مے کہ خانہ میاں صاحب خواجہ میر مجلس ریختہ می شد ، بنظر می آمد و رتبہ داری ایں شعر کہ نوشتہ می شود ، از فیض سخن است ۔ از وست :

(۳) خط سے زیادہ اور ہوا حُسنِ یار کا
آخر خزاں نہیں کچھ نہ اُکھاڑا بہار کا

---

(۱) نسخۂ پیرس میں عاجز کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا ہے :
"عاجز تخلص شخصیت از قوم کھتری ، طبع موزونے دارد از وست : عاجز
خط سے زیادہ اور ہوا حُسن یار کا
آخر خزاں نے کچھ نہ اکھاڑا بہار کا
یہی شعر نسخۂ انجمن میں عشاق کے ترجمے میں نقل ہوا ہے ۔

(۲) میر گھاسی کا ذکر نسخۂ پیرس میں نہیں ہے ۔

Marfat.com

میر (سوز)[۱]

محمد میر، میر تخلص، جوانے است بسیار اہل[۲] (و) خوش طبع، ہر چند طرز علیحدہ دارد لیکن[۳] از خوش کردن تخلص من[۴] نصف دلم از و خوش است۔ از وست:

شہرۂ حسن سے از بسکہ وہ محبوب[۵] ہوا
اپنے چہرے سے جھگڑتا ہے کہ کیوں خوب ہوا

بسمل

بسمل[۶] تخلص۔ پیش از نوشتن این مزخرفات آوازۂ او شنیدہ بودم، باز معلوم نہ شد کہ کجاے بود و کجا رفت۔ از وست[۷]:

لہو پی کے رہ گیا بسمل وگرنہ — ملاتا اپنے تئیں وہ خاک و خوں میں
(عشق نے خانۂ ویران دل آباد کیا — غم نے اس خاطر محزوں کو مرے شاد کیا
کوئی گھر زخم کا خالی نہ رہا پیکاں سے — ملک دل خوب ترے ظلم نے آباد کیا
ہائے اس دیوانۂ دل نے کام کیا بیجا کیا — آپ تو بدنام تھا ہی مجھ کو بھی رسوا کیا
گر یہی ہے دلبری تو خیر مرنا دور نہیں — دل کہاں تم کو دیا دشمن گر یا پیدا کیا
جن ترے لب کو لعل فام کیا — مے کو برجا ہے گر حرام کیا

---

(۱) اضافۂ مرتب
(۲) پرس : خوب
(۳) پرس : اما
(۴) پرس : فقیر مؤلف
(۵) پرس : محجوب
(۶) پرس میں بسمل کا ترجمہ ان الفاظ میں کیا ہے:
"میاں بسمل، شاعر سنجیدہ متانی است از ہست و بود او کما حقہ واقف نیستم"
(۷) انجمن میں بسمل کا صرف ایک شعر ملتا ہے جب کہ پرس میں ان کے اشعار کی تعداد [illegible]

Marfat.com

بندہ دل کا ہوں اپنے نام خدا　　سنگ دل بت کو خوب رام کیا
اپنے لختِ جگر کو بسمل نے　　سجدۂ اشک کا امام کیا
کیا ہے عرس شاید مر گیا ہے کوئی دیوانا　　کہ ہے چشمِ غزالاں سے چراغاں آج ویرانا
محبت میں نہ اتنا چاہیئے کم ظرف ہو کوئی　　ذرا سی گرم روئی دیکھ جل جانا ہے پروانا
دل مجروح ہے از بسکہ زخمی لذتِ غم کا　　لہو ترا ہے چشمِ داغ میں سن نام مرہم کا
کشاکش زلف کی یہ کچھ ہے اور خط کا غبار ایسا
نہ ہو یارب کسو کا دل پریشاں روزگار ایسا
شکوۂ عشق اور شانِ جنوں کا رعب ہے بسمل
وگرنہ پاؤں پر رکھتا تھا کس کے سر کو خار ایسا
میں جنوں کا نہ اگر سلسلۂ جنباں ہوتا　　شک نہیں، خانۂ زنجیر تو ویراں ہوتا
تب بجا ہوتا ملامت مجھے کرنا ناصح　　ہاتھ میرے میں اگر تیرا گریباں ہوتا
اے شوخ جس خدا نے تجھے خوب رُو کیا　　کچھ مصلحت تو ہوئے گی جو زشت خو کیا
جو نہ دی اے اشک نے آج اس دل پرخوں کی داد
پھر ملے گی حشر کو کیا خاطر محزوں کی داد

تضمین یقین

حال سے بسمل کے غافل ہے جو کہتا ہے یقیں
پھر کسو نے بعد مجنوں کے نہ دی ہاموں کی داد

لگتا نہیں نہ دشت نہ گلشن میں ان دنوں　　لے جا رے ایسے دل کو کوئی اے خدا کدھر
بسمل جنوں میں آج ترے سر پہ کوئی نہیں　　وہ عقل و ہوش تھے جو بڑے آشنا کدھر
زلف تیرے کے نہ تھی جو بھی نمودار ہنوز　　تب سے ہوں دام محبت میں گرفتار ہنوز
کر چکا مجھ کو تو بسمل یہ فنا جانے کیوں

Marfat.com

شاغل

شاغل تخلص، جوانے بود (گاہ) (۱) گاہے مصرعے موزوں می کرد۔ شاگرد بسمل مسعود (بودہ است) پیش بندہ ہم دو سہ مرتبہ آمدہ، اکنوں بنظر نمی آید۔ ازوست:

جانی نہیں ہے اس سے تری فکر زلف و رُخ
شاغل کو روز و شب ہے تیرا ذکر زلف و رُخ

بیرنگ

دلاور خاں۔ پیش ازیں ہمرنگ تخلص می کرد۔ حالا بیرنگ۔ (دبیرنگ) خوش کردۂ میاں یکرنگ است۔ مصرعے (۲) درست موزوں می کند۔ ازوست:

یار کا جب خیال آتا ہے — ہوش میرا تمام جاتا ہے
دل کوں تجھ عشق سے قرار نہیں — اب تلک تجکو اعتبار نہیں
نہیں مطلب مجھے کچھ باغباں اور — دیوانہ ہوں میں گل کے رنگ و بو کا
سدا بیدار رہ غفلت سے ہو ترش — مثل مشہور ہے سو یا سو جو کا
ہے ہاتھ ترا خون سے عاشق کے گرآلودہ — مہندی سے سجن مت کر بارد گرآلودہ
مفلس کی خبر کب ہے اے سیم بدن تجکو — افشاں سے ترا ہاتھ رہتا ہے زرآلودہ
فرہاد کو محنت کی تلخی نہ کبھی ہوتی — شیریں کا جو ایک بوسہ ملتا شکرآلودہ
خط میرا اوس نگار نے نہ پڑھا — کیا لکھا تھا کہ یار نے نہ پڑھا
میں تو لکھتا تھا اس کو خط بیرنگ — اس تغافل شعار نے نہ پڑھا

---

(۱) انجمن : بلکہ

(۲) انجمن : می گفت

Marfat.com

قدرت

قدرت اللہ، قدرت تخلص ۔ اگرچہ عاجز سخن است لیکن برائے خاطر میر (محمد) عارف کہ (۱) از یاران درست فقیر است، نوشتہ شد ۔ (از قدرت است):

قاصد شتاب جا کے خبر لا تو یار کی
حالت پنٹھ بری ہے دل بے قرار کی

یکدل

میر عزت اللہ یکدل ۔ مردے سیدے بود، عاشق سخن ۔ اکثر (مدح و) منقبت می گفت ۔ در زمان محمد شاہ بادشاہ بنظر می آمد (و حالا معلوم نیست کہ کجا رفتہ) ایں ہم از زبان میر عارف بہ تحقیق رسیدہ (کہ) از وست :

(مخمس مدح)

نو گل باغ اِنَّمَا کی قسم — سرو گلزار ھَلْ اَتیٰ کی قسم
میر میدان لَافَتیٰ کی قسم — میں تو عاشق ہوں مرتضیٰ کی قسم
دل فدا ہے مجھے خدا کی قسم (۲)
شاعروں میں نہ میں خیالی ہوں — والہ و مست ہوں ولا کی قسم

میر

فقیر حقیر میر محمد تقی مؤلف ایں نسخہ ۔ متوطن اکبر آباد است ۔ بہ سبب گردش لیل و نہار از چندے در شاہ جہان آباد است (چندے از خود نوشتہ می آید)

---

(۱) پیرس میں عبارت اس طرح ہے :
کہ از یاران یکرنگ فقیر است و باعث شدہ نرسانیدہ است ۔
(۲) پیرس میں اس مصرع کے بعد "الا (الیٰ) آخرہ" بھی ہے ۔

Marfat.com

(میر مؤلّف)

سیر کے قابل ہے دل صد پارہ اس نخچیر کا
جس کے ہر ٹکڑے میں ہو پیوستہ پیکاں تیر کا

جو تیرے کوچہ میں آیا پھر نہیں کاڑھا اُسے
تشنہ خوں میں تو ہوں اس خاک دامن گیر کا

کس طرح سے مانیے یاراں کہ یہ عاشق نہیں
رنگ اُڑا جاتا ہے ٹک چہرہ تو دیکھو میر کا

شب درد و غم سے عرصہ میرے جیو پہ تنگ تھا
آیا شبِ فراق تھی یا روز جنگ تھا

مت کر عجب جو میر ترے غم میں مر گیا
جینے کا اس مریض کے کوئی بھی ڈھنگ تھا

جو اس شور سے میر روتا رہے گا
تو ہمسایہ کاہے کو سوتا رہے گا

تو یوں گالیاں غیر کو شوق سے دے
ہمیں کچھ کہے گا تو ہوتا رہے گا

عید آئندہ تک دہے گا گِلا
ہو چکی عید تو گلے نہ ملا

آنکھوں میں جیو میرا ہے ادھر یار دیکھنا
عاشق کا اپنے آخری دیدار دیکھنا

ہونا نہ چار چشم دل اس ظلم پیشہ سے
ہوشیار، زینہار، خبردار دیکھنا

تجھ سے ہر آن میرے پاس کا آنا ہی گیا
کیا گلا کیجے غرض اب وہ زمانہ ہی گیا

ہم اسیروں کو بھلا کیا جو بہار آئی نسیم
عمر گذری کہ وہ گلزار کا جانا ہی گیا

جی گیا میر کا اس لیت و لعل میں لیکن
نہ گیا ظلم ہی تجھ سے نہ بہانا ہی گیا

بھری تھی آگ تیرے درد دل میں میر ایسی تو
کہ کہتے ہی سجن کے روبرو قاصد کا منہ آیا

کفِ جاناں سے ممکن نہیں، رہائی میر کوئی ہووے
اپنجھا ہے جو اس کے ہاتھ سے رنگِ حنا چھوٹا

Marfat.com

اب وہ جگر طپش سے تڑپھنا ہے تشنہ لب — مدت تلک جو میر کا لوہو پیا کیا
دل میں بھرا ہے بسکہ خیال شراب تھا — مانند آئینہ کے مرے گھر میں آب تھا
تک دیکھ آنکھیں کھول کے اس دم کی حسرتیں
جس دم یہ سو جھے گی کہ یہ عالم بھی خواب تھا
جو اے قاصد وہ پوچھے میر بھی ادھر کو چلتا تھا
تو کہیو جب چلا ہوں میں تب اس کا جیو نکلتا تھا
نہ گئی تسبیح اس کی نزع میں بھی میر سے ہرگز
اسی کے نام کی سمرن تھی جب منکا ڈھلکتا تھا
مغاں مجھ مست بن پھر خندۂ قلقل نہ ہووے گا
مئے گلگوں کا شیشہ ہچکیاں لے لے کے روووے گا
اب تو جاتا ہی ہے کعبہ کو بت خانے سے — جلد پھر یوں تجھے اے میر خدا کو سونپا
ترے عشق سے آگے سودا ہوا تھا — پر اتنا میں ظالم نہ رسوا ہوا تھا
خزاں الفت اس پہ نہ کرنی بجا تھی — یہ غنچہ چمن میں ابھی وا ہوا تھا
کہاں آتے میسر مجکو تجھ سے خود نما اتنے — بحسن اتفاق آئینہ تیرے روبرو ٹوٹا
طراوت تھی چمن میں سرو کو یہ اشکِ قمری سے — ادھر آنکھیں مندی اسکی کہ ادھر آب جو ٹوٹا
شب زخم سینہ اوپر چھڑکا تھا میں نمک کر — ناسور تو کہاں تھا، ظالم بڑا مزا تھا
آنکھیں کھلیں جب جیو میر کا گیا تب — دیکھے سے تجھ کو ورنہ میرا بھی جیو چلا تھا
ہم نے کہا تھا تیرے تئیں آو سمجھ یہ ظلم کر — آخرِ کار بے وفا جیو ہی گیا نہ میر کا
قابو خزاں سے ضعف کا گلشن میں بن گیا — دوشِ ہوا پہ رنگِ گل و یاسمن گیا
برگشتہ طالعی دیکھ کے قاصد سفر میں ہے — پہنچا تھا اس کے پاس سو میرے وطن گیا
مر گیا سہ سنگسار کیا — نخل ماتم مرا یہ پھل لایا

Marfat.com

دیر و حرم میں کیونکے قدم رکھ سکوں میں میرؔ
مجھ سے ادھر تو بت پھرے اودھر خدا پھرا

جب کہ تابوت مرا جائے شہادت سے اٹھا
شعلۂ آہ دل گرم محبت سے اُٹھا

عمر گذری مجھے بیمار ہی رہتے ہے بجا
دل عزیزوں کا اگر میری عیادت سے اُٹھا

یک پارہ جیب کا بھی بجا میں نہیں سیا
وحشت میں کوئی سیا سوکہیں کا کہیں سیا

دل پنجۂ ہلاکت کو پنٹھ کھینچ کسالا
لے یار مرے سلۂ اللہ تعالیٰ

جس گھر میں ترے جلوے سے ہو چاندنی کا فرش
وہاں چادر مہتاب ہے مکڑی کا سا جالا

کچھ میں نہیں اس دل کی پریشانی کا باعث
برہم ہی مرے ہاتھ لگا تھا یہ رسالا

پل میں جہاں کو دیکھتے میرےؔ ڈبو چکا
ایک وقت میں یہ دیدہ بھی طوفان رو چکا

افسوس میرےؔ مردہ پر اتنا نہ کر کہ اب
پچتاوا ناجست ہے جو ہونا تھا ہو چکا

ایک چشمک پیالہ ساقی بہار عمر
جھپکی گئی کہ دور یہ آخر ہی ہو چکا

ہر صبح حادثہ سے یہ کہتا ہے آسمان
دے جام خون میرؔ کو گر منہ وہ دھو چکا

میں بھی دنیا میں ہوں ایک نالہ پریشاں یکجا
دل کے سو ٹکرے میرےؔ اور سبھی نالاں یکجا

سر سے باندھا ہے کفن عشق میں تیرے یعنی
جمع ہم نے بھی کیا ہے سر و ساماں یکجا

گزرا بنائے چرخ سے نالہ پگاہ کا
خانہ خراب ہو اس جیو کی چاہ کا

آنکھوں میں جیو مرا ہے ادھر دیکھتا نہیں
مرتا ہوں میں تو ہائے رے صرفہ نگاہ کا

یک قطرہ خون ہو کے مژہ سے ٹپک پڑا
قصہ یہ کچھ ہوا دل غفراں پناہ کا

ظالم زمیں سے لوٹتا دامن سمیل کے پہن
ہوگا کہیں میں ہاتھ کسی دادخواہ کا

کیا طرح ہے آشنا گاہے، گہے ناآشنا
یا تو نہ ہی رہیو، ہو جیو یا آشنا

پائمال صد جفا ناحق نہ ہوئے عندلیب
سبزۂ بیگانہ نہ بھی تھا اس چمن کا آشنا

Marfat.com

قطعہ

بلبلیں رو رو کے یہ کہتی تھیں ہوتا کاش کے
یک مژہ رنگ قراری اس چمن کا آشنا

گو گل و لالہ کہاں سنبل و سمن اور نسترن
خاک سے یکساں ہوئے ہیں ہائے کیا کیا آشنا

کیا دن تھے مرے کہ یہاں بھی دل آرمیدہ تھا
رو آشیاں طائر رنگ پریدہ تھا

قاصد جو واں سے آیا تو شرمندہ میں ہوا
بیچارہ گریہ ناک و گریباں دریدہ تھا

حاصل نہ پوچھ باغ شہادت کا بوالہوس
یہاں پھل ہر یک درخت کا حلق بریدہ تھا

مت پوچھ کس طرح سے کٹی رات ہجر کی
ہر نالہ میری جان کو تیغ کشیدہ تھا

خواہ مجھ سے لڑ گیا اب خواہ اس سے مل گیا
کیا کہوں اے ہم نشیں میں تجھ سے حاصل دل گیا

اے نکیلے یہ تھی کہاں کی ادا
کھپ گئی جیو میں تیری بانکی ادا

خاک میں مل کے سیماب نہ سمجھے
بے ادائی تھی آسماں کی ادا

سنو ہو جل ہی بجھوں گا کہ ہوا ہوں میں
چراغ مضطرب الحال صبح گاہی کا

گرچہ سردار مزوں کا ہے اسیری کا مزا
چھوڑ لذات کو اور لے تو فقیری کا مزا

اسے کہ آزاد ہے نمک چکھ نمک مرغ کباب
تا تو جانے کہ یہ ہوتا ہے اسیری کا مزا

سوندر کھنا چشم کا مستی میں عین دید ہے
کچھ نہیں آتا نظر جب آنکھ کھولے ہے شراب

مت ڈھلک مژگاں سے میرے اے سرشک آبدار
مفت ہی جاتی رہے گی تیری موتی کی سی آب

دیکھ خورشید تجھ کو اے محبوب
عرق شرم میں گیا ہے ڈوب

میر شاعر بھی زور کوئی تھا
دیکھتے ہو نہ بات کا اسلوب

دست صیاد ملک بھی میں نہ پہنچا جیتا
بے قراری میں لیا مجھ کو تہ دام بہت

سہل سوجھیں تجھے دشواریاں عاشق کی آہ
حسرتیں کتنی گرہ تھیں رشتہ ایک ہاں کے بیچ

Marfat.com

حال گلزار زمانہ کا ہے مانا بہ شفق
رنگ کچھ اور ہی ہو جائے ہے اک آن کے بیچ

تاک کی چھاؤں میں جوں مست پڑے سوتے ہو
اینڈتی ہیں نگہیں سایۂ مژگاں کے بیچ

نکلے گی میری قبر سے آواز میرے بعد
ابھریں گے دل سے عشق ترے راز میرے بعد

بن گل ہوائے آہ میں تو جا کے لوٹیو
صحن چمن میں لے پر پرواز میرے بعد

میرے سنگ مزار پر فرہاد
رکھ کے تیشہ کہے ہے یا اُستاد

ادھر تلک ہے عرش کے مشکل سے تک گزر
اے آہ پھر اثر تو ہے برچھی کی چوٹ پر

ہم تو اسیر کنج قفس ہو کے مر چلے
اے اشتیاق سیر چمن تیری کیا خبر

پاس رہنے کا نہیں ایک بھی تار آخر کار
ہاتھ سے جائے گا سر رشتہ کلا آخر کار

نہ ہو ہرزہ درا اتنا خموشی اے جرس بہتر
نہیں اس قافلے میں اہل دل ضبط نفس بہتر

نہ ہونا ہی بھلا تھا سامنے مجھ چشم گریاں کے
نظر اے ابر آپ ہی نہ آوے گا برسن بہتر

دیکھوں میں اپنی آنکھوں سے آوے مجھے قرار
اے انتظار تجھ کو کسی کا ہوا انتظار

ساقی تو ایک بار تو توبہ توڑا میری
توبہ کروں جو پھر میں تو توبہ ہزار بار

کر رحم تک کب لگ ستم مجھ پر جفا کا اس قدر
ایک سینہ خنجر سینکڑوں ایک جان و آزار اس قدر

بھاگے مری صورت سے وہ عاشق میں اس کی شکل پر
میں اس کا خواہاں یہاں تک وہ مجھ سے بیزار اس قدر

قطعہ

دل دماغ اور جگر یہ سب اک بار
کام آئے فراق میں اے یار

کیوں نہ ہو فتح ضعف اعضا پر
مر گئے اس فسون کے سردار

مجکو پوچھا بھی نہ یہ کون ہے غمناک ہنوز
ہو چکی حشر میں روتا ہوں تہ خاک ہنوز

اشک کی لغزش مستانہ پہ مت کیجو نظر
دامن دیدۂ گریاں ہے مرا پاک ہنوز

Marfat.com

باقی نہیں ہے دل میں یہ غم ہے بجا ہنوز
ٹپکے ہے خون دمبدم آنکھوں سے تا ہنوز

احوال نامہ بر سے مرا سُن کے کہہ اُٹھا
جیتا ہے وہ ستم زدہ مہجور کیا ہنوز

بارہا چل چکی تلوار تری چال پہ شوخ
تو نہیں چھوڑتا اس طرز کی رفتار ہنوز

منظر قتل کے وعدہ کا ہوں اپنے یعنی
جیتا ہر نے کو کہا ہے یہ گنہگار ہنوز

لے ابر تر تو اور کسی سمت کو برس
اس ملک میں ہماری ہیں یہ چشم تر ہی بس

حرماں تو دیکھ پھول بکھیرے تھی کل صبا
اک برگِ گل گرا نہ جہاں تھا میرا قفس

مر گیا میں ملا نہ یار افسوس
آہ افسوس صد ہزار افسوس

یوں گنواتا ہے دل کوئی مجکو
یہی آتا ہے بار بار افسوس

آج کل کا ہے کو بتلاتے ہو گستاخی معاف
راستی یہ ہے کہ وعدے ہیں تمہارے سب خلاف

پانو پر سے اپنے میرا سر اُٹھانے مت جھکو
تیغ باندھی ہے میاں تم نے کمر میں خوش خلاف

سب پہ روشن ہے کہ شب مجلس میں جب آتی ہے شمع
تجھ بھبھوکے سے کو بیٹھا دیکھ بجھ جاتی ہے شمع

بالیں پہ میرے گھر سے تو آوے گا جب تلک
کر جاؤں گا سفر ہی میں دنیا سے تب تلک

اتنا دن اور دل سے تپش کرے کاوشیں
یہ مجمرا تمام ہی ہے آج شب تلک

نقاش کیوں نہ کھینچ چکا روبہ یار
کھینچوں ہوں ایک ناز ہی اس کے میں اب تلک

فصلِ خزاں میں سیر کی ہم نے بھی جائے گل
چھائی چمن کی خاک نہ تھا نقش پائے گل

اللہ رے عندلیب کی آواز دلخراش
جیوہی نکل گیا جو کہا ان نے ہائے گل

گل کی جفا بھی دیکھی، دیکھی وفائے بلبل
یک مشت پر پڑے ہیں گلشن میں جائے بلبل

Marfat.com

بھلا تم نقد دل لے کر ہمیں، دشمن گنواب تو
کبھی کچھ ہم بھی کر لیں گے حسابِ دوستاں دل

کیا بلبل اسیر ہے بے بال و پر کہ ہم — گل کب رکھے ہے ٹکڑے جگر اس قدر کہ ہم
جیتے ہیں تو دکھا دیں گے دعوائے ضبط لیب — گل بن خزاں میں اب کے وہ رہتی ہے مر کہ ہم

گرچہ آوارہ جوں صبا ہیں ہم — لیک لگ چلنے کو بلا ہیں ہم
آستاں پر ترے گذر گئی عمر — اسی دروازے کے گدا ہیں ہم
تیرے کوچہ میں تا بمرگ رکھا — کشتۂ تمکینِ وفا ہیں ہم
ہم چشم ہے ہر آبلہ پا کا مرا اشک — از بسکہ تیری راہ میں آنکھوں سے چلا ہوں
دامن نہ جھٹک ہاتھ سے میرے کہ ستمگر — ہوں خاک سر راہ کوئی دم میں ہوا ہوں
آتے ہیں مجھے خوب یہ دونوں ہنر عشق — رونے کے تئیں آندھی ہوں کڑھنے کو بلا ہوں
گر ٹک ہو درد آئینہ کو چرخ زشت میں — ان صورتوں کو صرف کرے خاک دلخشت میں

تو گلی میں اس کی جا آوے اے صبا نہ چنداں
کہ گڑے ہوئے پھر اکھڑیں دل چاک دردمنداں

تیرے تیر ناز کے جو یہ ہدف ہوئے ہیں ظالم
مگر آہنیں تو سے ہیں جگر نیازمنداں

کوئی نہیں جہاں میں جو اندوہگیں نہیں — اس غمکدے میں آہ دل خوش کہیں نہیں
آگو تو لعل نوخطِ خوباں کے دم نہ مار — ہر چند اے مسیح وہ باتیں رہیں نہیں
سن گوشِ دل سے اب تو مجھ بے خبر کہیں — مذکور ہو چکا ہے مرا حال ہر کہیں
اب فائدہ سراغ سے بلبل کے باغباں — اطراف باغ ہوں گے پڑے مشت پر کہیں
کیا میں نہیں رو کر فشارِ گریباں — رگِ ابر تھا تارِ تارِ گریباں
دیکھیں تو تیری کب تک یہ کج ادائیاں ہیں — اب ہم نے بھی کسی سے آنکھیں لڑائیاں ہیں

Marfat.com

ٹک سُن کہ سو برس کی ناموس خامشی کھو — دو چار دن کی باتیں اب منھ پر ائیاں ہیں

مرے آگہ نہ شاعر نام پاویں — قیامت کو مگر غرصہ میں آویں

نہ ایک یعقوب رو یا اس الم میں — کُوا اندھا ہوا یوسف کے غم میں

تیری زلفِ سیہ کی یاد میں آنسو ٹپکتے ہیں — اندھیری رات ہے برسات ہے جگنو چمکتے ہیں

عام حکم شراب کرتا ہوں — محتسب کو کباب کرتا ہوں

ٹک تو رہ اے بنائے ہستی تو — تجھکو کیسا خراب کرتا ہوں

ملنے لگے ہو دیر دیر دیکھیے کیا ہے کیا نہیں — تم تو کرو ہو صاحبی بندہ میں کچھ رہا نہیں

بوئے گل اور رنگ گل اللہ ہی اللہ ہے نسیم — ایک بقدر یک نگاہ دیکھیے تو وفا نہیں

ایسے محروم گئے ہم تو گرفتارِ چمن — کہ موئے قید میں دیوار بہ دیوارِ چمن

سینہ پر داغ کا احوال میں پوچھوں ہوں نسیم — یہ بھی تختہ کبھی ہووے گا سزاوارِ چمن

خوں ٹپکے ہے پڑا نوک سے ہر ایک کے ہنوز — کس ستمدیدہ کے مژگان ہیں یہ خارِ چمن

عاشق ہے یا مریض ہے پوچھو تو میر سے — پاتا ہوں زرد روز بروز اس جوان کو میں

میں وہ پژمردہ سبزہ ہوں کہ ہو کر خاک سے سرزد — یکایک آگیا اس آسماں کی پائمالی میں

مرے اُستاد کو فردوسِ اعلیٰ میں ملے جاگہ — نہ سکھلا یا بغیر از عشق مجکو خورد سالی میں

آہ اور اشک ہی سدا ہے یہاں — روز برسات کی ہوا ہے یہاں

جس جگہ ہو زمیں تفت سمجھ — کہ کوئی دل جلا گڑا ہے یہاں

یغلط کہ میں پیا ہوں قدح شراب تجھ بن — نہ گلے سے میرے اُترا کبھی قطرہ آب تجھ بن

یہ ہے بستی عاشقوں کی کبھی سیر کرنے چل تو — کہ محلے کے محلے ہیں پڑے خراب تجھ بن

میں لہو پیو ہوں غم میں عوضِ شراب ساقی — شب نیغ ہو گئی ہے شب ماہتاب تجھ بن

کٹی عمر میری ساری جیسے شمع باؤ کے بیچ — یہی رونا جلنا گلنا یہی اضطراب تجھ بن

نسیم مصر کدا آئی سواد شہر کنعاں کو — کہ بھر جھولی نہ یہاں سے لے گئی گلہائے حرماں کو

Marfat.com

کوئی کا نخلِ سرو کا ہماری خاک پر بس ہے گل گلزار کیا درکار ہے گورِ غریباں کو

زبانِ نوحہ گر ہوں میں قضا نے کیا ملایا تھا

میری طینت میں یارب سودۂ دلہائے نالاں کو

گل و سنبل میں نیرنگ قضا سرسری گزرے

کہ بگڑے زلف و رخ کیا کیا بناتے اس گلستاں کو

کریں بال ملک فرش رہ اس ساعت کہ محشر میں

لہو ڈوبا کفن لاویں شہیدِ نازِ خوباں کو

صدائے آہ جیو کے پار ہوئی ہے تیر سی شاید

کسی بیدرد نے کھینچا کسی کے دل کے پیکاں کو

کیا میسر اس خرابہ کا بہت اب چل کے سو رہیے

کسو دیوار کے سایہ میں منہ پر لے کے داماں کو

کیا ہے گر بدنامی و حالت تباہی بھی نہ ہو عشق کیسا جس میں اتنی روسیاہی بھی نہ ہو

جب سے جہاں ہے ہر سحر تیری کروں ہوں جستجو

خانہ بہ خانہ، در بہ در، کوچہ بہ کوچہ، کو بہ کو

ہر نگہوں سے دل تلک ہیں چشمے خوان آرزو

نو امیدیاں ہیں کتنی ہی مہمانِ آرزو

اس محلے کو سیر کروں کب تلک کہ ہے

دستِ ہزار حسرت و دامانِ آرزو

دلِ پُرخوں ہے یہاں تجکو گماں ہے شیشہ

شیخ کیوں مست ہوا ہے تو کہاں ہے شیشہ

شیشہ بازی تو نک ایک دیکھنے آ آنکھوں کی ہر مژہ پر مرے اشکوں سے رواں ہے شیشہ

Marfat.com

قطعہ

جا کے پوچھا جو میں کل کارگہِ مینا میں
دل کی صورت کا بھی اے شیشہ گراں ہے شیشہ
کہنے لاگے کہ کدھر بہکا پھرا ہے اے مست
ہر طرح کا جو تو دیکھے ہے کہ یہاں ہے شیشہ
دل ہی سارے تھے یہ اک وقت میں جو کر کے گداز
شکل شیشہ کی بنائیں ہیں کہاں ہے شیشہ

جو ہوشیار ہو سو آج ہو شراب زدہ — زمینِ میکدہ یکدست ہے گا آب زدہ
بنے یہ کیونکے ملے تو ہی یا ہمیں سمجھیں — ہم اضطراب زدہ اور تو حجاب زدہ
کہتے ہیں اڑ بھی گئے جل کے پر پروانہ — کچھ سُنی سوختگاں نے خبرِ پروانہ
سعی اتنی تو ضروری ہے اُٹھے بزمِ سلگ — اے جگر تفتگیٔ بے اثر پروانہ
بزمِ دنیا کی تو دل سوزی سُنی ہوگی میر — کس طرح شام یہاں ہو سحرِ پروانہ

اس اسیری کے نہ کوئی اے صبا پالے پڑے
یک نظر گُل دیکھنے کے بھی ہمیں لالے پڑے
حُسن کو بھی عشق نے آخر کیا حلقہ بگوش
رفتہ رفتہ دلبروں کے کان میں بالے پڑے
اس واسطے کانپوں ہوں کہ ہے آہ نپٹ سرد
پہ باؤ کلیجے کے کہیں پار نہ ہووے
کرے ہے خندۂ ذنداں نمکو میں بھی رووں گا
چمکتی زور ہے بجلی مقرر آج باراں ہے
چمن پر نوحہ و زاری سے ہے کس گل کا یہ ماتم
جو شبنم ہے تو گریاں ہے جو بلبل ہے تو نالاں ہے

Marfat.com

الم سے یہاں تئیں میں مشق ناتوانی کی — کہ میری جان نیں تن پر میرے گرانی کی
چمن کا نام سنا تھا ولے نہ دیکھا ہائے — جہاں میں ہم نے قفس ہی میں زندگانی کی
سمجھے ہے نہ پروانہ تھا نبے ہے زباں شمع
وہ سوختنی ہے تو یہ گردن زدنی ہے
لیتا ہی نکلتا ہے میرا لخت جگر اشک
آنسو نہیں گویا کہ یہ ہیرے کی کنی ہے
اے میر جگر ٹکڑے ہوا دل کی طپش سے
شاید کہ میرے جیو پر اب آن بنی ہے
گرم ہیں شور سے تجھ حسن کے بازار کئی — رشک سے جلتے ہیں یوسف کے خریدار کئی
اپنے کوچہ میں نکلیو تو سنبھالے دامن — یادگار مژۂ میر ہیں وہاں خار کئی
صبح سے بن علاج تو خوش ہے — تیرا بیمار آج تو خوش ہے
میر پھر کہیو سرگزشت اپنی — بارے یہ کہہ مزاج تو خوش ہے
مر ہی جائیں گے بہت ہجر میں ناشاد رہے
بھول تو گئے ہو ہمیں پر یہ تمہیں یاد رہے
ہم سے دیوانہ پھریں شہر میں سبحان اللہ
دشت میں قیس پھرے کوہ میں فرہاد رہے
میرے دودِ دل کا تو یہ جوش ہے — کہ عالم جوانِ سیہ پوش ہے
گیا روبرو اس کے کیوں آئینہ — کہ بیہوشی اوس کا دم اور ہوش ہے
اچنبھا ہے اگر چپکا رہوں مجھ پر عتاب آوے
وگر قصہ کہوں اپنا تو سنتے اس کو خواب آوے
لپیٹا ہے دلِ سوزاں کو اپنے میر نیں خط میں
الٰہی نامہ بر کو اس کے لے جانے کی تاب آوے

Marfat.com

اس دشت میں اے سیل سنبھل ہی کے قدم رکھ
ہر سمت کو یاں دفن مری تشنہ لبی ہے

بتاں تو چھوڑ دیتے کر کے خاکِ راہ کے صدقے
مجھے محفوظ رکھا اپنے میں اللہ کے صدقے

کیا خط لکھوں میں گریہ سے فرصت نہیں ذرا
لکھتا ہوں تو پھرے ہے کتابت بھی سہی

لوں کیونکہ ہم رنگ ہو تجھ سے ظالم
ترا رنگ شعلہ مرا رنگ کاہی

اب خدا مغفرت کرے اس کو
صبر مرحوم تھا عجب کوئی

سبھوں کے خط لئے پوشیدہ قاصد آج جاتا ہے
چلا ہے یار کے کوچہ کو اور مجھ سے چھپاتا ہے

ہو گئی شہر شہر رسوائی
اے مری موت تو بھلی آئی

میر جب سے گیا ہے دل تب سے
میں تو کچھ ہو گیا ہوں سودائی

بارے نسیم ضعف سے کل ہم اسیر بھی
سنا ہٹے میں جیو کے گلستاں تلک گئے

صد کاروان وفا ہے کوئی پوچھتا نہیں
گویا متاع دل کے خریدار مر گئے

تمام اس کے قد میں سناں کی طرح ہے
نکیلی پٹھ اس جواں کی طرح ہے

قطعہ (بند)

اوڑے خاک گاہے رہے گاہ ویراں
خراب اور پریشاں یہاں کی طرح ہے

تعلق کرو میر اس پر جو چاہو
مری جان یہ کچھ جہاں کی طرح ہے

آتش کے شعلے سر سے ہمارے گزر گئے
بس اے تپِ فراق کہ گرمی میں مر گئے

ناصح نہ روویں کیونکہ محبت کے جیو کو ہم
اے خانماں خراب ہمارے تو گھر گئے

ہنگامہ میری نعش پہ تیری گلی میں ہے
لے جائیں گے جنازہ کشاں یہاں سے کب تجھے

کاتب کہاں دماغ جواب شکوہ اٹھائے
بس ہے یہ ایک حرف کہ مشتاق جانئے

Marfat.com

شب خواب کا لباس ہے عریاں تنی میں یہ — جب سوئیے تو چادر مہتاب تانیے
کب تلک جیو رُکے خفا ہووے — آہ کرنے کی ٹک ہوا ہووے
بے کلی مارے ڈالتی ہے نسیم — دیکھیے اب کے سال کیا ہووے

ہے یہ بازار جنوں منڈی ہے دیوانوں کی — یہاں دو کانیں ہیں کئی چاک گریبانوں کی
خانقہ کا تو نہ کر قصد ٹک اے خانہ خراب — یہی اک رہ گئی ہے بستی مسلمانوں کی
کیونکہ کہئے کہ اثر گریۂ مجنوں میں نہ تھا — گرد نمناک ہے اب تک بھی بیابانوں کی
نہیں وسواس جیو گنوانے کے — ہائے رے ذوق دل لگانے کے
میری تغییر حال پر مت جا — اتفاقات ہیں زمانے کے

غافل میں رہا تجھ سے نہ پٹھا تا بہ جوانی — اے عمر گزشتہ میں تیری قدر نہ جانی
مدت سے ہیں ایک مشت پر آوارہ چمن میں — نکلی ہے یہ کس کی ہوس بال فشانی
یہ جان اگر بید مولہ کہیں دیکھے — رہ گئی ہے کسی موئے پریشاں کی فشانی
بھاتی ہے مجھے ایک طلب بوسہ میں یہ آن — لکنت سی اُلجھ جا کے تجھے بات نہ آنی

بسکہ ہے گردونِ دوں پرور، دنی — ہوئے پیوند زمیں یہ کشتنی
بزم میں سے اب تو چل اے رشک صبح — شمع کے منہ پر تو پھر گئی مُردنی
اس ستم دیدہ کی صحبت سے جگر لوہو ہے — آب ہو جائے کہ یہ دل خلۂ پہلو ہے
دہر بھی میر طرفہ مقتل ہے — جو ہے سو کوئی دم کو فیصل ہے
روز کہتے ہیں ملنے کو خوباں — لیکن اب تک تو روز اول ہے

قطعہ (بند)

ہجر باعث ہے بدگمانی کا — غیرتِ عشق ہے تو کب کل ہے
مر گیا کوہکن اسی غم سے — آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل ہے

Marfat.com

خنجر بکف وہ جب سے سفاک ہوگیا ہے
ملک ان ستم زدوں کا سب پاک ہوگیا ہے

دیوار کہنہ ہے یہ مت بیٹھ اس کے سائے
اُٹھ چل کہ آسماں سب کا داک ہوگیا ہے

زیر فلک بھلا تو رووے ہے آپ کو میر
کس کس طرح کا عالم یہاں خاک ہوگیا ہے

ساقی گھر چاروں اُور آیا ہے
دے بھی مے ابر زور آیا ہے

ذوق تیرے وصال کا، میرے
ننگے سر تا بہ گور آیا ہے

کل ہم سے اس سے بارے ملاقات ہوگئی
دو دو بچن کے ہونے میں اک بات ہوگئی

کن کن مصیبتوں سے ہوئی صبح شام ہجر
سو زلفیں ہی بناتے اسے رات ہوگئی

گردش نگاہ مست کی موقوف ساقیا
مسجد تو شیخ جیو کی خرابات ہوگئی

کتنا خلاف وعدہ ہوا ہوگا وہ کہ یہاں
نومیدی اور امید مساوات ہوگئی

اپنے تو ہونٹھ بھی نہ ہلے اس کے روبرو
رنجش کی وجہ میر وہ کیا بات ہوگئی

چل قلم غم کی رقم کوئی حکایت کیجے
ہر سر حرف پہ فریاد نہایت کیجے

قصد اگر امتحان ہے پیارے
اب تلک نیم جان ہے پیارے

سجدہ کرتے ہی سر کٹیں ہیں جہاں
سو ترا آستان ہے پیارے

میر عمداً بھی کوئی مرتا ہے
جان ہے تو جہان ہے پیارے

رباعیات (۱)

جز رونے سے محال ہے اٹھانا مجکو
خیلی کہے کوئی کوئی سیانا مجکو

سر سیدا لگا ہے نقش پا سے تیرے
سجدہ کو خدا کے بھی بجا نا مجکو

مسجد میں تو شیخ کو خردمنداں دیکھا
میخانہ میں جوش بادہ نوشاں دیکھا

اک گوشہ عافیت جہاں میں ہم نے
دیکھا سو محلۂ خموشاں دیکھا

---

(۱) پیرس: رباعی

Marfat.com

کاہے کو کوئی خراب خواری ہوتا کاہے کو کسی پہ جان بھاری ہوتا
دشنواہ ملاپ ہوتا تو سہتے اے کاش کہ عشق اختیاری ہوتا

جگ میں جوں شمع پانو جل کر رکھنا یا بن کے بگولا ہاتھ مل کر رکھنا
آیا ہے قمار خانۂ عشق میں تو سر بازی ہے یہاں قدم سنبھل کر رکھنا

کیا کرے بیاں مصیبت اپنی پیارے دن عمر کے میری غم میں گزرے سارے
رنج و ضعف و بلا، مصیبت، محنت پنپا ہی نہ میں توان دکھوں کے مارے

پیغمبر حق نے حق دیکھا یا اس کا معراج ہے کمترین پایا اس کا
سایہ جو اسے نہ تھا یہ باعث ہے گا کل حشر کو ہو گا سب پہ پایا اس کا

دل تجھ پہ جلے نہ کیونکہ میرا بیتاب یہاں مجکو توقع ہے کہ لاتا ہے جواب
وہاں ان نے شراب پی کے مستی میں میر کر کھائے بھی نامہ بر کبوتر کے کباب

Marfat.com

خاتمہ

بدانکہ ریختہ برچندیں قسم است۔ ازانجملہ آنچہ معلوم فقیر است نوشتہ می آید۔

اول آنکہ یک مصرعش فارسی و یک ہندی چنانچہ قطعہ (از) حضرت امیر (خسرو) علیہ الرحمۃ نوشتہ شد۔ دویم آنکہ نصف مصرعش ہندی و نصف (دیگرش) فارسی چنانچہ شعر میر معز (موسوی مرقوم) کہ نوشتہ آمد۔ سیوم آنکہ حرف و فعل فارسی بکار می برند و ایں قبیح است۔ چہارم آنکہ ترکیبات فارسی می آرند۔ اکثر ترکیب کہ مناسب زبان ریختہ می افتد، آں جائز است و ایں را غیر شاعر نمی داند و ترکیبے کہ نامانوس ریختہ می باشد، آں معیوب است و دانستن ایں نیز موقوف (بر) سلیقۂ شاعری است و مختار فقیر ہم ہمین است (کہ) اگر ترکیب فارسی موافق گفتگوے ریختہ بود، مضائقہ ندارد۔ پنجم ایہام است کہ در شاعران سلف این فن رواج داشت۔ اکنوں طبعہا مصروف ایں صنعت کم است مگر بسیار بہ شستگی بستہ شود۔ و معنی ایہام اینست کہ لفظے کہ بر و بناے بیت بود آں دو معنی داشتہ باشد، یکے قریب و یکے بعید و بعید منظور شاعر باشد و قریب متروک او۔ ششم انداز است کہ ما اختیار کردہ ایم و آں محیط ہمہ صنعتہا است۔ تجنیس (و) ترصیع (و) تشبیہ (و) صفائے گفتگو (و) فصاحت (و) بلاغت (و) ادابندی (و) خیال وغیرہ۔ ایں ہمہ ہا در ضمن ہمین است و فقیر ہم از ہمیں وتیرہ محظوظم۔ ہر کرا دریں فن طرز خاص است، ایں معنی را می فہمد، با عوام کار ندارم۔ اینکہ نوشتہ ام برائے یاران من بسند است

---

(۱) انجمن : اینکہ (۲) انجمن : پارسی

(۳) پیرس : نامناسب (۴) پیرس : و فقیر ہم ہمین اختیار کردہ است

(۵) انجمن : دریں (۶) پیرس : شکستگی (۷) پیرس : حرفے

Marfat.com

نہ برائے ہر کس زیرا کہ عرصۂ سخن وسیع است واز تلون چمنستان ظہور آگہم۔ مصر

ہر گلے را رنگ و بوے دیگر است

(وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ۔ وَتَمَّتْ بِالْخَیْرِ وَالْعَافِیَةِ)

ترقیمہ انجمن

تمام شد نکات الشعراء ہندی من تصنیف میر محمد تقی میر تخلص، بسعی الفرائش حضرت سید عبدالنبی صاحب وقبلہ عزلت تخلص۔ کاتب الحروف سید عبدالنبی ابن سید محمود ابن میر محمد رضا اصفہانی غفراللہ ذنوبہما وستر عیوبہما، در بلدۂ فرخندہ بنیاد ابد بنیاد۔ تحریر فی التاریخ ہفدہم رمضان المبارک ۱۱۶۲ھ یک ہزار یک صد و ہفتاد و دو من الہجرۃ النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم

ترقیمہ پیرس

بتاریخ ہفدہم شہر شوال روز چہار شنبہ سنہ ۱۱۶۳ ہجری در بندر سورت بموجب خواہش جمیع دوستان باتمام رسید۔

Nizami Book Agency
BUDAUN (U.P.)

Marfat.com